★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 19 رمضان المبارک 1446ھ، 20 مارچ 2025ء، 6 چیت 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 143

ڈیجیٹل لرننگ کے دور میں ترقی ٹیکنالوجی اور جدید تعلیم سے مشروط ہے، مریم نواز

نواز شریف آئی ٹی سٹی میں ٹوئن ٹاور اسی سال مکمل کرلیا جائیگا، نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت، سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ، اور فری لانسنگ کورسز کے مواقع دے رہے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

آئی ٹی سٹی میں نوجوانوں کو آئی ٹی ایجوکیشن اور روزگار کے مواقع ملیں گے، نواز شریف آئی ٹی سٹی میں عالمی سطح کی انفارمیشن ٹیکنالوجی یونیورسٹیاں کیمپس قائم کرنے کیلئے دلچسپی کا اظہار کر رہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کے نوجوانوں کو جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے ممکنہ مواقع فراہم کر رہے ہیں، سی ایم لیپ ٹاپ سکیم پنجاب کے طلبہ کے لئے انقلابی قدم ثابت ہوگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈیجیٹل لرننگ ڈے پر اپنے پیغام میں کہا کہ ڈیجیٹل لرننگ کے دور میں ترقی ٹیکنالوجی اور جدید تعلیم سے مشروط ہے۔ پنجاب میں نوجوانوں کو انٹرنیشنل مارکیٹ بیسڈ ایڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

کوئٹہ، صدر مملکت آصف علی زرداری اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نئے وزیر مملکت برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات ارمغان سبحانی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

اسلام آباد (این این آئی) نئے وزیر مملکت برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات ارمغان سبحانی نے اپنے عہدے کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

وزیراعظم کی جانب سے بجلی کے نرخ میں 8 روپے فی یونٹ کمی کا اعلان متوقع

ٹیرف میں کمی یکم اپریل 2025 سے موثر ہوگی، عوام کو مئی میں کم کیے گئے بل موصول ہوں گے

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے 23 مارچ کو بجلی کے نرخ میں 8 روپے فی یونٹ کمی کا اعلان متوقع ہے، ٹیرف میں کمی یکم اپریل 2025 سے موثر ہوگی جبکہ عوام کو مئی میں کم کیے گئے بل موصول ہوں گے۔ میڈیا رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

چینی کی قیمت 164 روپے کلو تجاوز نہیں کرنی چاہیے، نائب وزیراعظم

خبروں کے مطابق چینی کی قیمت 178 سے 179 روپے تک پہنچ گئی ہے جو واضح طور پر وزیراعظم کے لیے ناقابل برداشت ہے: اسحٰق ڈار کا بیان

ہم ایک مناسب قیمت پر پہنچنا چاہ رہے ہیں تاکہ عام عوام کو ریلیف مل سکے جہاں شوگر ملز کو نقصان نہیں ہو، اس لیے ان اعداد و شمار کے لیے ذیلی کمیٹی بنائی جا رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار نے مسابقتی کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) کی جانب سے شوگر ملز کو قیمتوں میں ہیرا پھیری کے خلاف خبردار کرنے کے بعد کہا ہے کہ چینی کی خوردہ قیمتیں 164 روپے سے زیادہ نہیں ہونی چاہئیں۔ اہم اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے نائب وزیراعظم نے کہا کہ خبروں کے مطابق چینی کی قیمت 178 سے 179 روپے تک پہنچ گئی ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

پی ٹی آئی قومی سلامتی نہیں فوج کی وردیاں اچھالنے کیلئے اکٹھی ہو جاتی ہے، مریم اورنگزیب

جب بھی کوئی دہشت گردی کا واقعہ ہوتا ہے فوج کے خلاف بیانیہ بنانا شروع کر دیتے ہیں، پوری قوم اور سیاسی جماعتیں فوج کے پیچھے کھڑی ہیں سوائے پی ٹی آئی کے

دہشت گرد چاہتے تھے کہ مغویوں کو محبوس کر کے معاملے کو طول دیا جائے، مگر پاک فوج نے 36 گھنٹوں میں تمام مغوی بازیاب کروائے اور دہشت گردوں کا قلع قمع کیا، سینئر وزیر پنجاب

لاہور (این این آئی) سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قومی سلامتی پر نہیں، فوج کی وردیاں اچھالنے کیلئے اکٹھی ہو جاتی ہے۔ صوبائی دارالحکومت میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ آج کی پریس کانفرنس حکومتی کامیابیوں اور ریلیف سے متعلق نہیں بلکہ جعفر ایکسپریس کے افسوسناک سانحے سے متعلق ہے۔ انہوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

دہشتگرد عناصر کو ہر قیمت پر شکست دیں گے، صدر زرداری

صدر مملکت آصف علی زرداری کی زیر صدارت امن و امان کی صورت حال پر اہم اجلاس منعقد ہوا، بلوچستان کی ترقی اور پائیدار امن اور صوبے کے ہر بچے کو اسکول میں دیکھنا چاہتے ہیں، آصف علی زرداری

دہشت گرد قوم کو تقسیم کرنا چاہ رہے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ جیتنی ہے لہذا انسداد دہشت گردی ونگ کو جدید اسلحہ فراہم کریں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کو صوبے میں امن و امان کی صورت حال پر بریفنگ دی

کوئٹہ (ویب ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان میں ترقی اور پائیدار امن پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر کو ہر قیمت پر شکست دیں گے۔ کوئٹہ میں صدر مملکت آصف علی زرداری کی زیر صدارت امن و امان کی صورت حال پر اہم اجلاس منعقد ہوا جہاں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

جدہ، وزیراعظم شہباز شریف ڈپٹی گورنر مکہ شہزادہ سعود بن مشال بن عبدالعزیز سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم نے 2025 کی شجر کاری مہم کا آغاز کر دیا

پوری قوم بالخصوص نوجوان اور کسان مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے 2025 کی شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا ہے، شجرکاری مہم کے دوران چاروں صوبوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 4 کروڑ 17 لاکھ پودے لگائے جائیں گے جبکہ وزیراعظم نے کہا ہے کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثرہ 10 ممالک میں شامل ہے، درخت ہمارے ماحول کو بہتر بنانے میں مدد دیتے ہیں، پوری قوم اور بالخصوص (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم 4 روزہ سرکاری دورے پر سعودی عرب چلے گئے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ سعودی عرب کے 4 روزہ سرکاری دورے پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

پنجاب میں فری وائی فائی سروس کا دائرہ مزید وسیع

سروس کی جدید ٹیکنالوجی وائی فائی 6 پر منتقلی سے مزید تیز انٹرنیٹ دستیاب ہوگا، ترجمان

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں سی ایم فری وائی فائی سروس کے دائرہ کار کو مزید بڑھا دیا گیا۔ لاہور میں مفت وائی فائی سروس کے مقامات کی تعداد 200 سے بڑھا کر 230 کر دی گئی ہے جبکہ اس سروس کو جدید ٹیکنالوجی وائی فائی 6 پر منتقل کر دیا گیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف چار روزہ سرکاری دورے کیلئے سعودی عرب جا رہے ہیں

جن لوگوں نے بندوق اٹھائی ان سے مذاکرات نہیں ہونے چاہئیں، رانا ثنا

قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کا طویل اجلاس ہوا جس میں ڈائریکٹر جنرل ملٹری آپریشنز نے شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دی جو قابل غور تھی

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ جن لوگوں نے بندوق اٹھائی ان سے مذاکرات نہیں ہونے چاہئیں، قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کا طویل اجلاس ہوا جس میں ڈائریکٹر جنرل ملٹری آپریشنز نے شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دی جو قابل غور تھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن اپنی رہائشگاہ پر افطار پارٹی کے موقع پر صوبائی وزراء کا استقبال کر رہے ہیں

جعفر ایکسپریس کی بوگیاں کوئٹہ پہنچ گئیں، بوگیوں سے 3 دستی بم برآمد

بوگیوں کی مرمت کا کام جاری، دہشت گرد حملے میں جعفر ایکسپریس کی 5 بوگیاں متاثر ہوئی تھیں

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں دہشت گرد حملے سے متاثرہ جعفر ایکسپریس کی بوگیوں سے 3 دستی بم برآمد کیے گئے ہیں۔ ریلوے پولیس کے مطابق ریلوے اسٹیشن کے قریب لوکو شیڈ پر کھڑی ٹرین کی بوگیوں سے برآمد دھماکا خیز مواد کو ناکارہ بنا دیا گیا ہے۔ ریلوے حکام کا کہنا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

پی ٹی آئی کو مینار پاکستان جلسے کی اجازت پر پنجاب حکومت سے جواب طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کو مینار پاکستان پر جلسے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

رانا مشہود احمد کی زیر صدارت پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے حوالے سے تقریب

لاہور (این این آئی) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے حوالے سے مقامی ہوٹل میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

ملتان: سابق رکن صوبائی اسمبلی سلطانہ اور روبینہ شاہین سینئر وزیر مریم اورنگزیب سے ملاقات کر رہی ہیں

پاکستان بزنس فورم نے وزارت خزانہ کو بجٹ تجاویز 2025-26 ارسال کر دیں

تاجروں پر ماہانہ فکس ٹیکس لگانے کی سفارش تاکہ ٹیکس بیس میں اضافہ ہو سکے، خواجہ محبوب الرحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) صدر پاکستان بزنس فورم خواجہ محبوب الرحمٰن نے وزارت خزانہ کو بجٹ تجاویز 2025-26 ارسال کر دیں۔ تفصیلات میں پاکستان بزنس فورم نے فائلرز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

اگر عمران خان اور ہم دہشتگرد ہیں تو پھر بات ختم ہو گئی، فواد

جنرل راحیل شریف کا کریڈٹ ہے کہ انہوں نے کہ اے پی ایس سانحے کے بعد پورے پاکستان کو اکٹھا کر لیا تھا، رہنما پی ٹی آئی

ہماری لیڈر شپ میں وہ چیز نہیں آئی کہ وہ لوگوں کو اکٹھا کر سکے، انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے بات چیت

لاہور (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ اگر بانی پی ٹی آئی اور ہم دہشت گرد ہیں تو پھر بات ختم ہو گئی ہے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا کہ کل جب قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس ہوا تو علی امین گنڈاپور نے کہا کہ پہلے یہ طے کر لیں کہ دہشتگرد کون ہے؟ انہوں نے کہا کہ اس وقت انسداد دہشت گردی عدالتوں میں سب سے زیادہ پی ٹی آئی کے کیسز چل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

دشمن کے پیچھے ہم کسی بھی ملک میں کارروائی کر سکتے ہیں، وزیر دفاع کا انتباہ

بانی پی ٹی آئی کے دور میں ٹی ٹی پی کو واپس اس لیے لایا گیا تھا تاکہ ایک نجی ملیشیا قائم کی جا سکے، خواجہ آصف کا انٹرویو

افغان حکومت ٹی ٹی پی کی پشت پناہی کر رہی ہے، ملک دشمن عناصر کو محفوظ پناہ گاہ فراہم کرنے والی قوتوں کے خلاف بھرپور کارروائی کر سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایک انٹرویو میں کہا کہ دشمن کے پیچھے ہم کسی بھی ملک میں کارروائی کر سکتے ہیں۔ وزیر خارجہ نے ایک نجی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے دشمن کے پیچھے ہمیں کسی بھی ملک میں جانا پڑا تو ہم جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک دشمن عناصر کو محفوظ پناہ گاہ فراہم کرنے والی قوتوں کے خلاف بھرپور کارروائی کر سکتے ہیں۔ کالعدم تنظیم ٹی ٹی پی کے حوالے سے خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

قرآن کی تعلیم لازمی قرار دینے کا معاملہ، صوبائی حکومتوں سے جواب طلب

حکومت کو اپنا کام کرنے دیں، عدالت کیوں مداخلت کرے؟ جسٹس جمال کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) قرآن کی تعلیم لازمی قرار دینے کے معاملے میں سپریم کورٹ نے صوبائی حکومتوں سے جواب طلب کر لیا۔ سپریم کورٹ میں قرآن پاک کی تعلیم لازمی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

لاہور: وزیر اوقاف شافع حسین اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

غزہ پر اسرائیلی جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، سعودی عرب

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے غزہ میں اسرائیلی فوج کی جانب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

اسرائیل کا دوگنی طاقت کے ساتھ غزہ پر حملے جاری رکھنے کا اعلان

حماس اور اسلامی جہاد کے اہداف کے خلاف حملے جاری رکھیں گے، اسرائیلی فوج کا بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے غزہ میں کشیدگی روکنے کے ثالث ممالک کے مسترد کرنے کے ساتھ ساتھ پوری طاقت کے ساتھ غزہ میں حملے جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج نے ایک بیان میں اعلان کیا کہ وہ اور داخلی سلامتی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب کو گرفتار کر کے عدالت میں پیش کرنے کا حکم

عمر ایوب پر 26 نومبر احتجاج کے مقدمات درج ہیں، جس میں وہ اور ان کے وکیل عدالت میں پیش نہیں ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب کی ضمانت عدالت نے خارج کر دی اور انہیں گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

عالمی بینک نے پاکستان کیلئے 10 کروڑ 20 لاکھ ڈالرز قرض کی منظوری دیدی

واشنگٹن (این این آئی) عالمی بینک نے پاکستان کے لیے 10 کروڑ 20 لاکھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

تربیلا ڈیم ڈیڈ لیول پر پہنچ گیا، منگلا ڈیم بھی ڈیڈ لیول کے قریب

تربیلا (این این آئی) پانی کے حوالے سے خطرے کی گھنٹی بج گئی، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

بلوچستان، اے این ایف کی کارروائی، بڑی مقدار میں منشیات برآمد

واشک (این این آئی) محکمہ انسداد منشیات (اے این ایف) نے بلوچستان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

لاہور: وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کا طلبا اور اساتذہ کیساتھ گروپ فوٹو

لاہور پولیس کا اشتہاری و عادی مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن بلاتعطل جاری

رواں سال 6478 اشتہاری اور 2305 عادی مجرمان گرفتار کیے گئے، ترجمان لاہور پولیس

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کی جانب سے اشتہاری و عادی مجرمان کے خلاف مختلف کارروائیوں میں رواں سال 6478 اشتہاری اور 2305 عادی مجرمان کی گرفتاری عمل میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

شدید کوششوں کے باوجود اسرائیل نے جنگ بندی کی ثالثوں کی پیشکش مسترد کر دی

تل ابیب (این این آئی) محصور کی گئی غزہ کی پٹی میں آج منگل کی صبح سے اسرائیلی نے پھر وحشیانہ حملے شروع کر دیے ہیں۔ ان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

سنیتا ولیمز کی خلا سے واپسی، ڈولفنز کا شاندار استقبال

نیویارک (این این آئی) سنیتا ولیمز اور دیگر خلا بازوں کے خلا میں 9 ماہ گزارنے کے بعد زمین پر قدم رکھنے پر ڈولفنز نے ان کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

لاہور: وزیر قانون پنجاب ملک صہیب بھرتھ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اوقاف کی زمینوں پر تعلیمی ادارے اور ہسپتال بنائے جائیں گے، شافع حسین

ترقیاتی سکیموں کی بروقت، معیاری اور شفاف تکمیل یقینی بنائی جائے، ترقیاتی سکیموں کی تکمیل میں کوئی رکاوٹ حائل نہیں ہونی چاہیے

صوبائی وزیر کی زیر صدارت اجلاس، محکمہ اوقاف و مذہبی امور کی سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی سکیموں پر پیش رفت کا جائزہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پیسک ہاؤس ڈیوس روڈ پر اجلاس منعقد ہوا۔ محکمہ اوقاف و مذہبی امور کی سالانہ ترقیاتی پروگرام 25 - 2024 کے تحت جاری ترقیاتی سکیموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے سال 26- 2025 کیلئے نئی سکیموں پر بھی غور کیا گیا۔ سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ترقیاتی سکیموں پر پیش رفت بارے بریفنگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

بانی پی ٹی آئی کا ایجنڈا ملک میں عدم استحکام پیدا کرنا ہے، احسن افضل کھوکھر

قومی مفاد پر سیاسی مخالفت کو ترجیح دینے والوں کا گھناؤنا چہرہ قوم نے دیکھ لیا، رہنما مسلم لیگ (ن)

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما ملک احسن افضل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

حکومت نے ڈیجیٹل پرائز بانڈز کے قواعد جاری کر دیئے

لاہور (این این آئی) حکومت نے بہتر معاشی دستاویزات، شفافیت اور احتساب کو فروغ دینے کے لیے ڈیجیٹل پرائز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

لاہور: ممبر صوبائی اسمبلی سیف الملوک کھوکھر کا ڈاکٹر ذاکر نائیک کیساتھ گروپ فوٹو

اسرائیل ہتھیار ڈالنے کے معاہدے کو مسلط کرنے کی کوشش کر رہا ہے، حماس

تل ابیب (این این آئی) بین الاقوامی مطالبات کے باوجود جنگ بند کرنے سے انکار کے بعد حماس نے اسرائیل پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ غزہ میں اپنے حالیہ حملوں کے ذریعے ہتھیار ڈالنے کے معاہدے کو مسلط کرنے کی کوشش کر رہا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات

آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین و اہلخانہ کے مسائل سننے کے بعد فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

مصطفیٰ عامر قتل کیس، ملزم ارمغان کے والد کو شامل تفتیش کرنے کا فیصلہ

کامران اصغر قریشی کو گرفتار نہ کیا گیا تو وہ کسی بھی وقت فرار ہو سکتا ہے، ذرائع

کراچی (این این آئی) مصطفیٰ عامر قتل کیس میں مرکزی ملزم ارمغان کے والد کامران اصغر قریشی کو شامل تفتیش کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ پولیس نے انسداد دہشت گردی کی خصوصی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

صوبائی وزیر بلال اکبر خان کا پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی کے بس ڈپو کا دورہ

الیکٹرک بسوں، سٹوڈنٹس کو بائیکس کی ڈیلیوری پر پیشرفت کا بھی جائزہ لیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ بلال اکبر خان نے پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی کے گرین ٹاؤن بس ڈپو کا دورہ کیا جہاں انہوں نے الیکٹرک بسوں اور اس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے عراق کے قونصل جنرل ڈاکٹر مہر مجاہد جیجان وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات میں درخواستوں پر ریلیف کے احکامات جاری کر رہے ہیں



چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

چین کے آئس بریکر شوئے لونگ 2 کو نیوزی لینڈ میں سیاحوں کے لئے کھول دیا گیا

ویلنگٹن (شنہوا) چینی محقق آئس بریکر شوئے لونگ 2 یا سنوڈریگن 2 نے نیوزی لینڈ کے شہر کرائسٹ چرچ کی لٹلٹن بندرگاہ پر اپنے ڈیک کو عوام کے لئے کھول دیا، اس میں مقامی حکام اور عوام کے مختلف شعبوں سے وابستہ تقریباً 600 افراد نے شرکت کی۔ چین کی 41 ویں انٹارکٹک مہم کے دوران شوئے لونگ 2 نے کرائسٹ چرچ میں اس سفر کا دوسرا قیام کیا ہے۔ دورے کے ایک حصے کے طور پر چینی اور نیوزی لینڈ انٹارکٹک محققین نے جہاز پر ایک تعلیمی سیمینار بھی منعقد کیا جس میں قطبی سمندری حیاتیات، کیمیا اور ارضیات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اپنے بندرگاہ کے دورے کے دوران شوئے لونگ 2 نے عملے کی تبدیلی کی اور رسد کی فراہمی کے بعد اپنے مشن کو جاری رکھنے کے لیے بحیرہ روس میں ایک سمندری سروے کے لیے روانہ ہوگیا۔

ناسا کے پھنسے ہوئے خلانورد خلا سے زمین پر واپس پہنچ گئے

لاس اینجلس (شنہوا) گزشتہ جون سے بین الاقوامی خلائی مرکز (آئی ایس ایس) پر پھنسے ہوئے ناسا کے خلانورد سونی ولیمز اور بوچ ولمور منگل کی دوپہر زمین پر واپس پہنچ گئے۔ دونوں خلانورد اپنے ساتھی کریو-9 کے خلانوردوں کے ساتھ سپیس ایکس کے ڈریگن خلائی جہاز پر واپس آئے جن میں ناسا کے خلانورد نک ہیگ اور روسکوسموس کے خلانورد الیگزینڈر گوربونو شامل ہیں۔ ناسا کی براہ راست نشریات کے مطابق خلائی جہاز منگل کی شام مشرقی وقت کے مطابق 5 بج کر 57 منٹ (پاکستانی وقت کے مطابق بدھ کے روز 2 بج کر 57 منٹ) پر فلوریڈا کے ساحل پر اترا۔ عملے نے منگل کی صبح آئی ایس ایس سے الگ ہو کر واپسی کے 17 گھنٹے کے سفر کی ابتدا کی۔ خلائی جہاز نے اپنا مدار کم کرنے کے کئی عوامل انجام دیئے اور زمین کے ماحول میں دوبارہ داخل ہونے کے بعد پیراشوٹ کی مدد سے فلوریڈا کے ساحل کے ساتھ پانی میں اتر گیا۔ خلائی ادارے کے مطابق منگل کی شام کے لئے سازگار موسمی حالات کی پیشگوئی کے باعث عملہ ناسا کے ہدف سے ایک دن قبل ہی واپس پہنچ گیا۔ خلائی ادارے نے ہفتے کے آخر میں موسمی حالات کے حوالے سے خدشات کا اظہار کیا تھا۔ ولیمز اور ولمور آئی ایس ایس لے جانے والے بوئنگ کے سٹار لائنر میں تھے۔

زخمی اہلکاروں کو طبی اخراجات کی ادائیگی کیلئے مزید 47 لاکھ 50 ہزار روپے کی رقم جاری کردی

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور سمیت مختلف اضلاع کے زخمی اہلکاروں کو طبی اخراجات کی ادائیگی کیلئے مزید 47 لاکھ 50 ہزار روپے کی رقم جاری کر دی۔ تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ زخمی کانسٹیبل محمد شاہ زیب کو میڈیکل اخراجات کیلئے 15 لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔ اسی طرح زخمی کانسٹیبل نصرت خان کو بھی طبی اخراجات کیلئے 15 لاکھ روپے جاری کیے گئے جبکہ زخمی سب انسپکٹر واصف منیر کو علاج معالجے کی مد میں 10 لاکھ روپے دیئے گئے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ زخمی کانسٹیبل مدثر احمد کو میڈیکل اخراجات کیلئے 05 لاکھ روپے دیئے گئے جبکہ زخمی ہیڈ کانسٹیبل محمد عمران، کانسٹیبل علی اکبر، غازی یونس رضا کو طبی اخراجات کیلئے مجموعی طور پر اڑھائی لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔

6478 اشتہاری اور 2305 عادی مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی

لاہور، (ایم رپورٹر) لاہور پولیس کی جانب سے اشتہاری و عادی مجرمان کے خلاف مختلف کارروائیوں میں رواں سال 6478 اشتہاری اور 2305 عادی مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔ یہ بات ترجمان لاہور پولیس نے آج یہاں جاری اپنے بیان میں کہی۔ ترجمان نے بتایا کہ کینٹ ڈویژن سے 1476، سول لائنز سے 573، سٹی سے 1312، اقبال ٹاؤن سے 1254، صدر سے 878 اور ماڈل ٹاؤن سے 985 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ جبکہ کینٹ ڈویژن سے 347، سول لائنز سے 198، سٹی سے 681، اقبال ٹاؤن سے 587، صدر سے 256 اور ماڈل ٹاؤن سے 236 عادی مجرمان کو حراست میں لیا گیا ہے۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہیومن انٹیلی جنس اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی جا رہی ہے۔ سی سی پی او لاہور نے سنگین مقدمات کے اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کیلئے کارروائیوں میں تیزی لانے کی ہدایات کرتے ہوئے کہا کہ ڈویژنل افسران اشتہاریوں کی گرفتاری کے لئے ٹارگٹڈ آپریشنز کی خودنگرانی کریں۔

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر موجودہ سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر پنجاب پولیس کیجانب سے صوبہ بھر میں انٹیلی جنس بیسڈ سرچ اینڈ سویپ آپریشنز جاری

لاہور (ایم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر موجودہ سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر پنجاب پولیس کیجانب سے صوبہ بھر میں انٹیلی جنس بیسڈ سرچ اینڈ سویپ آپریشنز جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق، گزشتہ 24 گھنٹے میں 43 سرچ اینڈ سویپ آپریشنز، 467 افراد کی شناخت اور پوچھ گچھ کی گئی۔ 343 کومبنگ آپریشنز، 8606 مشتبہ افراد کی چیکنگ، 55 مشکوک افراد زیر حراست لئے گئے۔ سرچ آپریشنز، چیکنگ کے دوران سنگین جرائم میں ملوث 309 اشتہاری، 141 عدالتی مفرور، 62 عادی مجرمان گرفتار کیے گئے۔

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین و اہلخانہ کے مسائل سننے کے بعد فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق، ڈی ایس پی حسن افتخار کی ٹرانسفر کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت کی۔ اسی طرح انسپکٹر مظہر اقبال کی ٹرانسفر کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت دی جبکہ ریٹائرڈ انسپکٹر محمد سعید اختر کی درخواست پر ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو کو ریلیف کی ہدایت کی۔ اسی طرح کانسٹیبل ذیشان خان کی مالی امداد کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ریلیف کی ہدایت دی۔

واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ بلدیاتی ایکٹ 2025ء میں غیر جمہوری شقوں کیخلاف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

آزاد اور غیر جانبدارانہ بلدیاتی انتخابات ہی شہری مسائل کا واحد حل ہیں

مجوزہ لوکل گورنمنٹ بلدیاتی ایکٹ 2025ء پری پول رگنگ اور من پسند نتائج کیلئے پیش کیا گیا

بلدیاتی انتخابات میں نئے پیش ہونے والے لوکل گورنمنٹ ایکٹ کو فوری واپس لیا جائے

سپریم کورٹ کے فیصلے کے برعکس غیر جماعتی بلدیاتی انتخابات 2025ء قابل قبول نہیں ہوں گے

ایکٹ میں مخصوص نشستوں اور بلدیاتی اداروں کے تمام سربراہان کا انتخاب اور طریقہ کار بھی مشکوک بنایا گیا ہے

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے بلدیاتی ایکٹ 2025ء کے خلاف سانده روڈ پر احتجاجی پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ آزاد اور غیر جانبدارانہ بلدیاتی انتخابات ہی شہری مسائل کا واحد حل ہیں۔ مجوزہ لوکل گورنمنٹ بلدیاتی ایکٹ 2025ء پری پول رگنگ اور من پسند نتائج کیلئے پیش کیا گیا۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے برعکس غیر جماعتی بلدیاتی انتخابات 2025 قابل قبول نہیں ہونگے۔ لوکل گورنمنٹ کے بلدیاتی ایکٹ 2025 کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی لاہور نے مزید کہا کہ مجوزہ لوکل گورنمنٹ کمیشن، لوکل بورڈ، لوکل گورنمنٹ فنانس کمیشن کے ذریعے اختیارات صوبائی حکومت اور ضلعی سطح پر عملاً بقایا اختیارات سرکاری افسران کو منتقل کیے جائیں گے۔ بلدیاتی ایکٹ 2025ء میں ہارس ٹریڈنگ اور خرید وفروخت کا راستہ کھولا گیا ہے۔ ایکٹ میں مخصوص نشستوں اور بلدیاتی اداروں کے تمام سربراہان کا انتخاب اور طریقہ کار بھی مشکوک بنایا گیا ہے۔ حلقہ بندیوں کیلئے ایکٹ کے اندر کوئی رہنمائی موجود نہیں۔ حکومت من پسند اور اپنے نمائندوں کی مرضی سے حلقہ بندیوں کا تعین کریگی۔ بلدیاتی ایکٹ 2025ء پیش کرنے کے ساتھ ہی انتخابات کے انعقاد کی تاریخ کا اعلان ہونا چاہیے تھا۔ مگر بدقسمتی سے قانون پیش کرنے کے بعد بھی الیکشن کی تاریخ اعلان نہیں کیا گیا جس سے انتخابات کے مکانات معدوم نظر آتے ہیں۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے میڈیا نمائندگان کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ گذشتہ 10 سال سے پنجاب میں بلدیاتی الیکشن نہ کرواکر آئین کی خلاف ورزی کی گئی۔ پنجاب میں بلدیاتی الیکشن نہ کرواکر آئین کے آرٹیکل 140 اے کی خلاف ورزی کی گئی۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی لاہور نے کہا کہ پنجاب حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ بلدیاتی انتخابات میں نئے پیش ہونے والے والے لوکل گورنمنٹ ایکٹ کو فوری واپس لیا جائے۔ آزادانہ بلدیاتی انتخابات کیلئے بحلقہ بندیوں کا تعین کیا جائے۔ فی الفور بلدیاتی انتخابات 2025ء کی تاریخ کا اعلان کیا جائے۔ مخصوص نشستوں اور بلدیاتی اداروں کے تمام سربراہان کے انتخاب کے عمل کو شفاف بنانے کیلئے انکے براہ راست انتخاب کا طریقہ اختیار کیا جائے۔ انتخابات میں ہارس ٹریڈنگ اور خرید وفروخت کے تمام راستوں کو بند کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سانده روڈ پر جماعت اسلامی لاہور کے دفتر بلدیاتی ایکٹ 2025ء کے خلاف پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی لاہور اظہر بلال، صدر سیاسی کمیٹی جماعت اسلامی لاہور خالد احمد بٹ، سیکرٹری اطلاعات جماعت اسلامی لاہور عبدالعزیز عابد موجود تھے۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

چوہدری لاڈا گجر کی والدہ کے ایصال ثواب کیلئے دعائے مغفرت کے بعد محمد نیئر چوہان، چوہدری الیاس گجر، عمران مغل، محمد نعیم گجر اور محمد وقاص گجر کا گروپ فوٹو

والڈسٹی اتھارٹی لاہور کی جانب سے اکبری منڈی میں مرمت وبحالی کے کام کا آغاز کردیا گیا

اس منصوبے کے تحت قدیم اکبری گیٹ کی دوبارہ تعمیر اور مارکیٹ کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری شامل ہے

لاہور (تخلیق صدیقی سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں لاہور کی تاریخی اکبری مصالحہ مارکیٹ کی بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اس منصوبے کے تحت قدیم اکبری گیٹ کی دوبارہ تعمیر اور مارکیٹ کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری شامل ہے۔ والڈسٹی اتھارٹی اس منصوبے پر عملدرآمد کر رہی ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا "یہ منصوبہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کا حصہ ہے، جو نہ صرف لاہور کے تاریخی ورثے کے تحفظ بلکہ معیشت اور سیاحت کے فروغ کے لیے بھی ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔" وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ دکانوں کے سائن بورڈز اور مصالحہ جات کے ریک کو نئے سرے سے ڈیزائن کیا جائے گا جبکہ پیدل چلنے والوں کے لیے راستے کھلے رکھے جائیں گے اور سہولیات میں بہتری لائی جائے گی۔ والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل کامران لاشاری نے کہا کہ " قدیم اکبری دروازہ کی دوبارہ تعمیر اس کی تاریخی شناخت کو بحال کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔ مارکیٹ میں سولر لائٹس نصب کی جائیں گی تاکہ ماحول دوست روشنی کا نظام فراہم کیا جاسکے۔ اس منصوبہ کو 61.999 ملین روپے کی لاگت سے مکمل کیا جائے گا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف اس منصوبے کی خودنگرانی کر رہی ہیں تاکہ لاہور کے اس ثقافتی اور تجارتی مرکز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جاسکے اور شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

سیکرٹری اوقاف کی سرکردگی میں اوقاف کا تعمیر وترقی کی طرف ایک اور اہم قدم

تاریخ میں پہلی مرتبہ وقف اراضی کے نیلام عام کو ایک معتبر دستاویز کی صورت میں شائع کر کے عامۃ الناس کو استفادہ کے لیے مدعو کیا گیا ہے: سیکرٹری اوقاف

شیڈول
نیلام عام
برائے سال 2025-26

لاہور (صابر غوری) سیکرٹری اوقاف/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی سرکردگی میں اوقاف کا تعمیر وترقی کی طرف ایک اور اہم قدم، اوقاف نے شیڈول نیلام عام وقف اراضیات/ٹھیکہ جات 2025-26 کا "بک لٹ" جاری کردیا۔ تاریخ میں پہلی مرتبہ وقف اراضی کے نیلام عام کو ایک معتبر دستاویز کی صورت میں شائع کر کے عامۃ الناس کو اوقاف کی زرخیز اور قیمتی اراضی سے استفادہ کے لیے مدعو کیا گیا ہے، جس میں نیلام کی شرائط، اس کا دورانیہ اور دیگر قواعد وضوابط کی تفصیل درج ہے۔ نیلام عام میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے ہیڈ آفس سمیت دویژنل سطح پر "کمپلینٹ سیل" قائم کردیے ہیں۔ شکایت کنندگان نیلام عام کے حوالے سے اپنی شکایات "کمپلینٹ سیل" میں جمع کروائیں، بروقت کارروائی ہوگی۔ وقف اراضیات کی مانیٹرنگ کے لیے "ورکنگ گروپ" بھی تشکیل دے دیا گیا ہے۔ گروپ صوبہ بھر میں جاری نیلام عام کے ہمہ وقت جائزے کا فریضہ سر انجام دے گا۔ سیکرٹری اوقاف نے نیلام عام وقف اراضیات/ٹھیکہ جات 2025-26 کی جامع راہنمائی اور منصوبہ بندی کے حوالے سے ایوان اوقاف میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے مزید کہا کہ وقف اراضیات کی نیلامی کے حالیہ سیزن کا بھرپور توانائی کیساتھ آغاز کیا گیا ہے۔ مالی وسائل میں ہمہ وقت اضافہ، اوقاف ٹیم کی اولین ترجیح ہے۔ وقف اراضیات/ٹھیکہ جات کی زیادہ سے زیادہ پیداواریت کو یقینی بنادیا۔ انہوں نے کہا کہ وقف پراپرٹی ایڈمنسٹریشن رولز کے مطابق زرعی اراضی ابتدائی طور پر ایک سال کے لیے "نیلام عام" کے ذریعے لیز پر دی جاتی ہے، مابعد اس میں دو سال تک بیس، بیس فیصد اور مزید دو سال دس، دس فیصد اضافے کے ساتھ توسیع کی گنجائش موجود ہے۔ یوں ایک پٹے دار پانچ سال تک وقف زمین سے بذریعہ پٹے داری استفادہ کرسکتا ہے، جو کہ ایک مناسب امر ہے۔ اوقاف نیلام عام کے قواعد وضوابط اور شرائط کی بہم رسانی اور شیڈول کی تشہیر کے لیے محکمانہ سطح پر "بک لٹ" کی اشاعت کا اہتمام کیا گیا، جو ایک مستحسن قدم ہے۔ مزید یہ کہ وقف اراضیات کی نیلامی کے شیڈول کو آئندہ پانچ سال کے لیے ترتیب دے کر اوقاف ویب سائٹ https://auqaf.punjab.gov.pk پر اَپ لوڈ کردیا گیا ہے۔

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین کا پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب

لاہور (صابر غوری) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے حوالے سے مقامی ہوٹل میں تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سکل ڈویلپمنٹ ایک ماہ قبل محکمہ صنعت وتجارت وسرمایہ کاری کا حصہ تھا۔ ٹیوٹا کو اب وزارت صنعت وتجارت وسرمایہ کاری سے علیحدہ کردیا گیا ہے۔ ٹیوٹا کے 350 اداروں میں ٹیکنیکل ایجوکیشن فراہم کی جارہی ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ٹیکنیکل ایجوکیشن کے فروغ کیلئے فنڈز فراہم کئے جن سے ٹیوٹا کے اداروں کی لیبز اور کورسز کو اپ گریڈ کیا گیا اور ٹیوٹا کے اداروں میں 3 ماہ کے مفت آئی ٹی کورسز شروع کئے گئے۔ بچوں کو آرٹیفیشل انٹیلیجنس، مشین لرننگ اور دیگر جدید کورسز مفت کروائے گئے۔ ان کورسز کی انٹرنیشنل سرٹیفکیشن بھی کرائی جارہی ہے اس کے علاوہ بچوں کو آن لائن تکنیکی تربیت کی فراہمی بھی شروع کی گئی۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت نے کہا کہ بیرون ممالک ہنرمند افرادی قوت کی بہت ڈیمانڈ ہے اور حکومت چاہتی ہے کہ نوجوان لیگل طریقے سے باہر جائیں اور ملک کیلئے قیمتی زرمبادلہ کمائیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیوٹا کے اداروں میں سولر سٹڈیز کا آغاز کیا گیا اور انڈسٹری کو سولر انرجی پر منتقل کرنے کا بھی آغاز کیا۔

ٹرمپ کی جانب سے محصولات بڑھانے سے عالمی تشویش میں اضافہ

واشنگٹن (شنہوا) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی محصولاتی حکمت عملی، جس میں 25 فیصد کا یونیورسل سٹیل اور ایلومینیم ٹیرف اور 2 اپریل سے شروع ہونے والے عالمی مساوی محصولات شامل ہیں، نے ملکی اور عالمی سطح پر اس کے معاشی اثرات پر وسیع پیمانے پر تشویش پیدا کی ہے۔ دی گارڈین میں شائع ہونے والے ایک سروے سے پتہ چلتا ہے کہ 72 فیصد امریکی محصولات کے بارے میں فکرمند ہیں، جو جنوری میں 61 فیصد سے زیادہ ہیں۔ سروے کے مطابق معاشی غیر یقینی صورتحال کی عکاسی سیاسی خطوط پر ہوتی ہے، جس میں 90 فیصد ڈیموکریٹس اور 57 فیصد ریپبلکنز نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ سروے سے پتہ چلتا ہے کہ بہت سے لوگوں کو طویل مدتی نقصان کا خدشہ ہے، 66 فیصد امریکیوں کا خیال ہے کہ امریکی معیشت کو ٹرمپ کے محصولات سے نکلنے میں سالوں لگیں گے۔ ہیرس پول کے سی ای او جان گرزیما نے کہا کہ محصولات کے معیشت پر دیرپا اور ناقابل پیش گوئی اثرات مرتب ہونے کے خدشات بڑھ رہے ہیں، چاہے انہیں جلد یا بدیر واپس لے لیا جائے۔ ماہر اقتصادیات کمبرلی کلاؤزنگ نے نیویارک ٹائمز کے ساتھ ایک حالیہ انٹرویو میں کہا کہ زیادہ محصولات درآمدات میں کمی کے علاوہ امریکی پیداوار اور ملازمتوں کی لاگت کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ انہوں نے اس اقدام کو "دنیا میں امریکہ کی حیثیت کو کمزور کرتے" کے مقصد کا "اچھا نکتہ آغاز" قرار دیا۔ نیشنل ایسوسی ایشن آف ہوم بلڈرز کے ایک حالیہ تخمینے کے مطابق لکڑی، ایلومینیم اور سٹیل سمیت تعمیراتی مواد کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے ایک عام گھر کی لاگت میں 9،200 امریکی ڈالر کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ آرگنائزیشن فار اکنامک کوآپریشن اینڈ ڈویلپمنٹ نے ایک رپورٹ جاری کی جس میں کہا گیا ہے کہ ٹرمپ کے بڑھتے ہوئے تجارتی محصولات عالمی ترقی کو متاثر اور افراط زر میں اضافہ کریں گے۔ تنظیم کا کہنا ہے کہ عالمی اقتصادی ترقی 2024 میں 2.3 فیصد سے کم ہوکر 2025 میں 1.3 فیصد ہو جائے گی، جس کی بڑی وجہ تجارتی تناؤ ہے۔ کینیڈا میں امریکی محصولات سے حب الوطنی کی لہر دوڑ گئی ہے اور کچھ صارفین اور کاروباری اداروں نے امریکی مصنوعات کا بائیکاٹ کیا ہے۔ ٹورنٹو میں قائم بیڈنگ اینڈ نائٹ ویئر کمپنی آؤٹ لٹ فائن لینیز کی مالکن جوانا گڈمین نے بی بی سی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ابھی میں تھوڑی غصے میں ہوں، میں امریکی کمپنیوں میں سرمایہ کاری نہیں کرنا چاہتی۔

چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پیسک ہاؤس میں اجلاس

محکمہ اوقاف ومذہبی امور کی سالانہ ترقیاتی پروگرام 25-2024 کے تحت جاری ترقیاتی سکیموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

لاہور (صابر غوری) صوبائی وزیر اوقاف ومذہبی امور چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پیسک ہاؤس ڈیوس روڈ پر اجلاس منعقد ہوا۔ محکمہ اوقاف ومذہبی امور کی سالانہ ترقیاتی پروگرام 25-2024 کے تحت جاری ترقیاتی سکیموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے سال 26-2025 کیلئے نئی سکیموں پر بھی غور کیا گیا۔ سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ترقیاتی سکیموں پر پیش رفت بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت محکمہ اوقاف ومذہبی امور کی 22 ترقیاتی سکیموں پر کام جاری ہے۔ آئندہ سالانہ ترقیاتی پروگرام کیلئے 30 نئی سکیموں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ صوبائی وزیر نے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت جاری سکیموں پر کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر اوقاف ومذہبی امور چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی سکیموں کی بروقت، معیاری اور شفاف تکمیل یقینی بنائی جائے۔ ترقیاتی سکیموں کی بروقت تکمیل کیلئے فالو اپ جاری رکھا جائے۔ ترقیاتی سکیموں کی تکمیل میں کوئی رکاوٹ حائل نہیں ہونی چاہیئے۔

جنرل ہسپتال اور پنز انتظامیہ کی مشترکہ کارروائی، تین نوسرباز گرفتار، مقدمہ درج

پولیس نے ڈی ایم ایس پنز ڈاکٹر عدنان خالد کی درخواست پر معاملے کی تفتیش شروع کردی

لاہور (خبر نگار) جنرل ہسپتال اور پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز کی انتظامیہ نے ایک مربوط حکمت عملی اپناتے ہوئے مشترکہ کارروائی کے بعد دھوکہ دہی اور جعلسازی میں ملوث تین نوسربازوں کو گرفتار کرلیا جن کی شناخت سرفراز، احمد اور احسان کے نام سے ہوئی، تینوں نوسرباز ہسپتال کے باہر پرائیویٹ سٹور پر کام کرتے تھے جو دور دراز کے علاقوں سے آنے والے افراد کو فوری طبی ٹیسٹ کروانے کے جھوٹے وعدوں پر ٹارگٹ کرتے تھے جنہوں نے حکومت کی جانب سے مقرر کردہ سرکاری فیسوں سے زائد رقم وصول کر کے متاثرین کا استحصال کیا۔ لاہور جنرل ہسپتال اور پنز انتظامیہ کو متعلقہ مریضوں کی طرف سے متعدد شکایات موصول ہوئیں جن میں سے ایک خاتون مریضہ نے جعلسازوں کی نشاندہی کی۔ دونوں ہسپتالوں کے انتظامیہ نے مشتبہ افراد سے پوچھ گچھ کرنے کے لیے حکمت عملی اختیار کی جس کے نتیجے میں وہ بظاہر گھبرا گئے اور پسینہ سے شرابور ہوگئے بعدازاں جنرل ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین اور پنز کے ایم ایس ڈاکٹر عمر اسحاق نے فوری طور پر ہسپتال کی پولیس چوکی کو اطلاع دی جنہوں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے تینوں دھوکہ بازوں کو گرفتار کرلیا اور ان کے دیگر ساتھیوں کی تلاش شروع کردی۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ پولیس نے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز کے ڈی ایم ایس ایڈمن ڈاکٹر عدنان خالد کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے معاملے کی تفتیش شروع کر دی دونوں ہسپتالوں کے سربراہان پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر اور نیورو انسٹی ٹیوٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر آصف بشیر نے مشترکہ بیان میں اس امر پر زور دیا کہ ہسپتال کے عملے کا کوئی بھی ممبر اس طرح کی دھوکہ دہی یا جعلسازی کی سرگرمیوں میں ملوث پایا گیا تو اسے سخت قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام مریضوں اور ان کے اہل خانہ سے اپیل کی کہ وہ طبی علاج یا تشخیصی ٹیسٹ کے لیے اجنبیوں سے رابطہ کرنے سے گریز کریں۔ انہوں نے مریضوں پر زور دیا کہ وہ ایم ایس یا آن ڈیوٹی ڈی ایم ایس سے براہ راست رابطہ کریں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ وہ پنجاب حکومت کی پالیسی کے مطابق مفت صحت کی سہولیات سے استفادہ کر رہے ہیں جبکہ ہسپتال انتظامیہ تمام لوگوں کو شفاف اور معیاری صحت کی خدمات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

تحفظ ناموس رسالت ﷺ کے حوالے سے ویٹرنری یونیورسٹی لاہور میں آگاہی واک اور سیمینار کا انعقاد

Qiraat & Naat Society-QNS UVAS
UVAS
Qiraat

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کی قرات اینڈ نعت سوسائٹی اور سینئر ٹیوٹر آفس نے گذشتہ روز تحفظ ناموس رسالت ﷺ کے حوالے سے آگاہی واک اور سیمینار کا انعقاد سٹی کیمپس لاہور سمیت تمام کیمپسز بشمول راوی کیمپس پتوکی، سیواس جھنگ، سیواس نارووال اور پیراویٹرنری انسٹی ٹیوٹ کروڑ لعل ایسن لیہ میں کیا۔ سٹی کیمپس میں واک کی قیادت وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے کی جبکہ دیگر اہم شخصیات میں ڈینز، ڈائریکٹرز، چیئرپرسنز کے علاوہ فیکلٹی ممبران اور طلبہ کی بڑی تعداد نے واک میں حصہ لیا۔ بعد ازیں یونیورسٹی کے کانفرنس ہال میں سیمینار کا انعقاد ہوا جس میں اسلامیہ کالج ریلوے روڈ کے پروفیسر ڈاکٹر محمد ارشد نقشبندی نے بطور مہمان مقرر شرکت کی اور حاضرین کو تحفظ ناموس رسالت ﷺ کے موضوع پر جامع لیکچر دیا۔ انہوں نے کہا کہ حضور پاک ﷺ کی عزت کا تحفظ ہر مسلمان پر فرض ہے بلکہ یہ ایک مقدس امانت ہے جسے ہم پورے یقین کے ساتھ برقرار رکھتے ہیں نیز کہا کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو نفرت کا پرچار کرنے والوں کا احتساب کرتے ہوئے اور اسلام فوبیا کو تقویت دینے والے غلط مواد کو ہٹانے میں اپنی اہم ذمہ داری ادا کرنی چاہیے۔ سیمینار میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ آخری نبی حضرت محمد مصطفی ﷺ کی عزت وتکریم ہر مسلمان کے ایمان کا اٹوٹ حصہ ہے نیز کہا کہ نبی پاک ﷺ کی محبت میں ہمیں اپنی زندگیاں اسوہ حسنہ کے مطابق ڈھالنے کا عہد بھی کرنا چاہیے۔

آئی جی ریلویز پولیس محمد طاہر رائے کا صغیر ریلویز پولیس لائنز لاہور کا تفصیلی دورہ

پولیس لائنز میں قائم دستکاری اسکول کو اپ گریڈ کرنے اور بند پڑے واٹر فلٹریشن پلانٹ کو فوری طور پر ٹھیک کروانے کی ہدایت

لاہور (صابر غوری) آئی جی ریلویز پولیس محمد طاہر رائے کا صغیر ریلویز پولیس لائنز لاہور کا تفصیلی دورہ پولیس کے چاک وچوبند دستے نے آئی جی ریلویز کو سلامی پیش کی۔ آئی جی ریلویز نے پولیس لائنز میں قائم مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ پولیس لائنز میں قائم محرر آفس، پراسیکیوشن برانچ، نقشہ نویس برانچ، سی آر او، میس، رجمنٹل سٹور سمیت ٹیکنیکل سٹاف کی ورکشاپس کا تفصیلی دورہ کیا۔ کوت محرر کو اسلحہ کے متعلق خاص ہدایات اور احکامات جاری کیے گئے۔ میس انچارج کو صفائی کا خاص خیال رکھنے کی ہدایت کی۔ پولیس لائنز میں قائم دستکاری اسکول کو اپ گریڈ کرنے کے احکامات جاری کئے گئے اور بند پڑے واٹر فلٹریشن پلانٹ کو فوری طور پر ٹھیک کروانے کی ہدایت کی گئی۔ ایس پی ریلویز لاہور بھی اس موقع پر آئی جی ریلویز کے ہمراہ تھے۔ ایس پی ریلویز لاہور نے آئی جی ریلویز کو پولیس لائنز کے معاملات سے متعلق بریفنگ دی۔ آئی جی ریلویز نے ملازمین کی ویلفیئر اور مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کی۔ آئی جی ریلویز نے سلامی گارڈ اور میس کے عملہ کو کیش ایوارڈ سے بھی نوازا۔

دارالعلوم حنفیہ لبرٹی مارکیٹ مجلس حکماء المسلمین مصر کے زیراہتمام محفل حسن قرات کے موقع پر فضیلت الشیخ القادری محمود محمد عزازی عبدالرزاق، علامہ زبیر احمد ظہیر، حافظ شعیب الرحمن، مولانا محمد عاصم مخدوم اور مفتی محمد مراد خطاب کر رہے ہیں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

نارووال پولیس کا سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن

کریک ڈاؤن میں 02 رکنی مویشی چور گینگ اسامہ، ظفر اقبال کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 10 لاکھ مالیت کے مویشی برآمد کر لیے

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ڈی پی او نارووال کی سربراہی میں نارووال پولیس کا سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی شکرگڑھ کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ صدر شکرگڑھ نے مویشی چور گینگز کے خلاف کریک ڈاؤن میں 02 رکنی مویشی چور گینگ اسامہ، ظفر اقبال کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 10 لاکھ مالیت کے مویشی برآمد کر لیے۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری۔ ایس ایچ او تھانہ نورکوٹ نے ڈکیت گینگز کیخلاف کریک ڈاؤن میں 02 رکنی ڈکیت گینگ سفیان اور احسن کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے پسٹل 30 بور اور مال مسروقہ موٹر سائیکل 125 برآمد کر لیے۔ مزید تفتیش جاری۔ ایس ایچ او تھانہ سٹی شکرگڑھ نے منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن میں بدنام زمانہ منشیات فروش عرفان نیاز کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 540 گرام چرس برآمد کر لی۔ ایس ایچ او تھانہ کوٹ نیناں نے ناجائز اسلحہ ہولڈرز کیخلاف کریک ڈاؤن میں 02 ناجائز اسلحہ ہولڈر طارق منیر اور امتیاز غفور کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے پسٹل 30 بور اور پسٹل 9MM برآمد کر لیے۔ ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ صدر نارووال نے ناجائز اسلحہ ہولڈرز کیخلاف کریک ڈاؤن میں ناجائز اسلحہ ہولڈر عادل کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے پسٹل 30 بور آمد کر لیا۔ تمام ملزمان کیخلاف مقدمات درج کر کے پابند سلاسل کر دیا۔ ڈی پی او نارووال نے اپنے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ ضلع نارووال سے سماج دشمن عناصر کا خاتمہ کرنا میرا مشن اور اس مشن کی تکمیل میں نارووال پولیس کے تمام آفیسران و ملازمان ہمہ تن کوشاں ہیں۔

گورنمنٹ اسلامیہ ہائی اسکول شیخوپورہ کے 1994 کے کلاس فیلوز اور اساتذہ کی شاندار افطار ڈنر پارٹی

تقریب میں 50 سے زائد سابق طلبہ اور تقریباً 10 اساتذہ نے شرکت کی

شرقپور شریف (نامہ نگار) گورنمنٹ اسلامیہ ہائی اسکول شیخوپورہ کے 1994 کے کلاس فیلوز اور اساتذہ کی شاندار افطار ڈنر پارٹی، گورنمنٹ اسلامیہ ہائی اسکول شیخوپورہ کے 1994 کے میٹرک کلاس فیلوز اور اساتذہ کے اعزاز میں ایک پروقار افطار ڈنر کا اہتمام مدنی ڈیرہ، نیشنل فلور مل، سرگودھا روڈ، شیخوپورہ میں کیا گیا۔ تقریب میں 50 سے زائد سابق طلبہ اور تقریباً 10 اساتذہ نے شرکت کی، جنہوں نے 1994 میں مذکورہ اسکول میں تدریسی خدمات انجام دی تھیں یہ یادگار ملاقات کئی سالوں بعد دوستوں اور اساتذہ کے لیے جذباتی اور خوشگوار لمحات لے کر آئی۔ اس موقع پر شرکاء نے ایک دوسرے سے ملاقات پر خوشی کا اظہار کیا اور اسکول کے پرانے یادگار لمحات کو تازہ کیا۔ سابق طلبہ نے اساتذہ کے ساتھ گزرے وقت کو یاد کرتے ہوئے ان کی محنت اور تربیت کو سراہا۔ تقریب کے اختتام پر تمام شرکاء نے اس قسم کی مزید ملاقاتوں کے انعقاد کی خواہش کا اظہار کیا تاکہ یہ رشتہ مزید مضبوط ہو اور پرانی یادیں تازہ ہوتی رہیں۔

ایڈیشنل سیشن جج شہباز حسین کا سول جج علی نقی کے ہمراہ ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل سیشن جج شہباز حسین کا سول جج علی نقی کے ہمراہ ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ، معمولی نوعیت کے مقدمات میں ملوث 3 قیدیوں کی رہائی کا حکم۔ ایڈیشنل سیشن جج شہباز حسین نے دورہ ڈسٹرکٹ جیل کے موقع پر نوعمر وارڈ، خواتین وارڈ کا معائنہ کیا اور جیل کچن میں قیدیوں کی خوراک کا جائزہ لیا۔ اس کے علاوہ قیدیوں کو فراہم کی جانے والی سحری افطاری کا جائزہ لیا اور اسکو تسلی بخش قرار دیا۔ صحت وصفائی اور سحری افطاری کے بہترین انتظامات پر جیل سپرنٹنڈنٹ ملک کامران حیدر اعوان کے اقدامات کو سراہا۔ ایڈیشنل سیشن جج شہباز حسین نے ڈسٹرکٹ جیل میں قید معمولی نوعیت میں ملوث 3 قیدیوں کو رہا کر دیا۔

پیپلز پارٹی کی سیاست کا اوڑھنا بچھونا ہی عوامی خدمت ہے: آصف کھوکھر

ہم آخری دم تک عوام کی خدمت کیلیے کمربستہ رہیں گے

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ قوت فیصل خان) پیپلز پارٹی کی سیاست کا اوڑھنا بچھونا ہی عوامی خدمت ہے۔ آصف کھوکھر۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور صوبائی ٹکٹ ہولڈر آصف علی کھوکھر نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی کی سیاست ہمیشہ سے ہی عوامی خدمت رہی ہے اور ہم آخری دم تک عوام کی خدمت کیلیے کمربستہ رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قصور میں جتنے بھی ترقیاتی اور عوامی کام ہوئے ہیں ان کا کریڈٹ بھی یقیناً پاکستان پیپلز پارٹی کو جاتا ہے۔ ہم آج بھی ذوالفقار بھٹو کے فلسفہ کو مقدم رکھتے ہیں اور قصور کی ترقی کیلیے کوشاں رہتے ہیں۔ آنے والا وقت عوامی طاقت اور عوامی حکمرانی کا ہے اور عوام کی اصل نبض شناس پارٹی صرف پیپلز پارٹی ہی ہے جو کہ اپنے قائد بلاول بھٹو کی قیادت میں پاکستان کو ترقیوں کی اصل منزلوں کی طرف لے کر جائے گی۔

ڈپٹی کمشنر پاکپتن کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ پروموشن کمیٹی کی میٹنگ کا انعقاد

عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) ڈپٹی کمشنر پاکپتن کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ پروموشن کمیٹی کی میٹنگ کا انعقاد۔ ضلع پاکپتن سے گیارہ پٹواریوں کو قانونگو پرموٹ کیا گیا جن میں 9 سینئر ترین پٹواری جو کورس کوالیفائیڈ تھے جن میں محمد رفیق۔ محمد نواز۔ سید محرم شاہ۔ آفتاب احمد جوئیہ۔ غلام فاروق موہلہ۔ محمد احمد

شاد۔ رمضان عابد۔ محمد صغیر۔ نسیم ارشد تحصیل عارف والا سے اور دو سگے بھائی پاکپتن سے کو قانونگو پرموٹ کیا گیا اس موقعہ پر ڈپٹی کمشنر پاکپتن کا کہنا تھا کہ آپکا صرف عہدہ پرموٹ نہیں ہوا بلکہ اختیارات کے ساتھ ذمہ داریاں بھی پرموٹ ہوئی ہیں اس لیے آپ سے امید کی جاتی ہے کہ آپ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے انہیں احسن طریقے سے نبھائیں گے اس موقعہ پر پرموٹ ہونے والے تمام افراد کو مبارک باد دی گئی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔

مظلوم فلسطینی عوام پر وحشیانہ بمباری اور شہادتوں پر شدید غم وغصہ کا اظہار

غزہ پر جاری وحشیانہ حملے نہ صرف انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزی ہیں: حافظ سعد رضوی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سربراہ تحریک لبیک پاکستان (TLP) حافظ سعد حسین رضوی کی جانب سے دہشتگرد اسرائیل کی طرف سے ایک بار پھر نہتے اور مظلوم فلسطینی عوام پر وحشیانہ بمباری اور شہادتوں پر شدید غم وغصہ کا اظہار، انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک جیسے مقدس مہینے میں غزہ پر جاری وحشیانہ حملے نہ صرف انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزی ہیں بلکہ بین الاقوامی قوانین اور جنگ بندی معاہدوں کی بھی دھجیاں اڑانے کے مترادف ہیں، یہ حملے اسرائیلی جارحیت کی ایک اور کڑی ہے، جو ثابت کرتے ہیں کہ صیہونی دہشتگردوں کو کسی عالمی معاہدے یا انسانی اقدار کی کوئی پرواہ نہیں۔ یہودیوں کو اپنا ماضی یاد رکھنا چاہیے جب بھی انہوں نے مسلمانوں کیخلاف کوئی سازش کی ہے تو اس کے انہیں بہت خطرناک نتائج بھگتنے پڑے ہیں، مسلمانوں کے لیئے جہاد فی سبیل اللہ ہی نجات اور کامیابی کا راستہ ہے، رمضان، جو کہ مسلمانوں کے لیے رحمت اور امن کا مہینہ ہے، اس میں اس طرح کی وحشیانہ کارروائیاں اسرائیل کی اسلام دشمنی اور مظلوم فلسطینی عوام کیخلاف بدترین سفاکیت کو عیاں کرتی ہیں۔

جامع مسجد شرقیہ اور واجد جٹھول کی رہائشگاہ پر مصطفائی تحریک نارنگ کے زیراہتمام تقریب کا انعقاد

غزوہ بدر کے شہداء کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں: محمد خالد چشتی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) غزوہ بدر کے شہداء کو سلام عقیدت پیش کرنے کیلئے جامع مسجد شرقیہ اور واجد جٹھول کی رہائشگاہ پر مصطفائی تحریک نارنگ کے زیراہتمام تقریب کا انعقاد جامع مسجد شرقیہ میں یوم الفرقان سیمینار اور مصطفائی تحریک کے زیراہتمام شہداء بدر کانفرنس منعقد کی گئی جس میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی واجد جٹھول کی رہائشگاہ پر خطاب کرتے ہوئے مذہبی سکالر مفتی شہباز رسول سعیدی نے کہا کہ غزوہ بدر عالم اسلام کی پہلی جنگ ہے۔ جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانثار صحابہ نے بلند ہمت اور حوصلے کے ساتھ اللہ کی مدد سے کفار کے بڑے لشکر کو شکست دی اللہ تعالی نے اسلام کو پہلی فتح عظیم عطا کی جامع مسجد شرقیہ میں مجاہد ختم نبوت قاری محمد خالد چشتی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معرکہ بدر عظیم جنگ ہے۔ جس میں صحابہ کرام نے رسول خدا کے ہمراہ جرآت و بہادری کے جوہر دکھا کر عالم کفر پر سکتہ طاری کر دیا روزہ کی حالت میں بے تیغ و تیر صرف اللہ تعالی کے بھروسے اپنے سے کئی گنا بڑے لشکر کو نشان عبرت بنایا یوم الفرقان کے موقع پر غزوہ بدر کے مجاہدین کو سلام عقید پیش کرتے ہیں اس موقع پر میاں محمد نواز قاری محمد صابر قاری یونس رضا اور صاجزادہ احمد رضا نے بھی اپنی حاضری پیش کی۔

ایڈیشنل ڈی جی قیصر عباس کا ون ونڈو کاؤنٹر کارکردگی کا جائزہ

اس سلسلے میں منعقدہ اجلاس میں ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ اسماء محسن، ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ون جنید حسن منج، ڈائریکٹر آئی ٹی یاسر اعجاز چٹھہ، ڈپٹی ڈائریکٹر آئی ٹی / انچارج ون ونڈو کاؤنٹر و دیگر افسران نے شرکت کی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل قیصر عباس رند نے ون ونڈو کاؤنٹر کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ اس سلسلے میں منعقدہ اجلاس میں ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ اسماء محسن، ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ون جنید حسن منج، ڈائریکٹر آئی ٹی یاسر اعجاز چٹھہ، ڈپٹی ڈائریکٹر آئی ٹی/ انچارج ون ونڈو کاؤنٹر و دیگر افسران نے شرکت کی۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل نے ون ونڈو کاؤنٹر پر مختلف شعبوں کے امور کے متعلق موصول ہونیوالی درخواستوں پر شعبہ جاتی کارروائی کی پیش رفت کو چیک کیا اور کہا کہ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے ایف ڈی اے کی اٹھائیس سے زائد سروسز کی تیز رفتار فراہمی کی سخت ترین ہدایات جاری کر رکھی ہیں جن پر انتہائی ذمہ داری سے عمل کرتے ہوئے درخواست کو ریلیف فراہم کرنے میں کوئی رکاوٹ، سستی یا تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے بعض درخواستوں کو نپٹانے میں تاخیر پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ کوئی فائل/ درخواست بلاجواز زیر التواء نہیں رہنی چاہیے۔ انہوں نے تاکید کی کہ آن لائن سسٹم کے ذریعے شعبہ جاتی کارکردگی پر کڑی نظر رکھیں اور ٹائم لائن کے مطابق سرکاری کام مکمل نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ سٹاف کی باز پرس کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ شعبہ ٹاؤن پلاننگ اور اسٹیٹ مینجمنٹ اپنی ذمہ داریوں کا بخوبی ادارک کرتے ہوئے ٹی پی رپورٹس، اونر شپ کلیئرنس سرٹیفکیٹس، جائیدادوں کی ٹرانسفر، کچی آبادیوں کے امور و دیگر امور کے بارے میں شہریوں کو تاخیری حربوں کی شکایت نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے تلقین کی کہ قواعد وضوابط، پالیسی اور متعلقہ قوانین کے برعکس درخواست کے بارے میں فوری طور پر درخواست گزار کو مطلع کر دیا جائے تاکہ تاخیر کی شکایت متعلقہ شعبے کے ذمہ نہ آئے۔ انہوں نے اس عزم کو دہرایا کہ ڈی جی ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی قیادت میں ایف ڈی اے کی سروسز کے معیار میں اضافہ اور تیز رفتار ریلیف کی فراہمی کے مشن کو کامیاب بنائیں گے لہذا افسران اپنے ماتحت سٹاف کو سرکاری فرائض کی بروقت انجام دہی کے لئے متحرک رکھیں۔

سٹی سکول کے تعاون کیساتھ بورسٹل جیل میں قیدی بچوں کیلئے عید کے تحائف تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد

پرزنرز ویلفیئر سوسائٹی بورسٹل جووینائل انسٹیٹیوٹ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر صوفیہ رضوان، میاں ندیم احمد اور پرنسپل نے خطاب کیا

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) پرزنرز ویلفیئر سوسائٹی بورسٹل جووینائل انسٹیٹیوٹ کے زیراہتمام سٹی سکول کے تعاون کیساتھ بورسٹل جیل میں قیدی بچوں کیلئے عید کے تحائف تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال میڈم صوفیہ رضوان، نائب صدر میاں ندیم احمد، پرنسپل سٹی سکول، نازیہ [illegible] اور بچوں نے بورسٹل جیل کے قیدی بچوں میں عید گفٹس تقسیم کیے اس موقع پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اور بورسٹل جیل کا دیگر عملہ بھی موجود تھا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر صوفیہ رضوان، میاں ندیم احمد اور پرنسپل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ سٹی سکول کے بچوں کی قربانی ہے کہ انہوں نے اپنی جیب خرچ میں سے آپ کیلئے گفٹس کا اہتمام کیا ہے۔ پرزنرز ویلفیئر سوسائٹی بچوں کی فلاح و بہبود اور انکی رہائی کیساتھ انکی تربیت پر بھی فوکس کیے ہوئے ہے۔ میاں ندیم احمد نے کہا کہ صوفیہ رضوان نے پرزنرز ویلفیئر سوسائٹی کے تمام ممبران کا چناؤ بڑی سوچ بوجھ کیساتھ کیا ہے۔ جس میں ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگ شامل ہیں۔ اگر جیل انتظامیہ کا تعاون رہا تو جیل میں مزید بچوں کیلئے سہولیات اور دیگر کام کئے جائیں گے۔ کیونکہ سماجی کارکن انسانیت کی خدمت کیلئے اپنا وقت، پیسہ اور دیگر وسائل استعمال کرتے ہیں تاکہ مظلوم لوگوں کا سہارا بنا جائے۔ سٹی سکول کے بچوں نے اپنے ہاتھوں سے قیدی بچوں میں گفٹس تقسیم کرتے ہوئے کہا کہ آج بہت اچھا لگ رہا ہے کہ ہم اپنے ان بھائیوں کیلئے تحائف لیکر آئے ہیں آج دلی خوشی ہو رہی ہے۔ انہوں نے پرزنرز ویلفیئر سوسائٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہمیں خدمت کا موقع فراہم کیا۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ کسانوں کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا ہے: ڈائریکٹر جنرل زراعت پنجاب عبدالحمید گجر

ڈائریکٹر لاہور ڈویژن محکمہ توسیع ڈاکٹر شیر محمد شراوت اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ توسیع مریدکے ملک فاروق زراعت انسپکٹر ملک آصف علی اور عامل اسماعیل نے نارنگ منڈی کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) حالیہ بارشوں اور ژالہ باری سے فصلوں کو بھاری نقصان پہنچنے پر ڈائریکٹر جنرل زراعت پنجاب عبدالحمید گجر ڈائریکٹر لاہور ڈویژن محکمہ توسیع ڈاکٹر شیر محمد شراوت اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ توسیع مریدکے ملک فاروق زراعت انسپکٹر ملک آصف علی اور عامل اسماعیل نے نارنگ منڈی کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اس موقع پر سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے ڈی جی زراعت پنجاب عبدالحمید گجر کا کہنا تھا کہ بدقسمتی سے پچھلے دنوں نارنگ منڈی کے مختلف علاقوں آبدیاں ڈالہ واہگہ جنڈیالہ کلساں وغیرہ میں تقریباً 38 ہزار ایکڑ رقبہ متاثر ہوا اس میں کوئی شک نہیں کہ کسانوں کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا ہے آج ہم کسانوں سے ملاقات اور یقین دلانے کیلئے آئے ہیں کہ ان کی دادرسی ہر صورت کی جائے گی ہم حکومتی نمائندوں ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور دیگر محکموں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں تاکہ جلد سے جلد کسانوں اور کاشتکاروں کے نقصان کا ازالہ کیا جاسکے اس موقع پر زمینداروں احمد فاروق ڈھلوں کاشف نواز پڈا مبشر ڈھلوں وغیرہ نے محکمہ زراعت اور توسیع کے آفیسرز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ژالہ باری سے ہماری فصلیں تباہ ہو چکی ہیں مہینوں کی محنت ضائع ہو گئی ہے امید ہے کہ حکومت اور متعلقہ ادارے جلد ہمارے نقصان کا ازالہ کریں گے۔

مولوی شکور کی فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم سے اہم ملاقات ہوئی

دونوں رہنماؤں کے مابین پاکستان کے موجودہ حالات زیر غور آئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیاسی وسماجی رہنما محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ پر ان سے اہم ملاقات کی۔ فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے سکینہ حسین حویلی آمد کے موقع پر مولوی محمد شکور کا پرتپاک استقبال کیا جس کے بعد دونوں رہنماؤں میں ون ٹو ون ملاقات ہوئی اس دوران پاکستان کے مجموعی موجودہ حالات سمیت مختلف سیاسی وسماجی موضوعات پر گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر مسلم لیگ ن کی مرکزی قیادت کے دیرینہ رفیق مولوی محمد شکور نے فرزند سیالکوٹ کو انکی سیاسی وسماجی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔ بعدازاں کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کیجانب سے معزز مہمان کے اعزاز میں پرتکلف افطار ڈنر دیا گیا۔

فیفا ورلڈ کپ 2025 فٹبال سیالکوٹ میں تیار ہو کر امریکی صدر کے ہاتھ میں

فارورڈ سپورٹس کا فٹبال ورلڈکپ میں استعمال ہوگا۔ خواجہ مسعود اختر ستارہ امتیاز

DAILY QUWAT LAHORE
قوت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان کیلئے ایک اور تاریخ ساز لمحہ آن پہنچا، اس سال بھی گزشتہ سالوں کی طرح دنیا بھر کے ممالک میں سے ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کو اپنی بہترین کوالٹی کیوجہ سے میں فیفا کلب ورلڈ کپ 2025 کیلئے پاکستان کے صنعتی شہر سیالکوٹ میں تیار ہونیوالا فٹ بال آرڈر ملا جو تیار ہو کر امریکی صدر اور فیفا کے صدر کے پاس پہنچ گیا ہے۔ انٹرنیشنل میڈیا میں تصاویر بھی سامنے آگئیں ہیں جن میں امریکی صدر فارورڈ سپورٹس پرائیویٹ لمیٹڈ سیالکوٹ میں بنا ہوا میڈ ان پاکستان فٹبال تھامے ہوئے ہیں۔ مشہور زمانہ فارورڈ سپورٹس پرائیویٹ لمیٹڈ سیالکوٹ کے چیئرمین خواجہ مسعود اختر ستارہ امتیاز و بلال امتیاز پاکستان نے اپنے سوشل میڈیا پیج پر لکھا کہ "ہمیں یہ بتاتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ فیفا کلب ورلڈ کپ 2025 کا آفیشل فٹبال، جو فارورڈ سپورٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، سیالکوٹ نے ڈیزائن اور تیار کیا ہے، جس کو عالمی سطح پر پذیرائی ملی ہے۔ ساتھ ہی لکھا کہ ایک تصویر میں کمپنی کے بانی اور چیئرمین خواجہ مسعود اختر نشان امتیاز/ بلال امتیاز پاکستان اس فٹبال کو تھامے ہوئے ہیں جبکہ دوسری جانب تصویر میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور فیفا کے صدر اسی بال کا معائنہ کر رہے ہیں یہ لمحہ پاکستان کی کھیلوں کی صنعت میں بے مثال مہارت اور کاریگری کو ظاہر کرتا ہے۔

یوم شہادتِ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مناسبت سے سکیورٹی انتظامات

متبادل راستوں کا انتظام کیا جائے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو: محمد عرفان بٹ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) رمضان المبارک یوم شہادتِ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مناسبت سے نکالے جانے والے مرکزی جلوس کے لیے فول پروف سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ انچارج سکیورٹی برانچ محمد عرفان بٹ کے مطابق ڈی پی او حافظ آباد عاطف نذیر نے ڈی ایس پی صدر سرکل اور ایس ایچ او سٹی حافظ آباد کو فول پروف سکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایات کیں۔ مرکزی جلوس کا آغاز مسعود علی شاہ المعروف چن شاہ کی رہائش گاہ نزد ستار ٹریولز سے ہوگا اور اپنے مقررہ راستوں بشمول ریلوے پھاٹک اور فوارہ چوک سے گزرتا ہوا مرکزی امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوگا جلوس کے دوران سکیورٹی کے غیر معمولی اقدامات کیے گئے ہیں جن میں واک تھروگیٹس سی سی ٹی وی کیمرے اور پولیس کی بھاری نفری کی تعیناتی شامل ہے۔ داخلی وخارجی راستوں پر کڑی نگرانی رکھی جائے گی تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جاسکے۔ ڈی پی او حافظ آباد نے ڈی ایس پی ٹریفک کو ہدایت دی کہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے متبادل راستوں کا انتظام کیا جائے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔

گورنمنٹ ہائی سکول فیروزوٹواں میں

روڈسیفٹی سیمینار کا انعقاد

شیخوپورہ۔ (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ ہائی سکول فیروزوٹواں میں روڈ سیفٹی سیمینار کا انعقاد۔ آئی جی نیشنل ہائی ویز & موٹروے پولیس راجہ رفعت مختار کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمانڈنٹ NHMP پولیس ٹریننگ کالج شیخوپورہ Sp امداد اللہ شاہد کی زیرنگرانی آگاہی یونٹ روڈ سیفٹی پولیس ٹریننگ کالج NHMP شیخوپورہ کی طرف سے گورنمنٹ ہائی سکول فیروزوٹواں میں روڈ سیفٹی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کا مقصد نوجوان نسل کو بابت روڈ سیفٹی مکمل آگاہی فراہم کرنا اور عوام الناس اور روڈ یوزرز کے تحفظ جان ومال کو یقینی بنانا ہے۔ سیمینار میں بابت روڈ سیفٹی انسپکٹر شہباز نے بریفنگ دی اس موقعہ پہ پی آر او پولیس ٹریننگ کالج شیخوپورہ سید محمد قوی حیدر اور ٹیچرز سمیت سینکڑوں طلبہ کی تعداد موجود تھی۔

آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر کا یوم شہادت حضرت علیؓ کے حوالے سے ضلع جھنگ کا دورہ

اس موقع پر ڈی پی او جھنگ کیپٹن ریٹائرڈ بلال افتخار کیانی اور دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر کا یوم شہادت حضرت علیؓ کے حوالے سے ضلع جھنگ کا دورہ۔ اس موقع پر ڈی پی او جھنگ کیپٹن ریٹائرڈ بلال افتخار کیانی اور دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے۔ آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر نے مرکزی جلوس کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور جلوس کے منتظمین سے ملاقات کی۔ ڈی پی او جھنگ بلال افتخار کیانی نے کیے گئے سکیورٹی انتظامات پر آر پی او فیصل آباد کو بریف کیا۔ آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر کا پولیس افسران کو اختتام جلوس تک الرٹ رہ کر ڈیوٹی سر انجام دینے کی ہدایت۔ مجالس اور جلوس میں شامل ہونے والے افراد کو مخصوص انٹری پوائنٹس سے ہی داخل ہونے دیا جائے۔ شرکاء کی واک تھروگیٹ، میٹل ڈیٹیکٹر اور فزیکل چیکنگ کے بعد انٹری کو یقینی بنایا جائے۔ سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے جلوس اور مجالس کے اختتام تک مانیٹرنگ جاری رکھی جائے۔ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے امن و امان کو برقرار رکھا جائے۔ تمام مکاتب فکر کے رہنما تخریبی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی میں اپنا کردار ادا کریں۔ بعدازاں آر پی او فیصل آباد نے تھانہ کوتوالی، اور خدمت کاؤنٹر کا بھی وزٹ کیا۔ شہریوں سے ملاقات کی اور سروسز کا جائزہ بھی لیا۔ آر پی او فیصل آباد نے ڈی پی او آفس جھنگ میں ضلع بھر کے ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز سے میٹنگ بھی کی اور کرائم سے متعلق اپنی ترجیحات کے بارے آگاہ بھی کیا۔

فیصل آباد کے ٹال پلازوں پر کرپشن بے نقاب، اضافی ٹال ٹیکس وصولی پر سخت کارروائی کا فیصلہ

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) فیصل آباد کے تین بڑے ٹال پلازوں بی ملوآنہ، سمندری روڈ اور ماڑی پتن بی پر کرپشن اور اضافی ٹال ٹیکس وصولی کا انکشاف ہوا ہے۔ گاڑیوں سے غیر قانونی طور پر اضافی فیس وصول کرنے کی متعدد شکایات موصول ہونے کے بعد محکمہ مواصلات وتعمیرات پنجاب نے سخت ایکشن لینے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق، ٹال پلازہ کے ملازمین بغیر رسید کے اضافی ٹیکس وصول کر رہے تھے، جبکہ بعض افسران پر بھی خرد برد کے الزامات ہیں۔ اس سنگین معاملے کی تحقیقات کے لیے چیف انجینئر کی زیرنگرانی ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کر دی گئی ہے، جو سات روز کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو نے محکمہ ہائی وے فیصل آباد کو ملوث افسران اور ملازمین کے خلاف فوری کارروائی کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ ابتدائی تحقیقات میں تصدیق ہوئی ہے کہ تینوں ٹال پلازوں پر گاڑیوں سے اضافی چارجز وصول کیے جا رہے تھے، جس سے نہ صرف عوام کو مشکلات کا سامنا تھا بلکہ حکومتی خزانے کو بھی نقصان پہنچ رہا تھا۔ شہریوں نے اس غیر قانونی ٹیکس وصولی پر شدید احتجاج کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ملوث افراد کو عبرتناک سزا دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی عوام کے حقوق پر ڈاکہ نہ ڈال سکے۔ حکام کا کہنا ہے کہ کرپشن میں ملوث ملازمین اور افسران کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی، اور عوام کو جلد انصاف فراہم کیا جائے گا۔

ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ کی ریجن گوجرانوالہ کے زونل ہیڈ آف بینک کے ساتھ میٹنگ

باہمی تعاون سے ہی بینکوں کے گردونواح میں ڈکیتی کی وارداتوں کا سدباب کیا جاسکتا ہے: میٹنگ میں آر پی او



گوجرانوالہ (نوید بخاری سے) ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ کی ریجن گوجرانوالہ کے زونل ہیڈ آف بینک کے ساتھ میٹنگ، میٹنگ میں آر پی او نے بینکرز سے سکیورٹی معاملات پر گفتگو کی اور کہا کہ باہمی تعاون سے ہی بینکوں کے گردونواح میں ڈکیتی کی وارداتوں کا سدباب کیا جاسکتا ہے انہوں نے کہا کہ عید کے دنوں میں بینکوں اور اے ٹی ایم پر وارداتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے چوبیس گھنٹے سکیورٹی گارڈ کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے۔ بینکوں سے ہیوی اماؤنٹ لے جانے والے کسٹمرز کے ساتھ پولیس کو بروقت اطلاع دے کر رقم کی ترسیل کو محفوظ بنایا جائے۔ بینک احاطہ اور گردونواح میں اچھی کوالٹی کے سی سی ٹی وی کیمرہ جات کو ہمہ وقت فعال رکھا جائے۔ بینک میں سی سی ٹی وی کیمرے ایسی جگہوں پر لگوائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ کوریج کی جاسکے اور اپنے اردگرد نظر رکھیں۔ بینکوں کے باہر ڈکیتی کے مقدمات میں ملوث سابق ریکارڈ یافتہ ملزمان کی نگرانی اور شامل تفتیش بھی کیا جائے گا۔ آر پی او نے بینکوں کی فول پروف سکیورٹی کو حتمی شکل دینے کے لیے ریجنل بینک سکیورٹی افسران سے اہم تجاویز بھی لیں تاکہ گوجرانوالہ میں جرائم کو کنٹرول کیا جاسکے۔ آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے زونل ہیڈ آف بینک ساتھ میٹنگ کرتے ہوئے انہیں ہر ممکن تعاون فراہم کی یقین دہانی کروائی۔

ضلعی انتظامیہ کے زیرانتظام یوم حضرت علیؑ کے حوالے سے امن کمیٹی کا انعقاد کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کے زیرانتظام یوم حضرت علیؑ کے حوالے سے امن کمیٹی کا انعقاد کیا گیا۔ میٹنگ میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل، پاک فوج کے افسران، امن کمیٹی کے عہدیداران وممبران نے شرکت کی۔ دوران میٹنگ ضلع میں امن و امان کی صورتحال، رمضان المبارک، یوم حضرت علیؑ کے حوالے سے سکیورٹی و دیگر انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ امن و امان کے قیام، مذہبی رواداری کے حوالے سے امن کمیٹی کی کاوشوں کو سراہا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یوم شہادت حضرت علیؑ کے موقع پر چنیوٹ پولیس کی جانب سے سخت سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے مجالس، جلوسوں پر فول پروف سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھتے ہوئے امن و امان کے قیام میں پولیس کا ساتھ دیں۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجالس، جلوسوں پر ضلعی انتظامیہ کے تمام الائیڈ ڈیپارٹمنٹس کی جانب سے انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ ممبران امن کمیٹی مذہبی رواداری و ہم آہنگی اور امن و امان کے قیام میں امن کمیٹی کے ممبران اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ تمام ممبران نے لوگوں کی حفاظت اور امن و امان کے قیام کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ اس موقع پر امن و امان کے قیام اور ملکی سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

اڑان پاکستان رمضان پروگرام کے تحت پچاس لاکھ افراد کی افطاری کا پروگرام پورے پاکستان میں جاری ہے

پروجیکٹ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال کیپٹن (ر) شاہین خالد بٹ اور ان کی ٹیموں میں شامل ورکرز، سٹاف اور سکول ملازمین دن رات کام کر رہے ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) اڑان پاکستان رمضان پروگرام کے تحت پچاس لاکھ افراد کی افطاری کا پروگرام پورے پاکستان میں جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار ہیومن رائٹس کے سیکرٹری جنرل محمد شفیق مغل اور معروف سینئر صحافی حاجی ڈاکٹر یاسر ندیم شیخ نے پاکستان بیت المال کے دورہ کے دوران میڈیا سے مشترکہ گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے مزید بتایا کہ پروجیکٹ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال کیپٹن (ر) شاہین خالد بٹ اور ان کی ٹیموں میں شامل ورکرز، سٹاف اور سکول ملازمین دن رات کام کر رہے ہیں۔ جو رمضان المبارک میں اللہ کی خوشنودی کے لئے افضل اعمال اور صدقہ جاریہ ہے۔ اس سلسلے میں ریجنل ڈائریکٹر پاکستان بیت المال محمد ظہیر، ریجنل آفس لاہور کی خصوصی نگرانی و ریجنل آفس کے زیر اہتمام کر رہے ہیں۔ جبکہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد خلیل کاہلوں، ڈسٹرکٹ آفیسر پاکستان بیت المال ملک فیصل فرزند اور آفس سپرنٹنڈنٹ شیخوپورہ محمد افضل نے بھی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان بیت المال ضلع شیخوپورہ کی جانب سے رمضان المبارک میں روزانہ 950 افطاری بکس مختلف اداروں سکولز اور مساجد سمیت مختلف مقامات پر روزانہ تقسیم کیے جا رہے ہیں۔ پاکستان بیت المال ضلع شیخوپورہ رمضان المبارک کے بابرکت سعادتوں والے مہینے میں عوام کی خدمت کے اس عظیم مشن پر گامزن ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ ماہ رمضان المبارک میں روزہ داروں کی سہولت اور مستحق افراد کی مدد کے لیے ضلع بھر میں روزانہ کی بنیاد پر افطاری بکس مختلف عوامی مقامات پر تقسیم کئے جا رہے ہیں، تاکہ روزہ دار بلا کسی دشواری کے افطار کر سکیں۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے پنڈی بھٹیاں کا دورہ کیا

ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور دیگر کاموں کا جائزہ لیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے پنڈی بھٹیاں کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور دیگر کاموں کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر اشفاق احمد بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے پنڈی بھٹیاں کے دورہ کے موقع پر لاہور روڈ، مصطفیٰ روڈ، حسن پورہ، جہانگیر پورہ اور اس سے ملحقہ گلی محلوں وعلاقوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اور میونسپل کمیٹی کی جانب سے صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اور ایم سی افسران کو ہدایت کی کہ شہر کے گنجان آباد علاقوں، گلی محلوں کی صفائی ستھرائی کی صورتحال کو فوری بہتر بنایا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ نالیوں کی صفائی اور نکاسی آب کا بھی بہتر بندوبست کیا جائے۔ انکا کہنا تھا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہری اور دیہی علاقوں کی صفائی ستھرائی کو ترجیحی بنیادوں پر بہتر بنایا جا رہا ہے لیکن بعض علاقوں میں صفائی کی صورتحال معیار کے مطابق نہیں اس لیے ایسے علاقوں میں سینٹری ورکرز کی خصوصی ٹیمیں لگا کر وہاں نکاسی آب، گلی محلوں اور نالیوں کی صفائی کو بہتر بنایا جائے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ایم سی افسران کو مزید ہدایت کی کہ صفائی ستھرائی کے ساتھ ساتھ شہر کے اہم چوک چوراہوں، گرین بیلٹس اور عوامی مقامات پر زیادہ سے زیادہ شجرکاری کی جائے اور ان علاقوں کی بیوٹی فیکیشن کا کام بھی کیا جائے۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر نے رمضان سہولت بازار حافظ آباد کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے چینی، آٹا، سبزیاں، کریانہ اور دیگر اشیائے خورد ونوش کے سٹالز کا دورہ کرتے ہوئے وہاں اشیائے خورد ونوش کی وافر دستیابی قیمتوں اور کوالٹی کا بھی جائزہ لیا۔

کمشنر گوجرانوالہ نے جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ میں قائم شدہ امتحانی مراکز کا معائنہ کیا

سپروائزری سٹاف کو تنبیہہ کی کہ وہ امتحانی ڈیوٹیاں تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ کے وضع کردہ قواعد وضوابط کے مطابق سرانجام دیں

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/ چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (فرسٹ اینول) 2025 کے مضمون اُردو (لازمی) کے انعقاد کے دوران قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالج، جی ٹی روڈ گوجرانوالہ میں قائم شدہ امتحانی مراکز کا معائنہ کیا۔ انہوں نے سپروائزری سٹاف کو تنبیہہ کی کہ وہ امتحانی ڈیوٹیاں تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ کے وضع کردہ قواعد وضوابط کے مطابق سرانجام دیں۔ انہوں نے مزید ہدایات دیں کہ وہ اصل امیدواران کی تصدیق کیلئے بورڈ کی طرف سے مہیا کردہ کٹ لسٹوں کے ساتھ تمام امیدواران کی شناخت کو یقینی بنائیں۔ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ حکومت پنجاب کے وژن صاف اور شفاف امتحانی نظام کو ہر لحاظ سے کامیاب بنانے کیلئے ڈویژن کے تمام اضلاع کی انتظامیہ متحرک ہے اور ڈپٹی کمشنرز/ اسسٹنٹ کمشنرز/ تحصیلدارز و دیگر آفیسرز اور مرد وخواتین آفیسرز پر مشتمل خفیہ ٹیمیں امتحانی مراکز کا معائنہ کر رہی ہیں۔ بورڈ انتظامیہ موبائل انسپکٹرز اور ضلعی انتظامیہ کے آفیسرز دوران معائنہ طلباء وطالبات کے ساتھ ساتھ امتحانی مراکز پر تعینات سپروائزری سٹاف کے موبائل فونز بھی چیک کر رہے ہیں۔ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق امتحانی مراکز پر تعینات عملہ کے کسی بھی ممبر سے موبائل فون و دیگر متعلقہ آلات برآمد ہونے تو اس کیخلاف متعلقہ پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کی سفارش بھی کی جائے گی۔ کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد نعیم بٹ نے بتایا کہ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن کی ہدایات پر بورڈ انتظامیہ بھی سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے حساس امتحانی مراکز کی کڑی نگرانی کر رہی ہے۔ تمام امتحانی مراکز پر مذکورہ امتحانات پرامن اور

ایس ایچ او صدر غازی میاں محمد رزاق کا منشیات کیخلاف کریک ڈاؤن

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ پولیس کی دوران کارروائی منشیات کی ایک بڑی چین کا بریک اپ، شراب کی بڑی کھیپ پکڑ لی، پانچ سو سے زائد ولائتی شراب کی بوتلیں برآمد، ملزم گرفتار، مقدمہ درج ترجمان پولیس کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی خصوصی ہدایات پر سیالکوٹ پولیس کا موت کے سوداگر منشیات فروشوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے جو اس سلسلہ میں ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ انسپکٹر میاں عبدالرزاق معہ سب انسپکٹر محمد یاسر نے ٹیم کے ہمراہ ہیومن ریسورس اور انٹیلیجنس بیس کارروائی کے دوران منشیات کی ایک بڑی چین کا بریک اپ کرتے ہوئے ملزم مبشر ولد پرویز سکنہ رنگپور کے قبضے سے شراب کی بڑی کھیپ 502 عدد ولائتی شراب کی بوتلیں برآمد کر کے گرفتار کیا۔ دوران انٹیروگیشن ملزم نے بتایا کہ وہ ضلع سیالکوٹ کے مختلف علاقوں میں منشیات کی سپلائی کرتا ہے۔ ترجمان پولیس کے مطابق سیالکوٹ پولیس ضلع سے منشیات کی لعنت کا جڑ سے خاتمہ کرنے کیلئے چھوٹے موٹے نشئیوں کی بجائے اس مکروہ دھندے میں ملوث بڑی مچھلیوں کو پکڑا جا رہا ہے شہر سے منشیات کے مکمل خاتمے تک کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا سپیشل لوگوں کیلئے سپیشل اقدامات

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سپیشل لوگوں کیلئے سپیشل اقدامات کیے۔ پنجاب بھر میں 40 ہزار سپیشل بچوں کی ہیلتھ سکریننگ کے بعد بیماریوں کی تشخیص کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بیمار طلبہ کے مفت علاج کا حکم دیا۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ طلبہ کی حاضری کے لئے فیشل رجسٹریشن سسٹم متعارف کرایا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خصوصی افراد روزگار پروگرام کی منظوری دے دی۔ سپیشل بچوں کیلئے رائزنگ سٹار کارڈ برائے سپیشل چلڈرن متعارف کرانے کا پروگرام کا فیصلہ کیا گیا۔ سپیشل چلڈرن کیلئے پیک فوڈ کا میل پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز عیدی پروگرام برائے خصوصی طالبعلم نے منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سپیشل بچوں کیلئے 9 الیکٹرک بسوں کی منظوری بھی دے دی۔ سپیشل ایجوکیشن مراکز کا ہر 6 ماہ کے بعد پرفارمنس آڈٹ کرانے کی ہدایت کی گئی۔ معاون خصوصی برائے وزیراعلیٰ اور ایس ایم یو کو سپیشل بچوں کے والدین سے مسلسل رابطوں کا حکم دیا۔ سپیشل بچوں کا تحفظ یقینی بنانے کیلئے سکولوں، سینٹرز اور بسوں میں مزید کیمرے نصب کرنے کی ہدایت کی گئی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پہلی مرتبہ سپیشل ایجوکیشن کے بجٹ کی رنگ فینسنگ کی گئی۔ سپیشل بچوں کیلئے ایکسٹرنل امتحانی سسٹم تشکیل دینے کیلئے اقدامات کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سپیشل بچوں کیلئے کلینکل سائیکالوجسٹ اور سپیچ تھراپسٹ کی سروسز، آؤٹ سورس کرنے کا حکم دیا۔ سپیشل بچوں کیلئے غیر ملکی ماہرین کی خدمات حاصل کرنے کا جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ سپیشل بچوں کے داخلے یقینی بنانے کیلئے سی ایم پنجاب انرولمنٹ اور آگاہی مہم بھی شروع کی جائے گی۔ معاون خصوصی برائے وزیراعلیٰ ثانیہ عاشق جبین نے سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے بارے میں تفصیلی بریفنگ میں بتایا گیا کہ ذہنی طور پر متاثرہ ساڑھے 6 ہزار سپیشل بچوں کی کیٹگری کا تعین کیا گیا۔ ذہنی طور پر متاثرہ سپیشل بچوں کی کیٹگری کے مطابق نیا سلیبس بھی تیار کر لیا گیا۔ ہر ڈسٹرکٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر آف ایکسی لینس میں ڈیجیٹل سمارٹ روم بنایا جائے گا۔ بصارت اور قوت سماعت سے محروم سپیشل بچوں کو ٹچ سکرین پر ڈیجیٹل سلیبس پڑھایا جائے گا۔ بصارت اور قوت سماعت سے محروم بچے ٹچ سکرین کی مدد سے آسانی سے پڑھ سکیں گے۔

ہر ڈسٹرکٹ میں سپیشل ایجوکیشن سنٹر آف ایکسی لینس میں ووکیشنل ٹریننگ سنٹر قائم کیے۔ مڈل کلاس سے سپیشل بچوں کو خودمختاری کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے سکل سکھائے جائیں گے۔ میٹرک تک ہر سپیشل بچے کے لئے سکل سیکھنے میں معاونت کی جائے گی۔ آٹزم سکول میں ارلی آٹزم کے پہلے مرحلے پر تشخیص کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ تین سالہ متاثرہ بچے کو ابتدائی عمر میں ہی آٹزم کی تشخیص سے علاج میں آسانی ہوتی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواشریف کی ہدایت پر سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں پہلی مرتبہ مانیٹرنگ کا سسٹم نافذ کیا گیا۔ سماعت سے محروم بچوں کیلئے خصوصی سپیشل سلیبس تیار کیا اور منظوری دے دی گئی۔ سماعت سے محروم بچوں کیلئے سائن لینگویج بھی شامل کی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سپیشل ایجوکیشن انفارمیشن سسٹم اور خصوصی ہیلپ لائن 1162 قائم کیے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سپیشل ایجوکیشن موبائل ایپ بھی فنکشنل کر دی گئی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ پنجاب میں 14567 سپیشل طالبات سمیت 39085 سے زائد سپیشل طلباء خصوصی مراکز میں زیر تعلیم ہیں۔ سماعت سے محروم، جسمانی معذور شکار، نابینا اور آٹزم کا شکار بچے سپیشل ایجوکیشن مراکز میں زیر تعلیم ہیں۔

وینس سٹی کی اصل تاریخ انتہائی دلچسپ



وینس جسے محبت کا شہر اور پانیوں کی ملکہ بھی کہا جاتا ہے دنیا کے خوبصورت ترین شہروں میں شمار ہوتا ہے۔ مگر اس کی اصل حیرت انگیزی اس کی تعمیراتی انجینئرنگ میں ہے، جو کسی معجزے سے کم نہیں۔ یہ شہر درحقیقت ایک "ڈوبے ہوئے جنگل" پر قائم ہے، جہاں ہزاروں عمارتیں پانی پر کھڑی نظر آتی ہیں، مگر درحقیقت وہ لکڑی کے ستونوں کے ایک پیچیدہ نظام پر قائم ہیں جو صدیوں سے پانی کے اندر محفوظ ہیں۔

وینس کا تعمیراتی معجزہ: لکڑی کے ستونوں کا جال

وینس شمالی اٹلی میں ایک دلدلی لاگون (Lagoon) کے اندر 118 چھوٹے جزائر پر بنایا گیا ہے، جہاں روایتی بنیادیں تعمیر کرنا ممکن نہیں تھا۔ لہٰذا، وینس کے معماروں نے ایک نیا اور منفرد طریقہ اپنایا

.1 لکڑی کے ستون (Piles) کی تنصیب۔ وینس کے ابتدائی معماروں نے بلوط (Oak) اور لارچ (Larch) کے سخت تنوں کو کاٹ کر انہیں سمندری کیچڑ میں گاڑ دیا۔ یہ ستون آکسیجن کی عدم موجودگی کی وجہ سے گلنے سڑنے سے محفوظ رہے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ معدنیات جذب کر کے مزید سخت ہو گئے، یہاں تک کہ وہ پتھر جیسے ہو گئے .2 پتھریلی بنیادوں کی تعمیر۔ ان ستونوں کے اوپر پتھر اور اینٹوں کے پلیٹ فارم تعمیر کیے گئے، جنہوں نے مضبوط بنیادوں کا کام دیا۔ اس کے بعد ان بنیادوں پر شاندار عمارتیں، گرجا گھر اور محلات تعمیر کیے گئے۔ حیران کن اعداد و شمار: وینس کی مشہور عمارتوں کی بنیادیں سین مارکو کے گھنٹہ گھر (s'Mark St. of TowerBell Square) کی بنیاد میں 100,000 سے زیادہ لکڑی کے ستون نصب کیے گئے ہیں۔

باسلیکا ڈیلا سیلوٹے (di Basilica SalutedellaMariaSanta) کو سہارا دینے کے لیے 1,106,657 لکڑی کے ستون گاڑے گئے تھے، جو ایک ناقابل یقین تعداد ہے۔ وینس میں مجموعی طور پر لاکھوں لکڑی کے ستون پانی کے نیچے ایک سمرجڈ فاریسٹ یعنی ڈوبے ہوئے جنگل کی طرح بچھے ہوئے ہیں۔ قارئین کرام کیا آپ جانتے ہیں کہ الف لیلوی داستان جیسا حقیقی شہر

وینس کیسے اب تک قائم ہے؟ وینس کی یہ حیرت انگیز تعمیراتی تکنیک آج بھی دنیا کے ماہرینِ تعمیرات کے لیے ایک معمہ بنی ہوئی ہے۔ لکڑی کے ستون مسلسل پانی میں ڈوبے رہنے کی وجہ سے آکسیجن سے دور رہتے ہیں، جس کی وجہ سے وہ سڑنے یا ٹوٹنے سے محفوظ رہتے ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ ستون معدنیات جذب کر کے تقریباً پتھر کی شکل اختیار کر چکے ہیں، جو انہیں مزید پائیدار بناتا ہے۔ وینس کے نیچے موجود کیچڑ اور گارا ایک قدرتی انسولیٹر (Insulator) کا کام کرتا ہے، جو ستونوں کو استحکام دیتا ہے۔ وینس ایک بے مثال انسانی اختراع۔ یہ حیران کن حقیقت ہے کہ ایک ایسا شہر، جو مکمل طور پر پانی پر قائم ہے، صدیوں سے قائم ہے اور آج بھی دنیا کے سب سے زیادہ دیکھے جانے والے سیاحتی مقامات میں شامل ہے۔ یہ نہ صرف ایک تاریخی اور ثقافتی خزانہ ہے بلکہ انجینئرنگ اور انسانی ذہانت کی ایک شاندار مثال بھی ہے۔ یہ تعمیراتی کارنامہ ہمیں یہ سمجھاتا ہے کہ جب عقل، محنت اور سائنسی سوچ یکجا ہو جائیں، تو ناممکن بھی ممکن بنایا جا سکتا ہے۔ حضرت انسان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے اشرف المخلوقات بنایا تو یہی اس کی علم و حکمت و قابلیت و ذہانت انسان کو دیگر مخلوقات سے افضل گردانتی ہے مگر کیا کیجیئے کہ یہی انسان بسا اوقات اپنی اوقات و مرتبہ بھلا کر خود کو احقر کرتے ہوئے باعزت مقام سے گراوٹ میں لے آتا ہے جو اسے خالق و مخلوق کی نگاہ میں گرا دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں انسانیت کی بھلائی و قدرت الٰہی کی عرق ریزی کی توفیق عطا فرمائے۔

غزوہ بدر کی تعلیمات

آج ہم بات کرتے ہیں کفر و اسلام کی پہلی جنگ جو 17 رمضان المبارک 2 ہجری کو بدر کے مقام پر لڑی گئی اور اس بناء پر تاریخ اسلام میں اسے جنگ بدر یا غزوہ بدر کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس غزوہ بدر میں حق اور باطل کا آمنا سامنا ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے باطل کو شکست اور حق کو فتح سے ہمکنار کیا۔ اصل سوچنے اور سمجھنے کی بات یہ ہے کہ ہمیں غزوہ بدر سے کیا سبق ملتا ہے؟ ایک لفظ ہے "غیرت" جسے ہم اپنی انفرادی ذات کے لیے تو استعمال کرنا جانتے ہیں

جب ہماری ذات پر کوئی انگلی اٹھائے تو ہماری غیرت اس انگلی کو توڑ دینا چاہتی ہے لیکن جب اسلام پر کوئی انگلی اٹھاتا ہے یا نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ناموس پر کوئی انگلی اٹھاتا ہے یا ہمارے ہی مسلمان بہن بھائیوں پر ظلم ہوتا ہے

تو ہم کہتے ہیں اسلام امن کا درس دیتا ہے۔ یاد رہے، غزوہ بدر ہمیں غیرت کا درس دیتا ہے۔ ذرا سوچیئے، کیا غزوہ بدر اسلام کے لیے نہیں تھی؟ کیا غزوہ بدر نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ناموس کی حفاظت کے لیے نہیں تھی؟ مکہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر کیا کیا ظلم نہیں کیئے گئے، کیا غزوہ بدر ان صحابہ کے اہل وعیال کے لیے نہیں تھی جن پر مکہ میں ظلم وستم ہو رہا تھا؟ اسلام امن کا درس ضرور دیتا ہے

لیکن تب جب مکہ فتح ہو جائے اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کعبہ کی چھت پر چڑھ جائے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم فرمائیں آج عام معافی کا اعلان ہے۔ جب اسلام کے خلاف سازشیں کی جاری ہوں، نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ناموس پر انگلی اٹھائی جا رہی ہو اور ختم نبوت پر حملہ کیا جا رہا ہو اور برما، شام، عراق، افغانستان اور کشمیر کے مسلمانوں پر ظلم کیا جا رہا ہو تو پھر اسلام امن کا نہیں بلکہ غیرت کا درس دیتا ہے جیسا کہ غزوہ بدر کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عملی طور پر کر کے دکھایا۔ غزوہ بدر اسلامی تاریخ کا وہ سنہری واقعہ ہے جب 313 بے سروسامان مسلمان اور سامنے ایک ہزار کے لشکر کفار سے ٹکرا گئے

نقطہ نظر
کالم نگار
محمد شہزاد بھٹی
shehzadbhatti323@gmail.com

جو ہتھیاروں سے لیس تھا مگر جب بات اسلام کی ہو، نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ناموس کی ہو، بات ظلم کے خلاف ہو تو غیرت اگر مگر نہیں کرتی غیرت خالات کا رونا نہیں روتی اور غیرت ہتھیاروں کو نہیں دیکھتی۔ بس اللہ اور رسول کا نام لے کر بدر میں کود جاتی ہے سمندروں میں گھوڑے ڈال دیتی ہے تو پھر اللہ تعالیٰ فرشتے بھی بھیجتا ہے۔

اگر غیرت ایمانی زندہ ہو تو فرشتے آج بھی آ سکتے ہیں۔ یاد رکھیں، غزوہ بدر ایک جنگ ہی نہیں بلکہ یہ مسلمانوں کے حوصلے، صبر اور اللہ تعالیٰ پر بھروسے کا امتحان بھی تھا۔ غزوہ بدر میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح عطا فرمائی اور یہ ثابت کر دیا کہ ایمان کی طاقت مادی وسائل پر غالب آتی ہے۔ غزوہ بدر میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح عطا فرمائی اور یہ ثابت کر دیا کہ ایمان کی طاقت مادی وسائل پر غالب آتی ہے۔ آج ہمیں غزوہ بدر کی تعلیمات پر عمل کرنا ہو گا کیونکہ مسلمانوں کی کامیابی اور اسلام کی سربلندی اسی میں ہے، اللہ تعالیٰ ہم سب کو عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

'پراجیکٹ عمران خان'۔ بہت مہنگا پڑ رہا ہے!

تحریر: عرفان صدیقی

'جعفر ایکسپریس' کے دہشت گردانہ اغوا نے پاکستان ہی نہیں دنیا بھر کو لرزا دیا۔ مسلح افواج کے دلیرانہ اور جزئیات کی حد تک پختہ کار پیشہ ورانہ آپریشن نے بہت بڑی خون ریزی سے بچا لیا۔ فوج کے جوانوں نے اپنی جانیں نچھاور کر کے، اپنے ہم وطنوں کی جانیں بچائیں۔

دشوار گزار سنگلاخ پہاڑی سلسلوں میں، دہشت گردوں کے نرغے میں گھری جعفر ایکسپریس کے چارسُو رات کے اندھیرے گہرے ہو رہے تھے، سینکڑوں گھرانے اپنے پیاروں کی زندگیوں کے بارے میں امید وبیم کی صلیب پر لٹکے ہوئے تھے اور نیند سے بوجھل آنکھوں میں چنگاریاں سی بھر گئی تھیں جب رات دس بج کر بتیس منٹ پر، بانی پی۔ ٹی۔ آئی، عمران خان کے تصدیق شدہ ذاتی ایکس اکاؤنٹ سے ایک طویل بیان جاری ہوا۔ خارجہ پالیسی کو شدید تنقید کا نشانہ بنانے اور افغانستان کے ساتھ تعلقات کے بگاڑ کی تمام تر ذمہ داری پاکستان پر ڈالنے کے بعد موصوف نے فرمایا۔ "خفیہ اداروں کا اصل کام، سرحدوں کا تحفظ اور دہشت گردی سے بچاؤ ہے۔ اگر وہ پولیٹیکل انجینئرنگ اور تحریک انصاف کو توڑنے میں ہی لگے رہیں گے تو سرحدوں کا تحفظ کون کرے گا؟" جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کے حملے اور مسلح افواج کے آپریشن کو یکسر نظرانداز کرتے ہوئے اپنی "اُفتاد" کی داستان سناتے ہوئے فرمایا۔ "میری اپنے بچوں سے بات نہیں کرائی جاتی۔ جیل مینوئل کے مطابق اپنی بیوی سے نہیں ملایا جا رہا۔"

یہ ہے اُس "پراجیکٹ عمران خان" کا تازہ ترین چہرہ جسے بڑی ہُنرمندی سے تراشا اور 25 جولائی 2018 کی رات کی اولیں ساعتوں میں آر۔ ٹی۔ ایس کی شہ رگ دبوچ کر قوم پر مسلط کیا گیا۔ علی الصبح جنرل آصف غفور نے "وتعزُ من تشاء وتُذِلُ من تشا" (وہ جسے چاہے عزت دے جسے چاہے ذلت دے) کا شہرۂ آفاق ٹویٹ کر کے اہل وطن کو یہ مژدہ جانفزا سنایا کہ ہم ایک مدت سے جس شجرِ آرزو، کو سینچ رہے تھے، وہ بالآخر پھل لے آیا ہے۔ یہ پھل قوم وملک کو کس بھاؤ؟ پڑا، اِس کا اندازہ سرِ دست نہیں لگایا جا سکتا کیونکہ "صدقہ جاریہ" کی طرح یہ پراجیکٹ جانے کب تک 'صدمہِ جاریہ' بن کر، عذابِ پیہم کی طرح ہم پر مسلّط رہے گا۔

معاشی امور پر گرفت رکھنے والے مبصر خُرم حسین نے 13 مارچ کو معروف انگریزی اخبار "ڈان" میں ایک چشم کُشا آرٹیکل لکھا۔ خُرم کا کہنا ہے کہ افراط زر (مہنگائی) کی شرح میں بے تحاشا اضافے کا سلسلہ عمران خان کے دور میں شروع ہوا جب یہ شرح 38 فی صد تک پہنچ گئی۔ اُن کے اقتدار سے ہٹنے کے فوراً بعد یہ شرح نقطہِ عروج پر پہنچ گئی لیکن عمران خان نے، اقتدار سے محرومی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اِس کا ملبہ آنے والوں پر ڈال دیا۔ "اِسی آرٹیکل میں خُرم حسین نے دو اور اقتصادی مبصرین کی آراء کا حوالہ بھی دیا ہے جن میں سے ایک، حفیظ پاشا لکھتے ہیں کہ۔ "2008 سے 2017 تک عام پاکستانی کی قوتِ خرید میں اوسطاً 3 فی صد سالانہ کی شرح سے اضافہ ہوا۔ "حفیظ پاشا مزید کہتے ہیں۔ "یہ امر انتہائی افسوس ناک ہے کہ آج ایک غریب پاکستانی ورکر کی قوتِ خرید، اُس قوتِ خرید سے بھی بہت کم ہے جو اُسے آٹھ سال پہلے (2017 میں) حاصل تھی۔ شاذ و نادر ہی دیکھا گیا ہے کہ غریب کارکنوں کی آمدنی رقوتِ خرید پر ایسی تباہ کُن ضرب لگی ہو۔ "خُرم حسین نے ایک اور معتبر اقتصادی مبصر، عادل منصور کا حوالہ بھی دیا ہے جس نے اعداد و شمار کی مدد سے واضح کیا ہے کہ" اگر آنے والے مزید پانچ سالوں تک، عام پاکستانی کی اُجرت میں دس فی صد سالانہ کی شرح سے اضافہ کیا جاتا رہے، تو اُس کی قوتِ خرید 2029 میں، اُس قوتِ خرید کے برابر پہنچے گی جو اُسے 2017 میں حاصل تھی۔ "کاش اِس امر کا بھی جائزہ لیا جائے کہ اگر 2017 والا پاکستان، نواز شریف کی قیادت میں اُسی ثابت قدمی اور سُبک روی کے ساتھ آگے بڑھتا رہتا تو آج کہاں کھڑا ہوتا اور عام پاکستانی کے شب و روز میں کتنی بہتری آ چکی ہوتی۔

اِس فتنہ ساماں "پراجیکٹ" نے پاکستان کی سیاسی، سماجی اور جمہوری اقدار پر کتنے چرکے لگائے اور باہمی نفرتوں کے کیسے کیسے خارزار کاشت کیے، اِس کا اندازہ لگانے میں کئی سال لگیں گے۔ 9 مئی کی غارت گری کو خوش آمدید کہنے اور اِسے اپنے فدائین کا فطری ردِّعمل قرار دینے کے مہینوں بعد پی۔ ٹی۔ آئی نے یہ پُرفریب بیانیہ تراشا کہ 9 مئی تو فوج کا "فالس فلیگ آپریشن" تھا۔ مطلب یہ ہے کہ خود فوج نے سینکڑوں فوجی تنصیبات پر حملے کیے، فضائیہ کے اڈوں پر کھڑے طیارے جلائے، شہدا کی یادگاروں کی بے حُرمتی کی اور الزام، آب زمزم میں دھلی، پاکیزہ و معصوم پی۔ ٹی۔ آئی کے سر تھوپ دیا۔ اب تحریک انصاف کے سیکریٹری جنرل، سلمان اکرم راجہ نے، جانے پہچانے اور معروف ایکس اکاؤنٹس سے کیے جانے والے پاکستان دشمن پراپیگنڈے سے لاتعلقی کی کوشش کرتے ہوئے کہا کہ "پی۔ ٹی۔ آئی، لاکھوں اکاؤنٹس کو کنٹرول نہیں کر سکتی۔ لوگوں کو باہر بٹھا کر، پی۔ ٹی۔ آئی کا لبادہ اوڑھاتے ہوئے، دانستہ منصوبے کے تحت، اُن سے ٹویٹس کرائے جاتے ہیں۔ اُن کا پی۔ ٹی۔ آئی سے کوئی تعلق نہیں۔" کوئی ہے جو اِس بے سروپا دلیل پر یقین کرے؟ پی۔ ٹی۔ آئی کی کانِ نمک میں جا کر، نمک ہو جانے والے، اچھے خاصے خوش سلیقہ و شیریں کلام سلمان اکرم راجہ، لاکھوں اکاؤنٹس نہ سہی، صرف عمران خان ہی کا باضابطہ اور مصدقہ ذاتی ایکس اکاؤنٹ بند کرا دیں

'پراجیکٹ عمران خان'۔ بہت مہنگا پڑ رہا ہے!

ڈاکٹر اصغر دشتی

معاہدہ ویسٹ فیلیا 1648 اور ویسٹفیلین قومی ریاست کے تصور کو بین الاقوامی تعلقات کے مضمون میں بہت زیادہ اہمیت دی جاتی ہے اور کلاس رومز میں اسے ایک ابدی اور ازلی سچائی کے طور پر پڑھایا جاتا ہے اور اس بات کو نظر انداز کیا جاتا ہے کہ ویسٹفیلین اقتدار اعلیٰ ایک یورپی اور نئی دنیا کا تصور ہے اور کسی بھی ایک طاقتور (یورپی) گروہ کو اس کی تعریف وتشریح کا واحد اختیار نہیں دیا جا سکتا۔

بین الاقوامی تعلقات کے تمام موضوعات کی طرح یہ موضوع بھی یوروسینٹرک علمی نقطہ نگاہ اور نوآبادیاتی بیانیہ پر مبنی ہے۔ ویسٹفیلین ریاستی اقتدار اعلیٰ جو جدید، مقتدر اور مہذب قومی ریاست کا تصور پیش کرتا ہے دراصل یورپی کالونیل طاقتوں کا ایک انتظامی بندوبست تھا جسے انہوں نے اپنی نوآبادیاتی حکمرانی کو جواز فراہم کرنے کے لیے 1648 کے بعد مختلف مقامی اقوام اور ثقافتوں پر مسلط کیا۔ اس تصور کے ذریعے یورپی طاقتوں نے عالمی سطح پر اپنی قبضہ گیری اور تسلط پسندی کو قانونی حیثیت دی اور غیر یورپی نوآبادیاتی علاقوں میں اپنی حکمرانی کو ایک جائز، قانونی اور منطقی اصول کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کی۔ ویسٹفیلین قومی ریاست کا یہ یوروسینٹرک تصور مقامی اور غیر یورپی اقوام کی خودمختاری کو تسلیم نہیں کرتا تھا اور ان کی اپنی ثقافتی، سماجی، سیاسی اور معاشی آزادیوں اور حقیقتوں سے انکار کرتا تھا۔ ویسٹفیلین ریاست کے تصور کو نوآبادیاتی تسلط، جبر اور غلامی کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے جس نے عالمی سطح پر طاقت کے عدم توازن کو مستحکم کیا۔ موجودہ دور میں مروجہ قانون بین الاقوام جو ویسٹفیلین قومی ریاست کے قانونی فریم ورک پر مبنی ہے دراصل یورپی کالونیل طاقتوں کے مفادات کو مضبوط کرنے کا ایک آلہ اور نوآبادیاتی تاریخ کا تسلسل ہے جس کے ذریعے یورپی طاقتوں نے اپنی حکمرانی کو "قانونی" جواز فراہم کیا۔ ویسٹفیلین قومی ریاست کے تصور نے عالمی سطح پر نوآبادیاتی قبضہ گیری کو مستحکم کیا اور مقامی اقوام کی آزادی کے حق کو کچل دیا۔ یہ نقطہ ذہن میں رہے کہ یورپ میں ویسٹفیلین ریاستی تصور اقتدار اعلیٰ کے ابھرنے کا دور وہی تھا جب یورپی طاقتیں دنیا کے دیگر حصوں کو نوآبادی بنانے میں مشغول تھیں۔ اس سیاق وسباق میں ریاستی اقتدار اعلیٰ پر پیش کیے گئے فلسفیانہ مباحث نوآبادیات کو جواز فراہم کرنے کی کوششوں سے جڑے ہوئے تھے۔ ویسٹفیلین تصور آج بھی قومی ریاستوں کے نام پر درحقیقت سیٹلر کالونیلزم کو ہی برقرار رکھتا ہے۔

ویسٹفیلین اقتدار اعلیٰ کے تصور کو مقامی تصور اقتدار اعلیٰ یا خودمختاری کے تصور نے ہمیشہ سے چیلنج کیا ہے۔ دنیا بھر میں حق خود ارادیت کے تحت چلنے والی آزادی کی تحریکوں نے روایتی ویسٹفیلین قومی ریاست کے تصور پر سوالات اٹھائے ہیں۔ حالیہ برسوں میں پوسٹ کالونیل اسکالرز، بین الاقوامی تنظیموں اور مقامی حقوق کے حامیوں نے ویسٹفیلین خودمختاری کے نوآبادیاتی بیانیے کو چیلنج کیا ہے۔ جہاں ویسٹفیلین اقتدارِ اعلیٰ اور ریاستی خودمختاری کا تصور قابض کالونیل طاقتوں کے مفادات کو فروغ دینے کے لیے صدیوں سے بین الاقوامی سیاسی منظرنامے کی تشکیل کرتا رہا ہے، وہیں مقامی خودمختاری کی تحریکوں نے موجودہ دور میں کالونیل قبضہ گیری کے خلاف جدوجہد کو نیا رخ دیا ہے۔ یہ تحریکیں خود ارادیت، آزادی اور ثقافتی بقا کے لیے ایک مزاحمتی بیانیہ فراہم کرتی ہیں جو ویسٹفیلین نظام اور اس کی یوروسینٹرک جڑوں کو اکھاڑنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ اس کے علاوہ ہمیں یہ بات بھی سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ویسٹفیلین تصور اقتدارِ اعلیٰ رخود مختاری اور مقامی تصور اقتدارِ اعلیٰ رخود مختاری دونوں سیاسی تشکیلات (ConstructsPolitical) ہیں۔ یہ دونوں تصورات قدرتی طور پر وجود نہیں رکھتے تھے بلکہ یہ انسانوں کی جانب سے بنائے گئے نافذ شدہ یا قابل نفاذ تصورات یا نظریات ہیں جن کی تشکیل تاریخی، ثقافتی، سماجی، معاشی اور سیاسی عوامل کے تحت کی گئی ہے۔ ایک سیاسی تصور اور Construct کے طور پر اقتدار اعلیٰ کا نظریہ دنیا بھر میں جاری سیاسی جدوجہد، مزاحمتی تحریکوں اور مادی حالات کے تناظر میں مسلسل ارتقاء پذیر ہے کیونکہ مختلف اقوام اپنے حقوق اور آزادی کے لیے جدوجہد کرتی رہتی ہیں۔ یہ نظریہ صرف ریاستی حدود اور حکومتی اداروں تک محدود نہیں رہا بلکہ مقامی عوام، نسلی اقلیتوں اور نوآبادیاتی ماضی کے شکار علاقوں میں بھی خودمختاری اور آزادی کے مطالبات کی صورت میں جدید معنی اختیار کر چکا ہے۔ اس کے علاوہ، عالمی سطح پر تبدیلیوں جیسا کہ عالمی معاشی نظام، ماحولیاتی بحران، اور ٹیکنالوجی میں تبدیلی بھی اقتدار اعلیٰ کے تصور کی تصور کو متاثر کرتی ہیں۔ کسی بھی نظریے یا تصور کو محض جامد اور ساکت انداز میں نہیں دیکھا جا سکتا۔ اقتدار اعلیٰ بھی ایک لچکدار اور مسلسل بدلتا ہوا تصور ہے جو مختلف مادی اور سیاسی حالات کے تحت نئے معنی اختیار کرتا ہے۔

دوران تدریس کلاس روم میں اکثر طلبہ یہ سوال کرتے ہیں کہ کیا پھر ہمیں ویسٹفیلین تصور قومی ریاست کو بالکل رد کر دینا چاہیے یا اس کے متبادلات کیا ہو سکتے ہیں؟ یہ سوال اپنی جگہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ ویسٹفیلین ریاست کا تصور عالمی سیاست، بین الاقوامی قانون، ریاستی نظام، حکومتی ڈھانچے اور اقتدار اعلیٰ کے بنیادی اصولوں کی یوروسینٹرک علمی تشریحات اور توجیہات کو دنیا بھر میں مستحکم اور مروج کر چکا ہے اور طلبہ اس تصور کو نہایت فطری اور تاریخی طور پر واحد سچ سمجھتے ہیں۔ چونکہ ویسٹفیلین ریاست کا تصور 1648 میں معاہدہ ویسٹفالیہ سے ابھرا تھا جس نے 30 سالہ جنگ کے بعد خودمختار قومی ریاستوں کی بنیاد رکھی اور عالمی سطح پر ریاستوں کی سرحدوں اور اقتدار کے اصولوں کی تشکیل کی۔ یہ تصور عالمی سیاست اور بین الاقوامی تعلقات میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے اور اب تک بہت ساری ریاستوں کے اندرونی اور بیرونی تعلقات کے اصولوں کا تعین کرتا ہے۔ تاہم یہ تمام تصورات بنیادی طور پر یورپی کالونیل طاقتوں سے وابستہ ہیں اور یہی وہ پہلو ہے جس پر سوال اٹھایا جا رہا ہے۔

جب طلبہ ان اصولوں اور نظریات کو یوروسینٹرک علمی مہابیانیہ کے تحت دیکھتے ہیں

کیا جنید حفیظ کو انصاف مل سکے گا؟

تحریر: سید مجاہد علی

لاہور ہائی کورٹ نے ملتان کی بہاؤ الدین زکریا یونیورسٹی کے سابق لیکچرر کی سزائے موت کے خلاف اپیل سننے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہیں 2013 میں توہین مذہب کے الزامات میں گرفتار کرنے کے بعد 2019 میں دیگر سزاؤں کے علاوہ موت کی سزا دی گئی تھی۔ اب 6 سال بعد اس یک طرفہ سزا کے خلاف اپیل سماعت کے لیے مقرر ہوئی ہے۔

جنید حفیظ کا معاملہ ملک میں توہین مذہب کے قوانین اور اس بارے میں پھیلائی گئی جذباتیت کا ایک کلاسیکل نمونہ ہے جس میں ملزم کو نہ تو صفائی کا موقع ملتا ہے اور نہ ہی اس کے موقف پر غور کیا جاتا ہے۔ جنید حفیظ کے معاملہ میں تو کسی وکیل کو ان کا دفاع کرنے کا موقع ہی نہیں ملا۔ 2014 میں ان کی طرف سے پیش ہونے پر ممتاز وکیل اور انسانی حقوق کے علمبردار راشد رحمان کو ان کے دفتر میں گولیاں مار کر ہلاک کر دیا گیا تھا۔ کوئی اس قتل کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جا سکا لیکن سب جانتے ہیں کہ یہ قتل کن عناصر کے اشارے پر کیا گیا تھا۔ ملک کے انتہا پسند مذہبی عناصر توہین مذہب کے معاملہ کو بنیاد بنا کر انتہا پسندی اور شدت پسندی کو فروغ دیتے ہیں۔ کوئی بھی شخص کسی بھی وجہ سے کسی شخص پر توہین مذہب کا الزام عائد کر سکتا ہے۔ پھر نہ تو قانون اس کی حفاظت کرتا ہے اور نہ ہی زیریں عدالت کا کوئی جج اسے انصاف دینے کا حوصلہ کر سکتا ہے۔ ایسے معاملات میں پولیس اور زیریں عدالتیں انصاف کے تقاضے پورے کرنے کی بجائے خود انتہا پسند عناصر کے جبر سے بچنے کی کوشش کرتی ہیں۔ اعلیٰ عدالتوں میں انصاف کے لیے رسائی صرف کسی عالمی دباؤ؟ یا انسانی حقوق تنظیموں کی مستعدی کی وجہ سے ہی ممکن ہوتا ہے ورنہ کوئی بھی شخص جیل ہی میں ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مر جاتا ہے۔

توہین مذہب کے قوانین میں سابق فوجی آمر ضیا الحق کے زمانے میں ترامیم کی گئی تھیں۔ اب پورا پاکستان اس بات پر متفق ہے کہ ضیا کا عہد انسانی حقوق کی پامالی اور جمہوری نظام کی خرابی کے حوالے سے ملکی تاریخ کا بدترین دور تھا لیکن اس کے باوجود ان افسوسناک، غیر منصفانہ اور غیر انسانی قوانین کو تبدیل کرنے کے لیے کوئی اقدام نہیں ہو سکا۔ صرف یہی نہیں کہ بنیادی انسانی حقوق کے خلاف کسی قانون میں ترمیم نہیں ہوئی یا اسے واپس نہیں لیا جا سکا بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اب ان قوانین کے خلاف بات کرنا بھی ایسا ہی جرم بنا دیا گیا ہے گویا یہ بھی توہین مذہب ہے۔ اس کی بہت نمایاں مثال سابق گورنر سلمان تاثیر کا قتل تھا۔ انہیں جنوری 2011 میں اسلام آباد کی کوہسار مارکیٹ میں ان ہی کے ایک سرکاری محافظ ممتاز قادری نے قتل کر دیا تھا۔ سلمان تاثیر کا واحد قصور یہ تھا کہ انہوں نے ملک میں توہین مذہب کے قوانین پر نظر ثانی کرنے کی بات کی تھی اور واضح کیا تھا کہ یہ انسان کے بنائے ہوئے قوانین ہیں، انہیں کسی مقدس صحیفے کی حیثیت حاصل نہیں ہے۔ ان پر نظر ثانی ہونی چاہیے تا کہ انسانوں کے ساتھ انصاف کے مطابق سلوک روا رکھا جا سکے۔

موجودہ بلاسفیمی قوانین کے تحت کسی شخص کو گرفتار کرنے کے بعد اسے ضمانت حاصل کرنے کا حق بھی حاصل نہیں رہتا۔ حالانکہ دنیا بھر میں مسلمہ قانونی اصول کے مطابق کوئی شخص اس وقت تک مجرم قرار نہیں دیا جا سکتا جب تک اس پر الزام ثابت نہ ہو جائے۔ لیکن پاکستان کے توہین مذہب کے قوانین کے مطابق جس شخص پر مذہب کی توہین کا الزام عائد ہو جائے، اس کی زندگی درحقیقت اسی روز ختم ہو جاتی ہے۔ یا تو وہ ساری زندگی جیل میں بند رہتا ہے، یا کوئی بہت زیادہ 'غیرت مند' مسلمان اسے اچانک قتل کر کے خود اپنے لیے جنت پکی کرانے کا عزم کر سکتا ہے اور یا اسے موت کی سزا دے کر پھانسی پر لٹکا دیا جاتا ہے۔ ایسی صورت میں متعلقہ شخص محض ناقص اعداد و شمار کا حصہ بن کر رہ جاتا ہے۔ نہ کوئی اس ظلم کے خلاف آواز اٹھا سکتا ہے اور نہ ہی یہ سوال اٹھایا جا سکتا ہے کہ معتوب کیے گئے شخص کی ساری زندگی ایک اچھے مسلمان کے طور پر گزری تھی۔ اس کے خلاف کسی بدنیتی یا غلط فہمی کی بنا پر الزامات بھی عائد ہو سکتے ہیں۔

توہین مذہب کے متعدد معاملات میں ثابت ہو چکا ہے کہ جائیداد کے جھگڑے یا کسی دوسری ذاتی رنجش کی بنیاد پر مخالفین کسی شخص کو توہین مذہب کے مقدمہ میں پھنسا کر اپنا 'مقصد' حاصل کر لیتے ہیں۔ ملک کا قانون اور نظام انصاف محض خاموش تماشائی بن کر ایک بے گناہ کو پھانسی کے پھندے تک پہنچانے کا اہتمام کرتا ہے۔

اسی قسم کا وقوعہ شیخوپورہ کی آسیہ بی بی کے ساتھ پیش آیا تھا۔ ایک نجی تنازعہ کے بعد ان پر توہین مذہب کا الزام عائد کیا گیا۔ آسیہ بی بی نے پورا وقت اس الزام سے انکار کیا لیکن پرجوش مذہبی گروہوں، کمزور نظام انصاف، خوفزدہ پولیس اور ججوں نے کسی کی ایک بات نہیں سنی اور اسے 2010 میں موت کی سزا سنا دی گئی۔ اسی خاتون کے بے گناہی کے بارے میں بات کرتے ہوئے سلمان تاثیر نے جو اس وقت پنجاب کے گورنر تھے، یہ کہا تھا کہ ضیا دور کے قوانین پر نظر ثانی ہونی چاہیے

قومی زوال کے تین غیر ریاستی کردار (4)

تحریر: وجاہت مسعود

کسی قوم میں تعلیمی صورتحال نہ صرف اس کی معیشت سے جڑی ہے بلکہ سیاسی اور تمدنی ارتقا بھی علمی معیار اور تعلیم کے پھیلاؤ؟ سے متعین ہوتا ہے۔ نوآبادیاتی ہندوستان میں مقامی باشندوں کے لیے جدید تعلیم کی آواز 19 ویں صدی کے ابتدائی برسوں میں راجہ رام موہن رائے نے اٹھائی۔ عین اس وقت جب برطانوی حکومت فورٹ ولیم کالج قائم کر رہی تھی، رام موہن رائے نے قدیم علوم کے احیا کی بجائے جدید علوم بالخصوص سائنس کی تعلیم پر زور دیا۔

سرسید احمد خان نے راجہ صاحب کی سوچ تک پہنچنے میں پچھتر برس لیے اور 1876ء میں علی گڑھ تحریک شروع کی جو جدید اور قدیم کا امتزاج ہونے کے علاوہ مخصوص طبقاتی تشخص بھی رکھتی تھی۔ تاہم سرسید برطانوی ہندوستان کے مسلمانوں میں جدیدیت کی علامت ٹھہرے اور ان کے ردعمل میں قدامت پسندوں کا دھارا نمودار ہوا۔ سرسید کے خیالات سے متاثر ہونے والوں میں ابوالکلام آزاد کا مقام بہت بلند ہے۔ مولانا آزاد صحافی، ادیب اور مذہبی رہنما ہونے کے علاوہ تحریک آزادی کی ہراول سیاسی جماعت کانگرس کی مرکزی قیادت کا حصہ تھے۔

کانگرس کی تاریخ میں مولانا آزاد کا نام گاندھی، نہرو اور پٹیل کے ساتھ لیا جاتا ہے۔ مولانا 'الہلال' کے زمانے ہی سے تعلیم کے موضوع پر لکھتے چلے آ رہے تھے۔ اگرچہ انہوں نے خود مذہبی طریق پر تعلیم پائی تھی لیکن جدید تعلیم کی اہمیت سے پوری طرح آگاہ تھے۔ میدان سیاست میں اترنے کے بعد ان کی صحافت اور علمی اشغال کے لیے وقت کی کمی آڑے آئی تاہم ان کی سوچ مسلسل تعلیم کے سوال پر مرتکز رہی۔ آزاد ہندوستان میں مولانا کو تعلیم کی وزارت دی گئی اور وہ 1958ء میں اپنی وفات تک اس منصب پر فائز رہے۔

مولانا نے آزاد ہندوستان میں تعلیمی پالیسی کے خدوخال مرتب کیے۔ نتیجہ یہ کہ آج عالمی سطح پر خواندگی کی شرح 3.86 فیصد ہے جبکہ ہندوستان میں شرح خواندگی 81 فیصد ہے۔ بھارت میں تعلیمی معیار کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ دنیا کے اہم ترین معاشی اور کاروباری اداروں کے سربراہ ہندوستانی نژاد افراد ہیں۔

اب اپنے ملک کی طرف لوٹتے ہیں۔ 1947ء میں موجودہ پاکستان کی شرح خواندگی 11 فیصد کے لگ بھگ تھی۔ 1960ء کے بعد دنیا بھر میں ہر چار سال بعد شرح خواندگی میں پانچ فیصد اضافہ ہوا ہے لیکن پاکستان میں بالغ شرح خواندگی 60 فیصد ہے۔ گویا کل آبادی میں دس کروڑ بالغ افراد ان پڑھ ہیں اور سکول جانے کی عمر کے دو کروڑ 80 لاکھ بچے سکول سے محروم ہیں۔ تعلیم کے معیار کی صورت یہ ہے کہ پاکستانی تعلیمی اداروں کی اسناد عالمی سطح پر تسلیم نہیں کی جاتیں۔

پاکستان کی اس تعلیمی پسماندگی کی تحقیق کی جائے تو ابتدائی برسوں میں پروفیسر عمر حیات ملک اور ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی کے نام سامنے آتے ہیں۔ ہر دو حضرات پارلیمنٹ کا حصہ ہونے کے علاوہ سرکاری ملازم بھی تھے۔ عمر حیات پنجاب یونیورسٹی اور اشتیاق حسین کراچی یونیورسٹی کے وائس چانسلر رہے۔ دونوں قدامت پسند رجحانات رکھتے تھے۔ عمر حیات تو کھلم کھلا 'مذہبی جمہوریت' (TheocracyDemocratic) کا پرچار کرتے تھے جبکہ اشتیاق حسین قریشی نے پاکستان کی سرکاری تاریخ لکھ کر تعلیم یافتہ طبقے میں رائے عامہ کو ایک خاص رخ دیا۔

حملہ آوروں کو ہلاک کر دیا گیا



حقائق
تحریر
وسیم علی مغل

آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے بتایا ہے کہ تیس گھنٹے کی مسلسل جدوجہد کے بعد جعفر ایکسپریس پر حملہ آوروں کو ہلاک کر دیا گیا ہے اور بیشتر مسافروں کو بازیاب کروا لیا گیا ہے۔ تاہم ابھی تک ٹرین پر سوار 440 مسافر اپنے گھروں میں نہیں پہنچے ہیں۔ جنرل احمد شریف کا کہنا ہے کہ بہت سے لوگ آپریشن کے دوران کے دوران موقع ملنے پر ادھر ادھر بھاگ گئے تھے۔ اب انہیں تلاش کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ روز جعفر ایکسپریس ٹرین پر بلوچستان لبریشن آرمی کے دہشت گردوں کا حملہ ایک سنگین واقعہ تھا لیکن اس بارے میں پاک فوج کے ترجمان نے بھی معلومات فراہم کرنے کے لیے پریس کانفرنس منعقد کرنے یا پریس ریلیز میں تفصیلات بتانے کی بجائے ایک ٹاک شو میں تفصیلات فراہم کی ہیں۔ ریاست کی طرف سے ایک اہم دہشت گرد حملہ اور اس کا مقابلہ کرنے کے لیے فوجی کارروائی کے بارے میں معلومات کی ترسیل کا یہ طریقہ مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ اس سانحہ کے بارے میں ملک بھر کے میڈیا کو مدعو کر کے تفصیلات فراہم کرنے کی ضرورت تھی۔ کوئی ایک ٹاک شو ایسے سنگین معاملہ کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کا مناسب پلیٹ فارم نہیں تھا۔ اس حوالے سے دوسری اہم بات یہ ہے کہ اس پورے ایکشن میں سول اتھارٹیز کا کوئی نمائندہ کہیں دکھائی نہیں دیا۔ صدر مملکت و وزیر اعظم سے لے کر وزیروں اور صوبائی حکام نے اس دوران متعدد بیانات یا میڈیا سے بات چیت میں دہشت گردی کے خلاف زمین آسمان ایک کر دینے کے متعدد دعوے ضرور کیے لیکن اس آپریشن کی تفصیلات بہر حال پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کی طرف سے فراہم کی گئی ہیں۔ وزارت داخلہ، بلوچستان کے وزیر اعلیٰ یا سول انتظامیہ کی طرف سے اس بارے میں کوئی معلومات سامنے نہیں آئیں۔ البتہ وزیر مملکت برائے داخلہ نے طلال چوہدری نے گزشتہ روز ایک ٹاک شو میں ہی یہ دعویٰ ضرور کیا تھا کہ دہشت گرد متعدد یرغمالی مسافروں کو پہاڑوں کی طرف لے گئے ہیں۔ تاہم انہوں نے ایسے یرغمالیوں کی تعداد بتانے سے گریز کیا تھا۔ حیرت کی بات ہے کہ آج جب آئی ایس پی آر کے ڈائریکٹر جنرل نے فوجی کارروائی کی تفصیل فراہم کیں اور بتایا کہ کیسے فوجی یونٹوں، ایلیٹ فورس اور فضائیہ نے ایک پیچیدہ اور دشوار گزار علاقے میں آپریشن کر کے دہشت گردوں کو ہلاک اور بیشتر مسافروں کو رہا کرا لیا ہے، تو انہوں نے ایسے یرغمالیوں کے بارے میں معلومات نہیں دیں

جنہیں طلال چوہدری کے بقول دہشت گرد پہاڑوں کی طرف لے گئے تھے۔ غیر ملکی میڈیا میں یہ خبر بھی آتی رہی تھی کی جعفر ایکسپریس پر سکیورٹی فورسز کے اہلکار بھی سفر کر رہے تھے۔ قیاس کیا جا رہا تھا کہ دہشت گردوں کا اصل ٹارگٹ یہی اہلکار تھے۔ طلال چوہدری نے یہ کہتے ہوئے ان خبروں کی تصدیق کی تھی کہ ٹرین پر کچھ سرکاری ملازمین بھی سوار تھے۔ تاہم لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے اس بارے میں کوئی بات کرنا مناسب نہیں سمجھا اور نہ ہی متعلقہ اینکر نے ان سے اس بارے میں استفسار کیا۔ اس معاملہ کا یہ ایک اہم اور تشویشناک پہلو ہے کہ کیا واقعی دہشت گردوں کا ایک گروہ کچھ مسافروں کو اغوا کر کے پہاڑوں میں اپنے خفیہ ٹھکانوں کی طرف لے گیا ہے۔ اگر یہ خبر درست ہے تو اس بارے میں خاموشی اختیار کر کے عوام کی بے چینی میں اضافہ ہو گا اور ان لوگوں کے عزیزوں کے لیے بھی یہ صورت حال مشکل ہو گی جن کے پیارے اب دہشت گردوں کی قید میں ہیں۔ اگر طلال چوہدری کی اطلاعات غلط تھیں تو انہیں اس کی وضاحت کرتے ہوئے قوم سے معافی مانگنی چاہیے

، وزیر اعظم کو یقینی بنانا چاہیے کہ آئندہ کوئی وزیر یا سیاسی نمائندہ باقاعدہ اتھارٹی کے بغیر کسی ایسے معاملہ پر بیان بازی سے گریز کرے جس کی تفصیلات خود اس کے علم میں بھی نہیں ہوتیں۔ اگر یہ معلومات درست تھیں تو آئی ایس پی آر یا کسی دوسری مجاز اتھارٹی کو اس بارے میں تفصیلات بتانی چاہئیں۔ یہ معلومات عام کی جائیں کہ کتنے لوگوں کو دہشت گرد اغوا کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں اور ان کے بدلے میں ریاست سے کیا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ دہشت گردی کے مقابلے میں عوام کو اعتماد میں لینے اور حکومت و فوج پر لوگوں کا بھروسا بحال کرنے کے لیے درست معلومات کی ترسیل بے حد اہم ہے۔ اگر ریاست و حکومت ایسے خوفناک واقعہ کے بعد بھی کچھ معلومات کسی خاص مقصد سے خفیہ رکھنا ضروری سمجھے گی تو عوام اور فورسز کے درمیان اعتماد بھی متاثر ہو گا۔

لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے بتایا ہے کہ وہاں پر موجود تمام دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا گیا ہے۔ ان کی کل تعداد 33 تھی۔



قوت

ملائیکہ اروڑا نے 16 سالہ نوجوان کو نازیبا حرکات پر جھاڑ پلادی



ممبئی (شوبز ڈیسک) ملائیکہ اروڑا نے 16 سالہ نوجوان کو نازیبا حرکات پر جھاڑ پلا دی۔ بھارتی ڈانس شو ہپ ہاپ انڈیا کی جج ملائکہ اروڑا نے ایک 16 سالہ کنٹیسٹنٹ کو اپنی پرفارمنس کے دوران نامناسب اشارے کرنے پر جھاڑ پلائی جس کی ویڈیو بھی وائرل ہوگئی۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ملائکہ اروڑا اس وقت حیران رہ گئیں جب ایک 16 سالہ ڈانسر نے اپنے ڈانس کے دوران اداکارہ کو آنکھ ماری جس پر ملائکہ کو غصہ آگیا، اداکارہ نے کنٹیسٹنٹ کو ڈانٹتے ہوئے کہا کہ تمہارا یہ رویہ تمہاری عمر کے کسی فرد کے لئے موزوں نہیں ہے۔ میڈیا کی جاری کردہ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ وائرل ہونے والی فوٹیج میں اداکارہ کو سخت لہجے میں نوجوان سے کہتے ہوئے سنا جاسکتا ہے کہ ممی کا فون نمبر دو، ویڈیو میں دیکھا گیا کہ اداکارہ کے ڈانٹنے کے باوجود نوجوان مسکراتا رہا۔ ملائکہ اروڑا کے علاوہ دیگر مقابلہ کرنے والوں نے بھی کنٹیسٹنٹ کے مبینہ رویئے پر اعتراض اٹھایا۔

زرنش خان کی علیزے شاہ سے ماضی کے بیان پر معافی، اداکارہ پھٹ پڑیں

میری ماں جب مجھے اپنے ہاتھ سے کھانا کھلاتی تھیں تو وہ آپ کو بھی نوالے بنا کر کھلایا کرتی تھیں، علیزے

کراچی (شوبز رپوٹر) اسلام کی خاطر شوبز کو خیر باد کہنے والی سابقہ اداکارہ زرنش خان نے علیزے شاہ سے معافی مانگی جسے اداکارہ نے منظور کرنے سے انکار کردیا۔ سابقہ اداکارہ نے علیزے شاہ کو بدتمیز قرار دیا تھا اور کہا تھا کہ بدتمیزی میں ان سے کسی کا بھی مقابلہ ہو تو وہ ہی جیتیں گی تاہم اب زرنش خان نے ماضی میں علیزے سے متعلق دیے گئے بیان پر معافی طلب کی۔ زرنش نے علیزے کو پیغام بھیجا جس میں انہوں نے اپنی غلطی کو مانتے ہوئے معافی مانگی جس پر علیزے شاہ نے بتایا کہ زرنش کی جب یہ ویڈیو وائرل ہوئی (جس میں علیزے کو بدتمیز کہا گیا)، اس کے بعد علیزے کی والدہ نے سابقہ اداکارہ کو فون کیا اور یہ سب کہنے کی وجہ پوچھی۔ علیزے نے بتایا کہ زرنش نے میری والدہ کو کہا کہ وہ ویڈیو بنائیں گی اور ساری بات بتائیں گی لیکن اس کے بعد علیزے کی والدہ کا نمبر بلاک کردیا گیا۔ علیزے شاہ نے اپنی اسٹوری میں لکھا میں آپ کو معاف نہیں کرسکتی، نہیں بھول سکتی کہ میری والدہ اس وقت اپنے آپ کو کتنا بے بس محسوس کررہی تھیں، میری والدہ کی آواز کانپ رہی تھی لیکن آپ نے ان کا نمبر بلاک کردیا تاکہ وہ آپ کو دوبارہ معافی کا نہ کہیں؟ اداکارہ نے کہا کہ میں نے آج تک کسی کے خلاف آن لائن بات نہیں کی، میں صرف اپنی امی سے شکایت کرتی ہوں اور وہ اللہ سے۔ علیزے نے یہ بھی کہا کہ میری ماں جب مجھے اپنے ہاتھ سے کھانا کھلاتی تھیں تو وہ آپ کو بھی نوالے بنا کر کھلایا کرتی تھیں، اللہ سب دیکھ رہا ہے۔

KAYALI
FLEUR MAJESTY
ROSE ROYALE
gettyimages
Credit: Dave Benett

لندن: ڈارٹ ماؤتھ ہاؤس میں کیالی فلور میجسٹی ایونٹ میں اداکارہ کا خوبصورت انداز

شاہ رخ کو 20 سال میں پہلی مرتبہ اہلیہ اور بچوں میں منت چھوڑنا پڑ گیا

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ سپر اسٹار شاہ رخ خان کو 20 سال میں پہلی مرتبہ اہلیہ اور بچوں سمیت منت کے نام سے مشہور اپنا گھر چھوڑنا پڑ گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ میں کہا گیا کہ شاہ رخ خان ممبئی میں دوسری جگہ منتقل ہونے والے ہیں، انکا نیا گھر ممبئی کے پوش علاقے میں موجود پوجا کاسا اپارٹمنٹس ہیں۔ شاہ رخ خان گزشتہ دو دہائیوں سے باندرہ کے مشہور بنگلے منت میں رہائش پذیر ہیں، لیکن مئی سے منت کی تزئین و آرائش کا کام شروع ہونے کے باعث شاہ رخ اور ان کا خاندان عارضی طور پر ایک قریبی عمارت میں منتقل ہورہا ہے۔ یہ پہلا موقع ہوگا جب 90 کی دہائی کے بعد شاہ رخ خان کی رہائش کی عمارت میں کوئی دوسرا رہائشی بھی ہوگا، یعنی 20 سال بعد ان کے پڑوسی ہوں گے۔



امیتابھ بچن تمام بھارتیوں کے رول ماڈل ہیں جو بروقت ٹیکس ادا کرتے ہیں جبکہ فلم انڈسٹری میں ان کا کام اخلاقی معیار کے مطابق ہوتا ہے

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارت کے اسٹار اداکار امیتابھ بچن بھارت میں سب سے بڑے ٹیکس دہندگان میں سے ایک بن گئے ہیں، انہوں نے ایک سال میں 350 کروڑ کمائے اور 120 کروڑ کا ٹیکس ادا کیا۔ بھارت کے لیجنڈ اداکار نے سال 2024-25 میں 350 کروڑ کی ریکارڈ رقم کمائی، یوں وہ انڈسٹری میں سب سے زیادہ کمائی کرنے والے افراد میں شامل ہوگئے ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق امیتابھ بچن نے 350 کروڑ کی قابل ذکر آمدنی پر 120 کروڑ روپے کا واجب الادا ٹیکس دیا۔ 82 سالہ امیتابھ بچن نے 1 سال میں اتنی بڑی رقم کیسے کمائی؟ اس معاملے پر پورٹل نے کہا کہ بھارتی سینما کی بڑی فلموں سے لے کر بڑے بڑے اسٹارز تک کی پہلی ترجیح لیجنڈ اداکار ہیں، وہ ٹی وی پروگرام کون بنے گا کروڑ پتی کی وجہ سے سب سے پسندیدہ میزبان ہیں۔ پورٹل کے مطابق ان کی ایک سال کی تمام ذرائع سے آمدن 350 کروڑ ہے، جو فلمی دنیا میں کسی فرد کی سب سے زیادہ آمدن ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق امیتابھ بچن نے 15 مارچ کو اپنی ایڈوانس ٹیکس ادائیگی 52 اعشاریہ 50 کروڑ کی، جو ان کی طرف سے مالی ذمے داری کا اظہار ہے۔ رپورٹ کے مطابق امیتابھ بچن آج بھی تمام بھارتیوں کے رول ماڈل ہیں جو بروقت ٹیکس ادا کرتے ہیں جبکہ فلم انڈسٹری میں ان کا کام اخلاقی معیار کے مطابق ہوتا ہے۔ ماضی کی رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ ان کے کل مالی اثاثے 2 ارب 73 کروڑ 74 لاکھ 96 ہزار 590 روپے ہیں، ان کے پاس تقریباً 55 کروڑ کے زیوارت بھی ہیں جبکہ ان کی 16 گاڑیوں کی مالیت 17 اعشاریہ 66 کروڑ ہے۔

زرنش خان کی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز سے پرانی تصاویر استعمال نہ کرنے کی اپیل

لاہور (شوبز رپوٹر) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سابقہ اداکارہ زرنش خان نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز سے درخواست کی ہے کہ ان کی پرانی تصاویر استعمال نہ کریں۔ زرنش خان نے اپنی انسٹا اسٹوری پر لکھا ہے کہ میری سارے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز سے درخواست ہے کہ براہ مہربانی میری پرانی تصاویر استعمال نہ کریں۔ انہوں نے لکھا ہے کہ میں اب پردہ کرتی ہوں اس لیے صرف یہ درخواست ہی کرسکتی ہوں کہ میری پرانی تصاویر نہ استعمال کریں۔ زرنش خان نے لکھا ہے کہ باقی جس کو جو بھی لکھنا ہے لکھے، بس صرف میری پرانی تصاویر اور ویڈیوز استعمال نہ کریں۔ انہوں نے آخر میں لکھا ہے کہ آپ سب کے لیے یہ مہینہ مبارک ثابت ہو۔ یاد رہے کہ زرنش خان نے 2023 میں عمرے کی سعادت حاصل کرنے بعد اسلامی تعلیمات کے مطابق زندگی گزارنے کے لیے شوبز انڈسٹری کو خیرباد کہہ دیا تھا۔ اداکارہ نے عمرے کی سعادت حاصل کرنے کے فوراً بعد اپنے سوشل میڈیا اکاونٹس سے اپنی ساری پرانی تصاویر اور ویڈیوز بھی ڈیلیٹ کردی تھیں۔

gettyimages
Credit: Dave Benett

لندن: مینیئر چاکلیٹ فیکٹری میں "ڈریکولا: اے کامیڈی آف ٹیررز" کے لیے پارٹی کے بعد پریس نائٹ میں شرکت کررہے ہیں

میں کسی ایسے شخص کی تلاش میں تھا جہاں مجھے سکون مل سکے اور وہ میں نے گوری میں پایا، عامر خان

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کے مسٹر پرفیکشنسٹ کہلائے جانے والے عامر خان نے اپنی 60 ویں سالگرہ پر اپنی ایک گرل فرینڈ کو میڈیا سے متعارف کرواکر سب کو حیران کردیا ہے۔ ہر گزرتے دنوں کے ساتھ عامر خان اور ان کی دوست گوری اسپریٹ کے بارے میں نئے نئے انکشاف سامنے آرہے ہیں۔ دونوں ایک دوسرے کو 25 سال سے جانتے ہیں اور دونوں ہی شادی شدہ تھے اور ان کے بچے بھی ہیں تاہم اب جوڑا نئے سفر کا آغاز کرنا چاہتا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں عامر خان نے بتایا کہ میں کسی ایسے شخص کی تلاش میں تھا جہاں مجھے سکون مل سکے اور وہ میں نے گوری میں پایا۔ اداکار عامر خان نے کہا کہ مجھے نہیں معلوم کہ 60 سال عمر میں شادی کرتے ہوئے کیسا لگوں گا لیکن بس اب ٹھان لی ہے۔ عامر خان کی پرانی دوست گوری نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ میں ایک ایسے شخص کی تلاش میں تھی جو مہربان، شریف اور خیال رکھنے والا ہو۔ اس موقع پر عامر خان نے برجستہ لقمہ دیا کہ اور پھر تم نے مجھے ڈھونڈ لیا۔ جس پر سب ہنس پڑے۔ اپنے ہیرو کی پسندیدہ فلموں کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں گوری نے بتایا کہ میں نے عامر کی بہت سی فلمیں نہیں دیکھی ہیں۔ اس پر موقع عامر خان نے پھر مداخلت کی اور کہا کہ گوری بنگلور میں پلی بڑھی ہیں اور ساری توجہ فلم کے بجائے دیگر فنون میں تھیں۔ میری فلمیں بھی نہیں دیکھیں۔ گوری نے اپنا جواب مکمل کرتے ہوئے کہا کہ عامر کی فلم دل چاہتا ہے اور لگان ہی دیکھی ہیں۔ جس پر عامر خان نے کہا کہ گوری مجھے ایک سپر اسٹار کے طور پر نہیں بلکہ ایک پارٹنر کے طور پر دیکھتی ہیں۔

ماہ رمضان کے بعد دوبارہ شوبز میں آنے کی تیاری کررھی ہوں، اداکارہ اریبہ حبیب

کراچی (شوبز رپوٹر) پاکستان کی نامور ماڈل اور اداکارہ اریبہ حبیب نے اپنی شادی کے بعد شوبز کو خیر باد کہہ دیا تھا تاہم اس حوالے سے انہوں نے اپنے مداحوں کو بڑی خبر سنادی۔ اداکارہ اریبہ حبیب نے اپنے شوبز کے مستقبل سے متعلق اہم خبر ناظرین کو دے دی۔ انہوں نے بتایا کہ میں بہت جلد ماہ رمضان کے بعد دوبارہ شوبز میں آنے کی تیاری کررہی ہوں اس سلسلے میں ایک ڈرامے کو شوٹنگ بھی شروع ہونے والی ہے۔ ماڈلنگ سے ڈراموں کی جانب آنے سے متعلق انہوں نے بتایا کہ میں مقامی ہوٹل میں فیملی کے ساتھ چائے پینے گئی تھی تو وہاں آڈیشن ہورہے تھے تو میں نے بھی دے دیا اور اگلے دن مجھے کال آگئی۔ اس موقع پر انہوں نے اے آر وائی نیٹ ورک کے صدر اور سی ای او سلمان اقبال کا خصوصی طور شکریہ ادا کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے مجھے بہت سپورٹ کیا، میں نے سب سے پہلے اے آر وائی کے ڈرامہ میں ہی کام کیا تھا۔

MTV
WOW PRESENTSPLUS
RuPaul's DRAG RACE LIVE
Flamingo
gettyimages
Credit: Denise Truscello

لاس ویگاس RuPau کی ڈریگ ریس لائیو! فلیمنگو لاس ویگاس ریڈ کارپٹ اینڈ شو میں اداکارہ کا خوبصورت انداز

ہمارا ہیرو بوڑھا ہوگیا، سلمان خان کی نئی تصویر پر مداحوں کو تشویش

ممبئی (شوبز ڈیسک) دبنگ بالی ووڈ اسٹار سلمان خان کی نئی تصویر میں ان کے لک نے مداحوں کو تشویش میں جتلا کردیا۔ سلمان خان کی ایک نئی تصویر سوشل میڈیا پر گردش کررہی ہے، جس میں وہ کلین شیو لک میں اپنی گاڑی میں بیٹھے نظر آرہے ہیں تاہم یہ تصویر ان کی عمر کا خلاصہ بھی کررہی ہے۔ سلومیاں نے اپنی آنے والی فلم سکندر کے لئے کچھ عرصے سے شیو اور بال بڑھا رکھے تھے تاہم جیسے ہی ان کی شوٹنگ مکمل ہوئی وہ واپس اپنے پرانے اور پسندیدہ کلین شیو لک میں آگئے۔ اس تصویر میں ان کی ہلکی ہلکی سفید شیو اور چہرے پر جھریاں دکھائی دے رہی ہیں جبکہ وہ اپنے والد جیسے لگ رہے ہیں اور ان کی بڑھتی عمر اور گرتی صحت نے مداحوں کو تشویش میں جتلا کردیا ہے۔ صارفین ان تصاویر پر تبصرے کرتے ہوئے کہہ رہے ہیں کہ ان کا ہیرو اب بوڑھا ہوگیا ہے۔ ایک صارف نے لکھا کہ، بھائی کی داڑھی کے بال اب سفید ہونے لگ گئے ہیں۔ ایک اور صارف نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ دیکھ کر انہیں افسوس ہورہا ہے کہ ان کے بچپن کا ہیرو اب بوڑھا ہو چکا ہے۔

اداکارہ مریم نفیس کے ہاں پہلے بچے کی پیدائش

اداکارہ مریم نفیس نے اپنے دوست اور فوٹو گرافر امان احمد کے ساتھ 2022 میں شادی کی تھی

لاہور (شوبز رپوٹر) پاکستانی اداکارہ مریم نفیس اور شوہر امان احمد کے ہاں پہلے بچے کی پیدائش ہوئی ہے۔ مریم نفیس نے انسٹاگرام پر خوشخبری دیتے ہوئے اپنے مداحوں کو بتایا کہ ان کے ہاں بیٹے کی ولادت ہوئی ہے۔ اداکارہ نے انسٹاگرام پر شوہر اور نومولود بیٹے کے ہمراہ کئی تصاویر بھی شیئر کیں اور فینز کو بتایا کہ بیٹے کا نام سید عیسیٰ امان رکھا ہے۔ مریم نفیس نے اپنی انسٹاگرام پوسٹ میں لکھا کہ سید عیسیٰ امان تقریباً ایک ہفتے قبل اس بابرکت مہینے میں دنیا میں آیا جس کے بعد ہماری زندگی اور بھی خوبصورت ہوگئی، اس ننھے شہزادے نے ہمیں کم وقت میں اپنا دیوانہ بنا دیا۔ اداکارہ نے مداحوں اور دوستوں سے درخواست کی کہ وہ انہیں اپنی دعاں میں یاد رکھیں۔ یہ خوشخبری سامنے آنے کے بعد شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے دوست اور مداحوں کی جانب سے مریم کو مبارک باد دی جارہی ہے۔ واضح رہے کہ اداکارہ مریم نفیس نے اپنے دوست اور فوٹو گرافر امان احمد کے ساتھ 2022 میں شادی کی تھی۔ مریم نفیس نیا یک نجی ٹی وی کے پروگرام میں انکشاف کیا تھا کہ ان کی اور ان کے شوہر امان کی عمر میں 13 سال کا فرق ہے۔

RAGING MIDLIFE
gettyimages
Credit: Victoria Sirakova

لیملے رائل میں "ریجنگ مڈلائف" کے لاس اینجلس پریمیئر میں شرکت کا خوبصورت انداز

دنیا کے سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے کامیڈین نے 81 ملین ڈالر کمائے

نیویارک (شوبز ڈیسک) دنیا کے سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے کامیڈین نے 81 ملین ڈالر کمائے، باکس آفس پر کوئی بڑی ہٹ فلم نہ ہونے کے باوجود انہوں نے ٹام کروز، ہیو جیک مین اور بریڈ پٹ سے بڑے اسٹارز کو کمائی کی فہرست میں پیچھے چھوڑ دیا۔ رواں ماہ کے آغاز میں فوربز میگزین نے سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے اداکاروں کی سالانہ فہرست جاری کی، جس میں کوئی حیرانی کی بات نہیں کہ ڈوین جانسن (دا راک) سر فہرست رہے۔ انہوں نے موانا 2 اور ریڈ ون جیسی دو بڑی فلموں کی بدولت شاندار کمائی کی۔ فہرست میں شامل بیشتر اسٹارز نے بڑی فلموں سے بھاری معاوضہ حاصل کیا، لیکن ایک اداکار ایسا بھی تھا جس کی کوئی بڑی فلم نہیں آئی، پھر بھی وہ سب پر بازی لے گیا۔ فہرست میں شامل کامیڈی کے لیجنڈ جیری سین فیلڈ، جو برسوں سے سب سے زیادہ کمائی کرنے والے کامیڈین رہے ہیں، اس بار ایک جونیئر کامیڈین سے پیچھے رہ گئے، جس نے 2024 میں 81 ملین ڈالر کمائے وہ بھی بغیر کسی بڑی ہٹ فلم کے۔ کیون ہارٹ نے 81 ملین ڈالر نیٹ (108 ملین ڈالر مجموعی) کما کر 2024 میں سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے کامیڈین کا اعزاز حاصل کرلیا۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

نیشنل ایسوسی ایشن آف دی بلائنڈ سرگودھا ڈویژن کے زیر اہتمام رمضان پیکج کی تقسیم کا انعقاد

مقررین نے نیشنل ایسوسی ایشن آف دی بلائنڈ کی کارکردگی پر تنظیم کے عہدیداران اور ممبران کو خراج تحسین پیش کیا

سرگودھا (عبدالمنان چوہدری سے) نیشنل ایسوسی ایشن آف دی بلائنڈ سرگودھا ڈویژن کے زیر اہتمام رمضان راشن پیکج کی تقسیم کے حوالے سے تقریب مقامی ہوٹل میں انعقاد پذیر ہوئی جس میں ایسوسی ایشن کے نابینا بے روزگار مرد و خواتین ممبران کو عیدی، راشن پیکج اور تحائف دیئے تقریب میں صدر نیشنل ایسوسی ایشن آف دی بلائنڈ مس خالد امجد، جنرل سیکرٹری رانا محمد کامران، سینئر نائب صدر حافظ پروفیسر ہارون خالد، سیاسی و سماجی رہنما ملک اشرف برہان، چیئرمین پاکستان انصاف فاؤنڈیشن ادریس چوہان، چیئرمین سیف لائف تھیلیسیما سنٹر تنویر سلہری، چیئرپرسن پروٹیکشن لائف فاؤنڈیشن عابدہ نذر، معروف کاروباری شخصیت حاجی مرزا لطیف بیگ، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل آل این جی اوز سرگودھا عبدالمنان چوہدری، مفتی ضیاء الرحمان، ملک اعجاز، جوائنٹ سیکرٹری پروفیسر فرقان خالد سمیت سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر نیشنل ایسوسی ایشن آف دی بلائنڈ کے سرپرست شاہد حنیف، محمد اشتیاق، محمد فیضان، مس عائشہ شاہد، مس اریشہ، فیصل اقبال، حافظ محمد کاشف اور رانا محمد احسان نے انتہائی احسن انداز میں انتظامی امور سرانجام دیئے مقررین نے نیشنل ایسوسی ایشن آف دی بلائنڈ کی کارکردگی پر تنظیم کے عہدیداران اور ممبران کو خراج تحسین پیش کیا اور اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا پروگرام میں طبیعت کی ناسازی کے باعث شرکت نہ کرسکنے پر سلطان مرید ٹوانہ کی صحت یابی کے لیے خصوصی دعا کی گئی آخر میں تمام شرکاء کے لیے افطار ڈنر کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔

جہلم اثریہ بوائز سکول اینڈ کالج میں سالانہ نتائج و تقسیم انعامات کی شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم اثریہ بوائز سکول اینڈ کالج میں سالانہ نتائج و تقسیم انعامات کی شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا سادہ مگر پروقار تقریب میں نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں میں شاندار کارکردگی دکھانے والے طلباء کو انعامات دیئے گئے تفصیلات کے مطابق اثریہ بوائز سکول اینڈ کالج مشین محلہ نمبر 1 میں سالانہ نتائج و تقسیم انعامات کی شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں میں شاندار کارکردگی دکھانے والے طلباء کو انعامات دیئے گئے۔ اس پروقار تقریب میں ضلع بھر کی شعبہ تعلیم و دیگر شعبہ جات سے وابستہ ممتاز شخصیات سمیت زیر تعلیم طلبہ کے والدین نے شرکت کر کے طلباء کی حوصلہ افزائی کی اور نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلباء میں انعامات تقسیم کیئے۔ پرنسپل محمد زاہد خورشید ایڈمن بدر خورشید و اسٹاف نے تقریب میں شرکت کرنے والی معروف سیاسی، سماجی مذہبی اور فلاحی شخصیتوں کے مہمانان گرامی صدر پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن ضلع جہلم پروفیسر شریف ساجد، جناب ڈاکٹر جنید محمود اسٹنٹ پروفیسر انگلش گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج جہلم محترم جناب عبداللہ مدیر امتحانات جامعہ علوم اثریہ جہلم، عالم دین قطب شاہ مدرس جامعہ علوم اثریہ، موبائل ایجوکیشن یونٹ نارتھ II جہلم انسپکٹر موٹروے پولیس مرشد حسین، سب انسپکٹر محسن رضا، انچارج ایجوکیشن ونگ انسپکٹر ٹریفک پولیس ہارون الرشید نے خصوصی شرکت کی شامل تھے

صوبائی محکموں کے ملازمین پر مشتمل انکروچمنٹ سکواڈ تشکیل دے دیا

جہلم ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس اندرون شہر کے بازاروں۔ سڑکوں پر قائم تجاوزات کے خاتمے کے لئے کوشاں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے اندرون شہر کے بازاروں۔ سڑکوں پر قائم تجاوزات کے خاتمے کے لیے صوبائی محکموں کے ملازمین پر مشتمل انکروچمنٹ سکواڈ تشکیل دے دیا انسداد تجاوزات سکواڈ شہر کی سڑکیں کشادہ بنانے سے شہریوں کی مشکلات میں کمی واقع ہوگی شہریوں کا ڈپٹی کمشنر کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کو عملی جامعہ پہنانے کے لیے محکمہ ریونیو، ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر یونین کونسلز اور میونسپل کمیٹی جہلم کے افسران و ملازمین پر مشتمل انکروچمنٹ سکواڈ تشکیل دے دیا ہے جو صبح اور شام کے اوقات میں تجاوزات قائم کرنے والے افراد کے خلاف قانونی کارروائیاں کرے گا جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سول لائن روڈ پر صبح کے اوقات میں غلام قمر انکروچمنٹ انسپکٹر ایم سی، احمد زمان ایم اینڈ ای اے جاوید ناصر سیکرٹری یوسی چک جمال امیق خالق پٹواری شامل ہونگے دوسری شفٹ میں واجد وسیم ایم سی جہلم عاطف اکرم سیکرٹری یوسی کالا گجراں فرحان ریاض پٹواری مین بازار ٹرنک بازار چٹائی بازار صرافہ بازار چوک اہلحدیث صبح کے اوقات میں جمشید علی انکروچمنٹ انسپکٹر انوار جعفری سیکرٹری یوسی بوکن واجد سیم پٹواری سیکنڈ شفٹ وسیم الفت ایم سی جہلم خرم امتیاز کیانی سیکرٹری یوسی۔ ایم اینڈ ای اے اللہ دتہ سیکرٹری یوسی سنگھوئی فرحان ریاض پٹواری سیکنڈ شفٹ محمد عثمان شہزاد ایم سی اظہر اقبال سیکرٹری یوسی چوٹالہ محمد روف پٹواری جی ٹی روڈ جادہ روڈ محمدی چوک عامر فتح ایم سی غضنفر بٹ سیکرٹری یوسی چوٹالہ نصیر الدین پٹواری سیکنڈ شفٹ محمد عظیم ایم سی جہلم عرفان سلامت ایم سی عامر محمود شاہ یوسی کالا گجراں محمد سہیل پٹواری شامل ہیں متعلقہ ذمہ داران تجاوزات قائم کرنے والے افراد کے خلاف سخت کارروائیاں کریں گے

ملک میں زرعی انقلاب لانے کیلئے کسان کو ریلیف دینا ضروری ہے، سردار مبشر گجر

حکومت وقت کو چاہیے کہ اس مرتبہ گندم کی امدادی قیمت کم از کم 4500 روپے فی من مقرر کر کے کسانوں کو ریلیف فراہم کرے، رہنما پی ٹی آئی کی میڈیا نمائندگان سے گفتگو



سمندری (تحصیل رپورٹ) ملک میں زرعی انقلاب لانے کیلئے کسان اور کاشتکار طبقہ کو ریلیف دینا انتہائی ضروری ہے، حکومت وقت کو چاہیے کہ اس مرتبہ گندم کی امدادی قیمت کم از کم 4500 روپے فی من مقرر کر کے کسانوں کو ریلیف فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما سردار مبشر گجر نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ برس کسانوں سے گندم کی خریداری نہ کر کے ان کیساتھ سراسر ناانصافی کی گئی جس کے باعث کسان کو مجبورا اونے پونے داموں میں گندم اوپن مارکیٹ میں فروخت کرنا پڑی۔ انہوں نے مقتدر حلقوں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گندم کی فی من قیمت 4500/- روپے مقرر کر کے کسان کا ساتھ دے تاکہ غریب کسان بھی قرضوں کے بوجھ تلے سے نکل کر سکھ کا سانس لے سکے۔

تجاوزات کے خاتمے کے لیے ہنگامی آپریشن کیا جائے

جہلم (بیورو رپورٹ) تجاوزات کے خاتمے کے لیے ہنگامی آپریشن کیا جائے۔ شہر کے کسی بازار میں تجاوزات کی شکایت پر عملہ کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، آپریشن میں رکاوٹ بننے والوں کے خلاف فوری مقدمات درج کروائے جائیں یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے انسداد تجاوزات ٹیموں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی صبا صابر، سی او مبارک علی خان اور انسپکٹر تجاوزات و عملہ نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جہلم شہر کے تمام بازاروں میں زیرو تجاوزات یقینی بنانے کے لیے ہر قسم کے اقدامات کیے جائیں، تجاوزات کرنے والوں کا سامان ضبط کرنے دوکانیں سیل کرنے، مقدمات درج کروانے سمیت تمام ایکشن ہر صورت اٹھائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ، محکمہ مال اور میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں پر مشتمل ٹیمیں دن رات بازاروں، مرکزی سڑکوں پر موجود رہیں گی۔ تجاوزات کے خلاف کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں ہوگی، آپریشن کے دوران رکاوٹ بننے والے تاجروں و دوکانداروں کو موقع پر جیل بھیجا جائے گا

ایس ایچ او تھانہ نارنگ سید ظہیر عالم شاہ نے قتل کے مقدمہ میں فریقین کی صلح کروادی

نارنگ پولیس نے علاقہ کی معزز شخصیات کے ذریعے دونوں فریقین کی آپس میں صلح کروا کر علاقے کو مزید خون ریزی سے بچالیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ایس ایچ او تھانہ نارنگ سید ظہیر عالم شاہ نے قتل کے مقدمہ میں فریقین کی صلح کروادی نواحی گاؤں لدھیکے شرقی میں رانا برادری اور سرویا برادری کی عرصہ دراز سے دشمنی چلی آرہی تھی نارنگ پولیس نے علاقہ کی معزز شخصیات کے ذریعے دونوں فریقین کی آپس میں صلح کروا کر علاقے کو مزید خون ریزی سے بچالیا ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ نے نارنگ پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ علاقہ میں امن کی فضاء اور بھائی چارہ قائم کروانا پولیس کے اولین فرائض میں شامل ہے اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے تھانہ نارنگ کے علاقے لدھیکے شرقی میں سرویا برادری اور رانا برادری کی آپس میں دشمنی کو ختم کروا کر صلح کروادی گئی جس پر ایس ایچ او تھانہ نارنگ سید ظہیر عالم شاہ اور ان کی پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے

الائیڈ ہسپتال ٹو میں شہریوں کو اسٹیٹ آف دی آرٹ سرجری کی سہولیات میسر ہیں



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ایکسیڈنٹ، ٹراما، چھاتی کے کینسر، ہیڈ انجری، پیٹ کی سرجری، بین الاقوامی طبی معیار کے مطابق کی جاتی ہیں، عوامی حلقوں نے پروفیسر لیپروسکوپ سرجن پروفیسر ڈاکٹر محمد رحمان گلزار کی مہارت کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے پیشہ وارانہ فرائض بخوبی سرانجام دے رہے ہیں ہر کوئی الائیڈ ہسپتال ٹو کے سرجیکل اقبال وارڈ میں ڈسپلن کو دیکھ کر اطمینان کا اظہار کرتا ہے، شہریوں کو پرائیویٹ ہسپتالوں کی خواری سے بچنے کے لئے یہاں بلا معاوضہ خدمات حاصل ہیں، مانچسٹر آف فیصل آباد میں بڑھتی ہوئی آبادی میں ایسی طبی سہولیات کسی نعمت سے کم نہیں الائیڈ ہسپتال کو میسر ہیں۔ ایکسیڈنٹ ٹراما، چھاتی کے کینسر، ہیڈ انجری ہیں میں شہریوں کو اسٹیٹ آف دی آرٹ سرجری کی سہولیات پیٹ کی سرجری، بین الاقوامی طبی معیار کے مطابق کی جاتی۔ عوامی حلقوں نے پروفیسر پھروسکوپ سرجن پروفیسر پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے پیشہ وارانہ فرائض بخوبی سرجیکل اقبال وارڈ میں ڈسپلن کو دیکھ کر اطمینان کا اظہار ڈاکٹر محمد رحمان بگزار کی مہارت کو زبردست خراج تحسین سرانجام دے رہے ہیں۔

گیارہ مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز، بجلی کا میٹر اور دیگر قیمتی اشیاء سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) گیارہ مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز، بجلی کا میٹر اور دیگر قیمتی اشیاء سے محروم۔ مین بازار سے عامر لطیف کی بیوی کے پرس سے دوران شاپنگ موبائل چوری، پل نہر سے محمد لطیف کی جیب سے ایک لاکھ 65 ہزار روپے چوری، گوجرانوالہ روڈ سے عمار بشیر کا بجلی کا میٹر چوری، محلہ سول لائن میں سلمان کے گھر سے موبائل چوری، منڈیکی گورائیہ کے عابد حسین سے نقدی 7500 چوری، سکھو کے محمد اقبال کی حویلی سے دو من کی آئرن چوری، رجھانی سے محمد اکرام کا بجلی کا میٹر چوری، مندرانوالہ کے ریاست علی سے دو ملزمان اسلحہ کے زور پر نقدی 20 ہزار چھین کر لے گئے، جنڈو کے گورائیہ محمد شبیر کی حویلی سے ٹوکے کی موٹر چوری، میترانوالی کے محمد اشرف کے ڈیرہ سے ایک بھیڑ ایک چھترا چوری، سرانوالی کے محمد افتخار کے بھتیجے سے نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل، نقدی اور سرسوں کا تیل چھین لیا پولیس نے مقدمات درج کر لئے

تھانہ صدر چکوال کے علاقہ کھیوال میں دوہرے قتل کی واردات

چکوال (ایم ایوب سلطانی) دوہرے قتل کی واردات کی اطلاع پر ڈی پی او چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کا فوری نوٹس۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق پکار 15 پر اطلاع ملی کہ ذیشان علی ولد غلام مرتضی بعمر 25/26 سال اور (ع) نامی لڑکی بعمر 25/26 سال جو کہ میاں بیوی تھے۔ جن کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ ڈی ایس پی انویسٹی گیشن، ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم، ایس ڈی پی او صدر سرکل X، ایس ایچ او تھانہ صدر چکوال اور پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئے، علاقہ کو گھیرے میں لے لیا گیا، پولیس کا سرچ آپریشن جاری، کرائم سین یونٹ اور PFSA کی ٹیم کو بھی موقع پر بلوالیا گیا جنکے ذریعے تمام تر شواہد اکھٹے کیے گئے اور نعشوں کو قبضہ میں لیکر ڈی ایچ کیو برائے پوسٹ مارٹم بھجوا دیا گیا۔ ملزمان کی گرفتاری کے لیے ایس ڈی پی او صدر سرکل کی سربراہی میں ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں، مقدمہ درج، پولیس مصروف تفتیش ہے ملزمان کی گرفتاری کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ڈی پی او۔ ڈی پی او چکوال نے کہا ہے کہ انشاء اللہ جلد ہی ملزمان کو گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں لا کھڑا کیا جائے گا۔

سول ڈیفنس سیالکوٹ رمضان المبارک ڈیوٹی سرانجام دینگے۔ طاہر مجید کپور

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی زیر صدارت اہم میٹنگ کا انعقاد کپور پرائیویٹ انٹرنیشنل آفس میں ہوا جس میں ڈپٹی چیف وارڈنز جلی شیراز صندل و حفیظ احمد چغتائی، ڈویژن وارڈن 1 کمانڈر محمد اسلام میر، ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ، شیخ نوید محمد بوٹا قادری، میاں مبشر محمود، محمد طاہر، منصور اے رضا اور ڈپٹی گروپ وارڈن D خواجہ عامر جاوید نے بطور میڈیا انچارج سول ڈیفنس سیالکوٹ شرکت کی۔ تلاوت کلام پاک کے بعد چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کی ہدایت پر ڈویژن وارڈن 2 نے شرکاء میں یوم شہادت علی 21 رمضان ڈیوٹی روسٹر کیساتھ رمضان المبارک کے آخری 4 ایام میں ٹریفک پولیس سیالکوٹ کے ہمراہ ڈیوٹی روسٹر بھی تقسیم کئے۔ کمانڈر محمد اسلام میر نے یوم علی کے حوالہ سے ڈیوٹی روسٹرز بارے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ یوم شہادت مولائے کائنات علی المرتضی کی ان یونیفارم ڈیوٹی مستعدی سے سرانجام دی جائیگی ہر گروپ اپنے والنٹیئرز کو ڈیوٹی سے قبل باقاعدہ کنگ اور مکمل یونیفارم پہننے بارے آگاہی دے۔ رمضان المبارک کے آخری چار روز شام 5 تا رات 11 بجے تک 100 سول ڈیفنس وارڈنز چیف وارڈن طاہر مجید کپور صاحب کی قیادت و ہدایات کے عین مطابق سیالکوٹ پولیس کے ہمراہ مجوزہ ڈیوٹی پلان پر عمل پیرا ڈیوٹی روسٹر کے عین مطابق ان یونیفارم ڈیوٹی سرانجام دینگے۔ چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ نے ہدایت دی کہ تمام گروپ وارڈنز اپنے پوسٹ وارڈنز کو میگا فون دینگے تا کہ دوران ڈیوٹی استعمال کیا جاسکے۔

KAPUR
international

ضلع بھر میں ٹریفک کے مختلف حادثات میں سولہ افراد زخمی ہوگئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع بھر میں ٹریفک کے مختلف حادثات میں سولہ افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق چنیوٹ ضلع بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب ایمرجنسی سروس نے 16 روڈ ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کرتے ہوئے 16 زخمی افراد کو ریسکیو کیا۔ زخمی مردوں کی تعداد 12 جبکہ خواتین کی تعداد 4 ہے۔ ان 16 زخمی افراد میں سے 6 افراد شدید جبکہ 10 افراد معمولی زخمی ہوئے۔

سکھیکی میں نامعلوم ملزمان نے ساٹھ سالہ زمیندار کو قتل کر کے اسکی نعش گندم کی کھیتوں میں پھینک دی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) سکھیکی میں نامعلوم ملزمان نے ساٹھ سالہ زمیندار کو قتل کر کے اسکی نعش گندم کی کھیتوں میں پھینک دی۔ پولیس نے نعش کو کھیتوں سے برآمد کر کے تفتیش شروع کر دی۔ منیر احمد اپنے مویشیوں کے لئے گدھا گاڑی پر چارہ لینے کے لئے گیا تو اسے وہاں پر نامعلوم ملزمان نے قتل کر دیا اور نعش کھیتوں میں پھینک کر فرار ہو گئے۔

محمد عماد احمد کو ایس ایچ او تھانہ صدر تلہ گنگ کا چارج دے دیا گیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین نے تحصیل

RAJA AMMAD
INSPECTOR

چوآسیدن شاہ کے گاؤں وٹلی جنجوعہ برادری سے تعلق رکھنے والے راجہ محمد عماد احمد کو ایس ایچ او تھانہ صدر تلہ گنگ کا چارج دے دیا گیا*

تھانہ چورستہ میاں خاں پولیس نے ڈکیتی کی جھوٹی اطلاع دینے والے شخص کے خلاف مقدمہ درج کرلیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ چورستہ میاں خاں پولیس نے ڈکیتی کی جھوٹی اطلاع دینے والے شخص کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ کریم کوٹ کے رہائشی غلام نبی ولد اللہ دتہ کا اشتیاق احمد کے ساتھ جھگڑا چل رہا تھا کہ جس کی رنجش پر غلام نبی نے پکار 15 پر جھوٹی اطلاع دی کہ میرے ساتھ اشتیاق احمد نے ڈکیتی کی واردات کرتے ہوئے 1 لاکھ روپے نقدی چھین کر فرار ہوگیا۔ جس پر تھانہ چورستہ میاں خاں کے اے ایس آئی محمد لیسین نے نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے معلوم ہوا کہ غلام نبی نے ڈکیتی کی جھوٹی اطلاع دی ہے جس پر پولیس نے اسے گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

ڈسکہ کی پانچ شاہراہوں کی تعمیر پر کام کا آغاز

55 کروڑ روپے کی لاگت سے شروع ہونے والی شاہراہوں کے سلسلہ میں وزیر آباد روڈ اور بینک روڈ کی تعمیر کا افتتاح کر دیا گیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ کی پانچ شاہراہوں کی تعمیر پر کام کا آغاز، 55 کروڑ روپے کی لاگت سے شروع ہونے والی شاہراہوں کے سلسلہ میں وزیر آباد روڈ اور بینک روڈ کی تعمیر کا افتتاح کر دیا گیا۔ صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق اور سٹی صدر مسلم لیگ ن کی صلح کے ثمرات ڈسکہ کے شہریوں کو ملنا شروع ہو گئے۔ صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق کی ہدایت پر سٹی صدر مسلم لیگ ن چیئرمین مرکزی انجمن تاجران محمد افضل منشاء نے پہلے تجاوزات آپریشن کی زد میں آنے والے تاجروں کو غیر یقینی صورتحال سے نکالنے کیلئے پیمائش مکمل کروائی اور اب 55 کروڑ کی لاگت سے تعمیر ہونے والے پانچ روڈز وزیر آباد روڈ، بینک روڈ، پسرور روڈ، سمبڑیال روڈ اور جامکے روڈ کے سلسلہ میں وزیر آباد روڈ اور بینک روڈ کی تعمیر کا افتتاح کیا گیا اس موقع پر چیئرمین مرکزی انجمن تاجران محمد افضل منشاء، صدر مرکزی انجمن تاجران میاں محمد اشرف، ڈاکٹر رومان اشعر سمیت سابق ناظمین، کونسلرز اور لیگی کارکنان و دیگر بھی موجود تھے

پوری قوم ملک سے دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لئے متحد ہے: پیر سید عمران شاہ

موجودہ حکومت کی بھرپور حمایت کا عزم مسمم رکھتی ہے



ساہیوال (مہر اے ڈی کیم سپرا سے) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت اور سماجی تحفظ پیر سید عمران احمد شاہ نے کہا ہے کہ پوری قوم ملک سے دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لئے متحد ہے اور موجودہ حکومت کی بھرپور حمایت کا عزم مسمم رکھتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ عوام اپنی صفوں میں چھپے ملک دشمن عناصر کو پہچانیں جو قوم میں تفرقہ پیدا کر کے اپنے مکروہ عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں۔ وہ یہاں اپنے اعزاز میں منعقدہ متعدد تہنیتی اجلاسوں سے خطاب کر رہے تھے جن میں مسلم لیگی کارکنوں اور شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام کو دہشت گردی کے اس ناسور سے چھٹکارا دلانے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں ہے اور ہم شہید ہونے والے معصوم لوگوں کا خون رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم دہشت گردی کے خلاف سیسہ پلائی دیوار کی طرح اپنی فوج کے ساتھ کھڑی ہے۔ وفاقی وزیر پیر سید عمران احمد شاہ نے کہا کہ ہمیں آج عہد کرنا ہوگا کہ ہم جیسے اپنے گھر سے محبت کرتے ہیں ایسے ہی اپنے وطن سے کریں گے تاکہ دشمنوں کے منصوبوں کو ناکام بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ملک ہے تو ہم ہیں اس لئے ملک کی سلامتی سے بڑھ کر ہمارے لئے کوئی چیز نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے تحفظ کے لئے اپنے سیاسی اور ذاتی مفادات بھلا کر اور یک زبان ہو کر ایک بیانیہ اپنانا ہوگا تاکہ معاشرے کے ان ناسوروں کا قلع قمع کیا جاسکے۔

دو ملزمان کی زبردستی خاتون کے ساتھ زیادتی، فائرنگ سے زخمی بھی کر دیا

مرزا پور کی رہائشی 22 سالہ خاتون انیلہ غفور کو ملزمان ورغلا پھسلا کر نزد پیر کوٹ ڈیرہ میں لے گئے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) منڈی فیض آباد میں دو ملزمان نے خاتون کو زبردستی رات بھر گینگ ریپ کا نشانہ بنانے کے بعد فائرنگ کر کے زخمی کر دیا ہسپتال منتقل۔ تفصیلات کے مطابق ننکانہ صاحب کے علاقہ تھانہ منڈی فیض آباد کے نواحی گاؤں مرزا پور کی رہائشی 22 سالہ خاتون انیلہ غفور کو ملزمان ورغلا پھسلا کر نزد پیر کوٹ ڈیرہ میں لے جا کر زبردستی ساری رات خاتون کے ساتھ گینگ ریپ کرتے رہے سحری ٹائم خاتون ملزمان کے چنگل سے نکلنے لگی تو ملزمان نے فائرنگ کر کے خاتون کو زخمی کر دیا خاتون کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا خاتون کے مطابق خاتون کو زیادتی کا نشانہ بنانے والوں میں شہادت وٹو اور نعیم وٹو شامل ہیں جبکہ کہ بھاگنے پر شہادت وٹو نے فائرنگ کر کے زخمی کیا ہے متاثرہ لڑکی کی بہن سحرش کی مدعیت میں ملزمان شہادت وٹو اور نعیم وٹو سکنہ دیپالپور ضلع اوکاڑہ کے خلاف مقامی پولیس نے مقدمہ نمبری 225/25 درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کیلئے ٹیمیں تشکیل دیدیں اور ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپوں کا سلسلہ جاری ہے متاثرہ خاندان نے وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے فوری نوٹس لینے اور ملزمان کو سخت سے سخت سزا دینے کا مطالبہ کر دیا

CRIME
& COURT
جرم و سزا

ساہیوال ڈویژن کی تمام بارز میں آج مکمل ہڑتال کا اعلان

ملک سجاد امین ایڈووکیٹ پر حملہ کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہیں: وکلاء برادری

عارفوالا (امیر احمد خان سے) عارف والا سینئر بار ممبر ملک سجاد امین ایڈووکیٹ پر حملے کا معاملہ، ساہیوال ڈویژن کی تمام بارز میں آج مکمل ہڑتال کا اعلان پنجاب بار کونسل نے ساہیوال ڈویژن میں بطور احتجاج آج ہڑتال کی کال دے دی پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ، چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فاروق ڈوگر اور دیگر ممبران کی مشترکہ بیان میں بار ایسوسی ایشن عارف والا کے سینئر ممبر ملک سجاد امین ایڈووکیٹ پر حملہ کی شدید مذمت سیکرٹری پنجاب بار کونسل نے آج 19 مارچ بروز بدھ کو ساہیوال ڈویژن کی تمام بارز میں ہڑتال کا اعلان کر دیا پنجاب بار کونسل نے آئی جی پنجاب سے فی الفور ملزمان کو گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا بار ایسوسی ایشن عارف والا کی بھی ملک سجاد امین ایڈووکیٹ پر حملہ کے واقعہ کی شدید مذمت اور آج ہڑتال کا اعلان صدر بار شکیل عالم اعوان اور جنرل سیکرٹری محمد یاسر نذیر بھنڈارہ نے ہڑتال کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وکلاء آج عدالتوں میں پیش نہیں ہونگے۔

شعور کو بیدار کرنے کے لیے میڈیا کا تعاون انتہائی ضروری ہے: محمد اشفاق

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) نوجوان نسل میں سپورٹس کے شعور کو بیدار کرنے کے لیے میڈیا کا تعاون انتہائی ضروری ہے کیونکہ جس قوم کے سپورٹس کے میدان اباد ہوتے ہیں وہاں کے ہسپتال ویران ہوتے ہیں (محمد اشفاق ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر اوکاڑہ) تفصیلات کے مطابق صدر گیمبر پریس کلب رجسٹرڈ سینیئر صحافی محمد اشرف تھیم جنرل سیکرٹری میاں احمد منظور وٹو اور سینیئر صحافی وسیم یحیی کی ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر اوکاڑہ محمد اشفاق سے خصوصی ملاقات اس موقع پر ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر اوکاڑہ محمد اشفاق کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت سپورٹس مین اور سپورٹس کے لیے انقلابی اقدامات کر رہی ہے ہم بھی دن رات سپورٹس کے لیے دن رات جدو جہد کر رہے ہیں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی کا ستے رمضان سہولت بازار ننکانہ کا دورہ

رمضان سہولت بازار میں اشیاء خورد و نوش کی کوالٹی، وزن، سٹاک، ریٹ لسٹس کی تنصیب کا جائزہ لیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی کا ستے رمضان سہولت بازار ننکانہ کا دورہ۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے رمضان سہولت بازار میں اشیاء خورد و نوش کی کوالٹی، وزن، سٹاک، ریٹ لسٹس کی تنصیب، صفائی ستھرائی، تعینات عملے کی حاضری سمیت قیمتوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے رمضان بازار میں خریداروں سے قیمتوں میں فرق، سہولیات و انتظامات بارے بھی دریافت کیا۔ شہریوں نے رمضان سہولت بازاروں کے قیام و سہولیات بارے حکومتی اور انتظامی اقدامات کو سراہا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رمضان سہولت بازاروں کا قیام وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا رمضان المبارک کے دوران غریب عوام کو اشیاء خورد و نوش کی ارزاں نرخوں پر فراہمی کیلئے انقلابی اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان سہولت بازاروں میں تمام اشیاء ضروریہ کی وافر مقدار میں دستیابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ عام آدمی حکومتی اقدامات سے مستفید ہو سکے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے یہ بھی کہا کہ رمضان سہولت بازاروں میں اشیاء خورد و نوش مارکیٹ کے مقابلے میں ارزاں نرخوں پر دستیاب ہیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ رمضان سہولت بازاروں میں تمام اشیاء خورد و نوش کے اسٹمز کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔

نشہ آور چیز کھلا کر دوشیزہ کو ہوس کا نشانہ بنا دیا اور ویڈیو بنا کر بھی وائرل کر دی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نشہ آور چیز کھلا کر دوشیزہ کو ہوس کا نشانہ بنا دیا اور ویڈیو بنا کر بھی وائرل کر دی۔ میترانوالی کے محمد ندیم کی 20 سالہ ہمشیرہ کو دو سال قبل صباء نے بہانے سے گھر بلا کر اپنے بھائیوں احمد اور احسان کے ساتھ مل کر نشہ آور دوائی پلائی اور ملزم احمد نے ہوس کا نشانہ بنایا اور اس کی برہنہ ویڈیو اور تصاویر بنالیں اور بلیک میل کر کے دو سال تک ہوس کا نشانہ بناتا رہا اور اب ویڈیو وائرل کر دی بمبانوالہ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید نے جنگلات کے عالمی دن 21 مارچ کے موقع پر چک بہادر میں میگا پلانٹیشن کے حوالیسیا جلاس کی صدارت کی اور انتظامات کو حتمی شکل دی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید نے جنگلات کے عالمی دن 21 مارچ کے موقع پر چک بہادر میں میگا پلانٹیشن کے حوالیسیا جلاس کی صدارت کی اور انتظامات کو حتمی شکل دی۔ اجلاس میں محکمہ جنگلات کے افسران بھی موجود تھے۔ اے ڈی سی جی نے بتایا کہ میگا پلانٹیشن میں کمشنر فیصل آباد مریم خان مہمان خصوصی ہونگی۔ انہوں نے محکمہ جنگلات کے افسران کو موقع پر ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔

ایل پی آر کے حوالے سے ان کے اعزاز میں گورنمنٹ گریجویٹ کالج شیخوپورہ میں ایک شاندار الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج شیخوپورہ کے پروفیسر ڈاکٹر خرم عباس ورک کی ایل پی آر کے حوالے سے ان کے اعزاز میں گورنمنٹ گریجویٹ کالج شیخوپورہ میں ایک شاندار الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں پرنسپل و کالج سٹاف اور موجودہ و سابق طلبہ کے علاوہ معززین شہر کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر عبد الرحیم اشرف (پرنسپل) پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ بھٹی، پروفیسر محمد اکرم سعید، پروفیسر تنویر احمد ورک، پروفیسر نعیم اختر، منصور احمد ورک، پروفیسر نصیر احمد چوہدری، پروفیسر ثناء اللہ، پروفیسر داؤد احمد، پروفیسر امجد جاوید ورک، پروفیسر فرحان نذیر، پروفیسر رضوان احمد، پروفیسر آصف صدیق اور پروفیسر علی آصف و دیگر نے فروغ علم کے والے سے پروفیسر ڈاکٹر خرم عباس ورک کی خدمات کا بھرپور تذکرہ کیا۔

رمضان فوڈ پیکج تقسیم کرنے کے حوالہ سے مرکز جماعت اسلامی میں تقریب کا انعقاد

سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن ضلع سرگودھا میاں اویس قاسم تلہ، صدر الخدمت فاؤنڈیشن ضلع سرگودھا میاں اظہار الحق دیگر ذمہ داران نے خصوصی شرکت کی

سرگودھا (عبدالمنان چوہدری سے) الخدمت فاؤنڈیشن اور سوئی نادرن گیس کے اشتراک سے مستحقین میں رمضان فوڈ پیکج تقسیم کرنے کے حوالہ سے تقریب مرکز جماعت اسلامی میں منعقد ہوئی جس میں سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن ضلع سرگودھا میاں اویس قاسم تلہ، صدر الخدمت فاؤنڈیشن ضلع سرگودھا میاں اظہار الحق، اور سوئی نادرن گیس پائپ لائن لمیٹڈ کے نمائندے کامران رضا، محمد سلیم، غلام مصطفی طاہر، علی عبدالرحمن سمیت دیگر ذمہ داران نے خصوصی شرکت کی اور دو سو مرد و خواتین میں رمضان فوڈ پیکج تقسیم کیا جس میں سحر و افطار سمیت روزمرہ کی اشیاء خورد و نوش شامل تھی مقررین نے شرکاء تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن خدمت انسانیت میں بے شمار پراجیکٹ پر کام کر رہی ہے آج کے رمضان فوڈ پیکج کی تقسیم پر الخدمت فاؤنڈیشن سوئی نادرن گیس کی مشکور ہے جن کی بدولت سینکڑوں افراد کو با عزت طریقے سے راشن مہیا کیا جاسکا۔

بلوچستان میں دہشت گردی کرنیوالے دشمن قوتوں کے آلہ کار ہیں، سلطان گجر

پوری قوم کا مطالبہ ہے دہشت گردوں کیخلاف بھرپور کارروائی کی جائے، خصوصی بیان

سمندری (تحصیل رپورٹر) معروف سماجی شخصیت چوہدری سلطان محمود گجر نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کرنیوالے درحقیقت پاکستان دشمن قوتوں کے آلہ کار ہیں، جن میں اکثریت غیر ملکی عناصر کی ہے۔ یہ دہشت گرد بے گناہ سندھی اور پنجابی مزدوروں کو قتل کر کے عوام میں اشتعال پیدا کرنا چاہتے ہیں پوری قوم کا مطالبہ ہے دہشت گردوں کیخلاف بھرپور کارروائی کی جائے، پاکستان کی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں! دہشت گردوں کو کچلنا ہوگا! اللہ پاک ٹرین کے شہداء کی مغفرت فرمائے زخمیوں کو شفاء عطا فرمائے۔

دکھی انسانیت کی خدمت عین عبادت ہے: چوہدری امتیاز علی وریاہ

مخلص دوستوں کی قدر کیجئے کہ انمول ہوتے ہیں۔ بلال احمد باجوہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) بہترین انسان وہ ہے جسکا وجود دوسروں کیلئے فائدہ مند ہو نیت صاف ہو تو نصیب بدلنے لگتے ہیں منفی سوچ غلط نمبر کی عینک کی طرح ہوتی ہے۔ جس سے ہر منظر دھندلا، ہر راستہ ٹیڑھا اور ہر چہرہ بگڑا ہوا ہی نظر آتا ہے۔ مکافات عمل کی کوئی شکل وصورت نہیں ہوتی یہ بالکل ویسے ہی واپس آتا ہے۔ جیسا آپ نے روزمرہ زندگی میں کسی کے ساتھ کیا ہو۔ کوشش کیجئے خوش رہیں اور خوشیاں بانٹیے۔ ان باتوں کا اظہار سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری امتیاز علی وریاہ اور سابق سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن چوہدری بلال احمد باجوہ نے اپنے مشترکہ میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے زمانہ میں بہترین انسان، استاد، پروفیسر، ڈاکٹر، انجینئر، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، اکاؤنٹنٹ، بینکرز اور ایماندار سرکاری آفیسرز بنتے تھے اور انکی اولادیں بھی بہتر تربیت یافتہ ہوا کرتی تھیں کہ وہ انہیں وقت دیتے تھے۔ مگر دور حاضر میں اکثریت کے بچے انکا حقیقی سرمایہ ہر طرح کی برائیوں کے مرتکب ہیں، حقوق العباد سے عاری، رشوت خور، بداخلاق، بدمزاج، بددیانت، طلاق کی شرح میں اضافہ، ٹک ٹاکر اور ڈانسر بن رہے ہیں۔ جو سراسر دین سے دوری کا نتیجہ ہے۔ ہم سکون کی تلاش میں اکثر ان راستوں کو اپناتے ہیں، جو مزید بے سکونی کی وجہ بنتے ہیں۔

فیصل آباد کے سپیشل طالب علم عبدالصبور احمد نے اٹلی میں تین میڈلز حاصل کئے

16 سالہ اس سپیشل طالب علم نے 400 میٹر ریلے سنو شوٹنگ میں سلور میڈل حاصل کر کے پاکستان کا نام روشن کیا ہے

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) فیصل آباد کے سپیشل طالب علم عبدالصبور احمد نے اٹلی میں منعقد ہونے والے سپیشل اولمپکس 2025ء ورلڈ ونٹر گیمز میں تین میڈلز حاصل کئے ہیں۔ 16 سالہ اس سپیشل طالب علم نے 400 میٹر سنو شوٹنگ میں گولڈ میڈل، 100 میٹر سنو شوٹنگ میں

کانسی اور 400 میٹر ریلے سنو شوٹنگ میں سلور میڈل حاصل کر کے پاکستان کا نام روشن کیا ہے جو سپیشل ایجوکیشن کے رضاکار ادارے تنظیم اللسان کے زیر اہتمام المعصوم مرکز میں زیر تربیت ہے۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے شاندار کامیابی حاصل کرنے پر سپیشل طالب علم عبدالصبور احمد کا خیر مقدم کیا اور عالمی سطح پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر انہیں، اس کے والدین اور تنظیم اللسان کی انتظامیہ کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ عبدالصبور احمد خصوصی بچوں کے لیے رول ماڈل ہے اولمپکس میں شاندار کارکردگی سے قوم کا سر فخر سے بلند ہوا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آمنہ عالم، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر ساجدہ لطیف، صدر تنظیم اللسان ڈاکٹر افتخار احمد، نائب صدر چوہدری سرفراز احمد، جنرل سیکرٹری سبحان علی و دیگر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے سپیشل ایجوکیشن کے میدان میں خصوصی بچوں کی عمدہ تعلیم و تربیت اور کھیلوں میں ہونہار کھلاڑی پیدا کرنے پر تنظیم اللسان کی فلاحی سرگرمیوں کو سراہا اور کہا کہ خصوصی بچوں میں صلاحیتوں کی کمی نہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں تعلیم و تربیت اور سماجی سرگرمیوں میں ہمیشہ ساتھ رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی سطح پر خصوصی بچوں کی فلاح و بہبود اور بحالی پر بھرپور توجہ دی جا رہی ہے اس سلسلے میں رضاکار اداروں کی فلاحی خدمات قابل ستائش ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے تنظیم اللسان کی بھرپور سرپرستی کرنے کا یقین دلایا۔ صدر تنظیم اللسان ڈاکٹر افتخار احمد نے سپیشل بچوں کی کھیلوں میں تربیت اور تدریسی سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔

سی آئی اے پولیس کی کاروائی: 02 ڈکیت گینگ کے 06 ملزمان پولیس کے شکنجے میں

ملزمان کے قبضہ سے 04 لاکھ 14 ہزار روپے نقدی، 01 موٹر سائیکل، موبائل فون اور ناجائز اسلحہ برآمد

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گوجرانوالہ (19 مارچ 2025ء) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں اور چوروں کے خلاف کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر انچارج سی آئی اے ڈی ایس پی عنصر جاوید موہل و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیم نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 02 ڈکیت گینگ کے 06 ارکان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 04 لاکھ 14 ہزار روپے نقدی 01 موٹر سائیکل، موبائل فون اور ناجائز اسلحہ برآمد۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں ذیشان، بابر لقمان، سفیان نعمان اور فخر عباس شامل ہیں۔ دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ ضلع بھر میں ڈکیتی کی وارداتیں کرتے اور فرار ہو جاتے۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا کہ مجرمانہ ذہن رکھنے والے سماج دشمن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو امن کی فضا فراہم کریں گے۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے پر انچارج سی آئی اے ڈی ایس پی عنصر جاوید موہل اور انکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو شاباش دی۔

حافظ آباد میں سکھیکی کے قریب مبینہ پولیس مقابلہ میں ایک ڈاکو ہلاک جبکہ دو فرار ہو گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں سکھیکی کے قریب مبینہ پولیس مقابلہ میں ایک ڈاکو ہلاک جبکہ دو فرار ہو گئے۔ پولیس کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے علاقہ تھانہ سکھیکی منڈی میں ڈکیتی کی اور موقع سے فرار ہو گئے۔ جس پر پولیس نے ڈاکوؤں کا تعاقب کیا تو انہوں نے پولیس کو دیکھ کر فائرنگ کی جس کے جواب میں پولیس نے بھی فائرنگ کی۔ اس دوران ریاض نامی ڈاکو ہلاک ہو گیا جبکہ اسکے دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ اشتہاری ریاض ولد صدیق سابقہ ریکارڈ یافتہ اور متعدد وارداتوں میں ملوث تھا۔

پیکا ایکٹ کالا قانون ہے جو شہریوں کی آزادی رائے چھیننے کا نام ہے: نوید غنی چوہدری محمد الطاف ساقی

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) پیکا ایکٹ کالا قانون ہے جو شہریوں کی آزادی رائے چھیننے کا نام ہے ہم اس کالے قانون کو مسترد کرتے ہیں پولیس کی جانب سے صحافیوں کو جھوٹی ایف آئی آر کی دھمکیاں دینا انتہائی افسوسناک ہے تفصیلات کے مطابق جنرل سیکرٹری ساہیوال پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری نوید غنی چیئرمین گیمبر پریس کلب رجسٹرڈ محمد الطاف ساقی صدر محمد اشرف تھیم جنرل سیکرٹری میاں احمد منظور وٹو کی خصوصی ملاقات اس موقع پر سینیئر صحافیوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکمران طبقہ اپنے کالے کارنامے چھپانے کے لیے پیکا جیسے کالے قانون بنا کر شہریوں سے آزادی رائے چھیننے کی ایک ناکام کوشش کر رہے ہیں جو کسی صورت قابل قبول نہیں ہے چیئرمین گیمبر پریس کلب رجسٹرڈ محمد الطاف ساقی نے کہا کہ ساہیوال پولیس میں چھپی کالی بھیڑیں اپنی کارکردگی بہتر کرنے کی بجائے صحافی برادری کے خلاف جھوٹی ایف ائی ار دینے کی دھمکیاں دے رہے ہیں جو کہ انتہائی افسوسناک ہے ہم اس کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں صدر گیمبر پریس کلب رجسٹرڈ محمد اشرف تھیم نے کہا کہ ہمارا آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید اور ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان سے پرزور مطالبہ ہے کہ صحافیوں کو دھمکیاں دینے والے پولیس افسران کے خلاف قانونی کاروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور صحافی برادری کو تحفظ دیا جائے تاکہ ساہیوال کی صحافت آزاد رہے

ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے منشیات کے مقدمہ میں مجرم کو جرم ثابت ہونے پر 9 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے منشیات کے مقدمہ میں مجرم کو جرم ثابت ہونے پر 9 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ شاہبور نے اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 37-38 فور ایل کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش محمد عامر ولد شمیر سے 11 نومبر 2023 کو چھاپہ مار کر 2 کلو چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا تھا جس پر ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ محمد اشفاق نے جرم ثابت ہونے پر مجرم کو 9 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانہ کا حکم سنایا ہے عدم ادائیگی جرمانہ پر 3 ماہ قید مزید بھگتنا ہوگی۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری کو ڈائریکٹر جنرل پارکس اینڈ ہارٹیکلچرل اتھارٹی کا چارج دے دیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری کو ڈائریکٹر جنرل پارکس اینڈ ہارٹیکلچرل اتھارٹی کا چارج دے دیا گیا، پارکس اینڈ ہارٹی کلچرل اتھارٹی سیالکوٹ کے ڈائریکٹر جنرل ایوب بخاری نے اپنا چارج سنبھالنے کے بعد شہاب الدین پارک، گلشن اقبال پارک، عبدالحکیم پارک اور کے ایم اشرف پارک کے دورے کرتے ہوئے کہا کہ شہر کے پارکس کی بحالی اور بہتری ان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مقامات کو صاف ستھرا اور سرسبز بنانے کے لیے جامع منصوبے حکمت ترتیب دی گئی ہے۔ پارکس کی صفائی، شجرکاری، اور سہولیات کی بحالی کے لیے فوری ایکشن پلان کے مطابق کام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پی ایچ اے کی ذمہ داری ہے کہ شہریوں کو پرسکون اور خوبصورت پارکس مہیا کیے جائیں اور گھاس کی کٹائی کے ساتھ ساتھ موسم بہار کی خصوصی شجرکاری بھی کی جائے گی۔ ایوب بخاری نے شہریوں سے اپیل کی کہ پارکس ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہیں۔ میں نے چارج سنبھالنے کے بعد سب سے پہلے یہی فیصلہ کیا کہ عوام کو ان مقامات کی اہمیت سے آگاہ کیا جائے۔ براہ کرم پارکس میں کوڑا نہ پھینکیں اور اپنے بچوں کو بھی صفائی کی تربیت دیں۔ ڈی جی کے مطابق، پارکس میں نئے پودے لگانے کے علاوہ واکنگ ٹریکس، کھیل کے میدان، اور نشستوں کی تنصیب پر بھی کام ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ، پارکس میں سیکیورٹی اور روشنی کا نظام بھی بہتر بنایا جائے گا، تاکہ شام کے وقت خواتین اور بچے بے خوفی سے پارک کا لطف اٹھا سکیں۔

جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائیاں جاری رکھیں گے: ایس ایچ او منیر بابر

پاکپتن سکندر چوک (محمد عمران جنجوعہ) پاکپتن تھانہ چک بیدی کے ایس ایچ او منیر بابر کی ماہ رمضان کے مقدس مہینہ میں پولیس الرٹ ہیں جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائیاں جاری رکھیں گے جرائم پیشہ افراد کو کوئی رعایت نہیں ہوگی عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے ان خیالات کا اظہار حوالدار شاہد رسول گجر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈی پی او پاکپتن کی ہدایت پر پولیس چوکی سکندر چوک کی حدود میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف پولیس نے گھیرا تنگ کر رکھا ہے دن رات کار، موٹر سائیکلوں کی پولیس ناکوں پر چیکنگ جاری ہے۔ ماہ رمضان کے مقدس مہینہ میں پولیس الرٹ ہیں پولیس چیکنگ سے مشکوک موٹر سائیکل تھانے بند کئے جا رہے ہیں دن رات اپنی پولیس ٹیم کے ساتھ جرائم پیشہ افراد کو گرفتار کرنے کیلئے چھاپے مار رہے ہیں۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

عاق نامہ

میں اپنے پسر عامر ندیم کو بوجہ نافرمانی غلط چال چلن اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں۔ اس لین دین کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔ میں اس کے کسی قول وفعل یا لین دین کا ذمہ دار نہ ہوں گا۔

المشتہر: محمد اکرم ولد ولی محمد ذات راجپوت سکنہ اسلام پور لوکڑی خان محمد والا تحصیل بھیرہ ضلع سرگودھا

اعلان لاتعلقی

ہم اپنے برادر حقیقی عامر ندیم کو بوجہ نافرمانی غلط چال چلن اور پولیس کو مطلوب ہونے کی وجہ سے اس سے اعلان لاتعلقی کرتے ہیں اس سے ہمارا کوئی لین دین نہ ہے۔ اور یہ کہ ہم اس کے کسی لین دین یا قول وفعل سے اعلان لاتعلقی کرتے ہیں ہم کسی طرح بھی ذمہ دار نہ ہونگے۔

المشتہران: نعمان سجاد، عرفان احمد، محمد عمران پسران محمد اکرم ذات راجپوت سکنائے اسلام پور لوکڑی خان محمد والا تحصیل بھیرہ ضلع سرگودھا

بقیہ بقیہ جات 1

والس آئی ٹی ٹریننگ پروگرامز کرائے جا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت (AI)، سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ، اور فری لانسنگ جیسے کورسز کے مواقع دے رہے ہیں۔ بین الاقوامی جاب مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق فری لانسرز کی آئی ٹی کورسز سرٹیفکیشن کرائی جا رہی ہے۔ سرکاری سکولوں میں سمارٹ کلاس رومز اور ڈیجیٹل لیب بنا رہے ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی سے روایتی تعلیم کو زیادہ موثر اور دلچسپ بنایا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ لاہور میں پاکستان کا پہلا منفرد نواز شریف آئی ٹی سٹی بنا رہے ہیں۔ نواز شریف آئی ٹی سٹی میں ٹوئن ٹاور اسی سال مکمل کر لئے جائیں گے۔ نواز شریف آئی ٹی سٹی میں پلگ اینڈ پلے کال سینٹر ہب بھی قائم ہوگا۔ نواز شریف آئی ٹی سٹی میں نوجوانوں کو آئی ٹی ایجوکیشن اور روزگار کے مواقع ملیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ نواز شریف آئی ٹی سٹی میں عالمی سطح کی انفارمیشن ٹیکنالوجی یونیورسٹیاں کیمپس قائم کرنے کیلئے دلچسپی کا اظہار کر رہی ہیں۔ ڈیجیٹلائزیشن سے نوجوانوں کو خودمختاری، ترقی، اور کامیابی کی راہ پر گامزن کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

نوجوان اور کسان بڑھ چڑھ کر شجر کاری مہم میں حصہ لیں۔ بدھ کو یہاں ایک تقریب کے دوران وزیراعظم نے پودا لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتیہوئے وزیراعظم نے کہا کہ رحمتوں اور برکتوں والے ماہ مقدس رمضان المبارک میں 2025 کی شجر کاری مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے جس کے دوران چاروں صوبوں کے ساتھ ساتھ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں تقریباً 4 کروڑ 17 لاکھ پودے لگانے کا منصوبہ ہے جس میں پوری قوم اور بالخصوص نوجوان اور کسان بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ درخت ہمارے ماحول کو بہتر بنانے میں بہت مدد دیتے ہیں۔ شجر کاری سے بیماریوں اور ماحولیاتی آلودگی میں کمی آئے گی۔ پچھلے چند سالوں کے دوران ہونے والی موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے شجر کاری کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے کیونکہ دنیا میں موسمیاتی تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں۔ 2022 کا شدید ترین سیلاب موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے ہی آیا اور اس میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی۔ بدقسمتی سے پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثرہ 10 ممالک میں شامل ہے۔ حالانکہ گرین ہاؤس گیسز کے اخراج میں پاکستان کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ زیادہ سے زیادہ پودے لگائے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 3

چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) بلاول بھٹو زرداری نے خصوصی شرکت کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کو صوبے میں امن وامان کی صورت حال پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے بتایا کہ دہشت گرد عناصر کو ہر قیمت پر شکست دیں گے، دہشت گرد قوم کو تقسیم کرنا چاہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صورت حال واضح ہے ریاست کو رہنا ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ جیتنی ہے لہٰذا انسداد دہشت گردی ونگ کو جدید اسلحہ فراہم کریں گے۔ صدر مملکت کا کہنا تھا کہ بلوچستان دل کے قریب ہے، صوبے کی ترقی اور پائیدار امن چاہتے ہیں، بلوچستان کے ہر بچے کو اسکول میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جدید ٹیکنالوجی سے بچوں کو روشناس کروانا وقت کی ضرورت ہے۔ اجلاس میں قائم مقام گورنر بلوچستان کیپٹن)ر((عبدالخالق اچکزئی، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان، آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری سمیت اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 4

ہے۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق وائی فائی 6 ٹیکنالوجی کی بدولت صارفین کو مزید تیز اور مستحکم انٹرنیٹ کی سہولت میسر ہوگی۔ سیف سٹیز اتھارٹی کی جانب سے پنجاب کے 11 اضلاع میں 300 مقامات پر مفت وائی فائی کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ یہ سروس لاہور، قصور، ننکانہ صاحب، شیخوپورہ، سیالکوٹ، گجرات، جہلم اور اٹک میں فعال ہے، جبکہ ساہیوال، اوکاڑہ اور مری کے اہم مقامات پر بھی شہری اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں۔ ترجمان سیف سٹیز کا کہنا ہے کہ جلد پنجاب بھر میں فری وائی فائی سروس کا دائرہ وسیع کر دیا جائے گا۔ اب تک 17.70 ملین سے زائد صارفین اس سروس سے استفادہ کر چکے ہیں اور 438 ٹیرابائٹ ڈیٹا استعمال کیا جا چکا ہے۔ شہری مفت وائی فائی سروس کے ذریعے اپنی روزمرہ سرگرمیوں میں آسانی محسوس کر رہے ہیں۔ ترجمان نے مزید وضاحت کی کہ فری وائی فائی سروس ایمرجنسی استعمال کے لیے ہے اور یہ ویڈیو اسٹریمنگ یا انٹرٹینمنٹ مقاصد کے لیے دستیاب نہیں ہوگی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر پنجاب کو ڈیجیٹل صوبہ بنانے کے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 5

چلے گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعظم 19 سے 22 مارچ 2025 تک سعودی عرب کا سرکاری دورہ کریں گے۔ وزیراعظم کے دورہ سعودی عرب کا مقصد پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانا، اقتصادی تعاون کو بڑھانا اور دونوں ممالک کے درمیان سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے۔ شہباز شریف کے ہمراہ وفد میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار سمیت اہم وفاقی وزرا اور اعلیٰ حکام شامل ہیں۔ دورے کے دوران وزیراعظم کی سعودی ولی عہد و وزیراعظم محمد بن سلمان آل سعود سے ملاقات بھی متوقع ہے۔ ملاقات میں دونوں رہنما تجارت کو فروغ دینے، کلیدی شعبوں میں شراکت داری کو بڑھانے اور وسیع تر اقتصادی تعاون کو آسان بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کریں گے۔ دونوں رہنماؤں کی گفتگو میں باہمی دلچسپی کے امور بشمول عالمی اور علاقائی حالات بالخصوص غزہ اور مشرق وسطیٰ کی ابھرتی ہوئی صورتحال کے ساتھ ساتھ امت مسلمہ سے متعلق مسائل ایجنڈے میں سرفہرست ہوں گے۔ وزیراعظم کا دورہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین گہرے تاریخی تعلقات کو اجاگر کرتا ہے اور دونوں ممالک کے مابین باہمی افہام و تفہیم میں اضافے، تجارت، سرمایہ کاری میں تعاون بڑھانے اور دوطرفہ، علاقائی اور عالمی معاملات پر سفارتی روابط کے مزید فروغ کی راہ ہموار کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 6

جبکہ اجلاس میں سیاسی قائدین نے تقاریر کیں جن میں سوالات اٹھائے گئے اور ان کے جوابات بھی دیئے گئے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اجلاس میں عسکری اور سیاسی قیادت نے اس بات پر مکمل اتفاق کیا کہ دہشتگردی کو کسی بھی صورت جواز فراہم نہیں کیا جا سکتا۔ میرا انہیں خیال کہ دہشتگردوں کے خلاف ریاست کی پوری طاقت استعمال کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ دہشتگردوں کے خلاف آپریشنز پہلے سے جاری ہیں اور انہیں جاری رکھا جائے گا، جن لوگوں نے بندوق اٹھائی ان سے مذاکرات نہیں ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کے بعد ''اگر مگر'' کی بحث ختم ہو جانی چاہیے کیونکہ قومی اتفاق رائے موجود ہے اور اسے مزید مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، ایسی میٹنگز ہونی چاہئیں اور یہ سوال نہیں اٹھنا چاہیے کہ کوئی آپریشن نہیں ہو رہا۔ اجلاس میں دہشتگردوں کی افغانستان میں موجودگی کا ذکر بھی ہوا اور دہشتگردی کے مقابلے کے لیے جن چیزوں میں بہتری کی ضرورت ہے اس پر بھی بات چیت کی گئی جبکہ وزیراعلیٰ خیبرپختونخواہ نے صوبے کے فنڈز سے متعلق اپنا موقف پیش کیا۔ رانا ثنا اللہ نے پاکستان تحریک انصاف کے اجلاس میں شرکت نہ کرنے کے فیصلے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی نے اپنے نام دیئے اور اسپیکر سے مزید تین نام شامل کرنے کی درخواست کی جسے منظور کر لیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ پی ٹی آئی نے کہا تھا کہ اگر بانی تحریک انصاف سے ملاقات نہ بھی ہوئی تو وہ اجلاس میں شریک ہوں گے لیکن رات کو نامعلوم وجوہات کی بناء پر انہوں نے شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا، ان کا یہ فیصلہ غیر سیاسی ہے اور انہوں نے ذاتی سیاسی مفاد کو قومی مفاد پر ترجیح دی۔ مشیر وزیراعظم نے اجلاس کو قومی سلامتی کے حوالے سے اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف سیاسی اور عسکری قیادت کا مشترکہ موقف اس مسئلے سے نمٹنے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

چارج سنبھال لیا اس موقع پر وزارت کے اعلیٰ حکام نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں وزارت کے مختلف شعبوں، جاری ترقیاتی منصوبوں اور مستقبل کی پالیسیوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیر مملکت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وزیراعظم پاکستان کے ترقیاتی وژن کے مطابق قومی ترقیاتی ایجنڈے کو اولین ترجیح دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل، نجی سرمایہ کاری کے فروغ اور معیشت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرنے کے لیے ٹھوس اور جامع حکمت عملی اپنائی جائے گی۔ چوہدری ارمغان سبحانی نے کہا کہ اڑان پاکستان ایک روشن اور ترقی یافتہ پاکستان کی جانب ایک اہم قدم ہے، اور اس کے تحت طے کردہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے ملک میں پائیدار ترقی کے عمل کو تیز کرنے اور درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 8

کہا گیا 8 روپے فی یونٹ میں سے 4.73 روپے فی یونٹ کی کمی مستقل بنیادوں پر جاری رہے گی، یہ کمی 6 آئی پی پیز کے معاہدے ختم کرنے، 16 آئی پی پیز کے پاور پرچیز معاہدوں کو ٹیک اینڈ پے ماڈل پر تبدیل کرنے، بگاس پاور پلانٹس کو امریکی ڈالر سے منسلک کرنے کے بجائے پاکستانی روپے سے جوڑنے اور سرکاری پاور پلانٹس کے ریٹرن آن ایکویٹی کو پاکستانی روپے کی بنیاد پر 13 فیصد تک محدود کرنے اور امریکی ڈالر کی قدر کو 168 روپے پر فکس کرنے کے نتیجے میں ممکن ہوئی ہے۔ سینئر حکام کے مطابق ہم بجلی کے نرخوں میں کمی میں ان پیٹرولیم مصنوعات کو کم نہ کرنے کے اثرات کو شامل کرنے جا رہے ہیں جن کی قیمتیں بین الاقوامی مارکیٹ میں 16 مارچ 2025 سے کم ہونے والی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی نہ کرنے کا تخمینہ 168 ارب روپے لگایا گیا ہے جو بجلی کے ٹیرف میں 1.30 روپے فی یونٹ کمی کے لیے استعمال کیے جائیں گے، آئی ایم ایف نے حکومت کے اعلیٰ حکام کو 3 ماہ تک پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم نہ کرنے کے نتیجے میں 250 ارب روپے تک کے اثرات کے بدلے ریلیف حاصل کرنے کی منظوری دی ہے بشرطیکہ بین الاقوامی مارکیٹ میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں مزید کم ہوتی رہیں۔

بقیہ بقیہ جات 9

نے کہا کہ دہشت گرد چاہتے تھے کہ مغویوں کو محبوس کر کے معاملے کو طول دیا جائے، مگر پاک فوج نے 36 گھنٹوں میں تمام مغوی بازیاب کروائے اور دہشت گردوں کا قلع قمع کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی فوج یا کسی ایک ادارے کے خلاف نہیں، ملک کے خلاف ہوتی ہے۔ گزشتہ روز ہونے والے قومی سلامتی کے اجلاس میں تمام سیاسی جماعتیں اکٹھی ہوئیں لیکن ایک جماعت نہیں تھی۔ مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ یہ پہلی بار نہیں ہے، جب بھی قومی سلامتی کی بات ہوتی ہے تو بانی پی ٹی آئی شریک نہیں ہوتے۔ یہ قومی سلامتی کے لیے اکٹھے نہیں ہوتے، ان کا کام صرف شہدا کی یادگاروں کو جلانا، پاک فوج کی وردیاں ڈنڈوں پر اچھالنے کے لیے اکٹھا ہونا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ یہ لوگ فوج کے خلاف بیانیہ بنانے اور پراپیگنڈا کرنے کے لیے اکٹھے ہوتے ہیں۔ ایک چور کو جیل میں ڈالیں، 190 پاؤنڈ کا سوال کریں تو اسے آزادی اظہار پر حملہ قرار دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی سے پاک صوبے کو خود ان لوگوں نے دوبارہ دہشت گردی کا گھر بنایا۔ جب جب ملک ترقی کرتا ہے دہشت گردی شروع ہو جاتی ہے۔ جب بھی کوئی دہشت گردی کا واقعہ ہوتا ہے فوج کے خلاف بیانیہ بنانا شروع کر دیتے ہیں۔ گنڈاپور صاحب 12! سال سے کے پی میں تحریک انصاف کی حکومت ہے، آپ استعفا دیں اور کہیں کہ مجھ سے صوبہ نہیں چل سکتا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ اس وقت پوری قوم اور سیاسی جماعتوں کو فوج کے پیچھے کھڑے ہونے کی ضرورت ہے اور کھڑی ہیں، سوائے پی ٹی آئی کے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ میاں نواز شریف اپنی طبیعت کی وجہ سے اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے۔ انہوں نے پیغام بھیجا تھا کہ وہ ملک کے لیے ہر جگہ اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہیں۔ مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ پاکستان کی تاریخ میں ایک مشکل جگہ پر کھڑے ہیں۔ 2013 میں جب ن لیگ کی حکومت آئی، وزیراعظم نواز شریف نے معیشت کی بہتری اور دہشت گردی کو ختم کرنے کے لیے کام شروع کیا۔ اے پی ایس کا افسوسناک واقعہ ہوا ملک اس وقت بھی دوراہے پر کھڑا تھا۔ میاں نواز شریف نے اس وقت پوری قوم کو ایک بیانیہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ ملکی سالمیت کے خلاف کوئی سیاسی جماعت دہشت گردی نہیں کرتی۔ ایک شخص جو اس وقت دھرنے کر رہا تھا اس کو بھی ٹیبل پر بٹھایا گیا۔ کل نیشنل سکیورٹی پارلیمانی کمیٹی کی میٹنگ ہوئی، کل تمام سیاسی جماعتیں اپنی باتیں بھلا کر موجود تھیں، تمام عسکری قیادت موجود تھی۔ کل اعلامیے پر صرف ایک جماعت کے دستخط نہیں تھے۔ سینئر صوبائی وزیر نے کہا کہ جب جب ملک کی نیشنل سکیورٹی کی ضرورت ہوتی ہے تو تحریک انصاف غائب ہوتی ہے۔ انہوں نے کل دکھایا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں تحریک انصاف اپنا حصہ ڈالنے کو تیار نہیں ہے۔ یہ جماعت اپنے بانی کی طرف دیکھ رہی ہے کہ اس کا جواب آئے گا تو جائیں گے جب کہ پاکستان کو ایک مشترکہ بیانیے کی ضرورت تھی۔

بقیہ بقیہ جات 10

جو واضح طور پر وزیراعظم کے لیے ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس لیے گزشتہ رات دیر گئے ہماری میٹنگ ہوئی تاکہ ہم اس معاملے کو حل کر سکیں اور ایک ایسا قابل عمل طریقہ تلاش کر سکیں جس سے عام شہری کو ریلیف مل سکے اور اسے چینی کی قیمتیں 180 سے 200 روپے تک پہنچنے کی باتیں نہ سننے کو ملیں'۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایک مناسب قیمت پر پہنچنا چاہ رہے ہیں جہاں شوگر ملز کو نقصان نہیں ہو، اس لیے ان اعداد وشمار کے لیے ذیلی کمیٹی بنائی جا رہی ہے جس کی سربراہی رانا تنویر (وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ) کریں گے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ کمیٹی لاگت کے تعین اور شوگر ملز کے ان دعوؤں پر رائے دینے کے لیے 19 اپریل تک کام کرے گی کہ وہ اجناس کی قیمتوں میں اضافے کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک ایسے نظام پر کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ عام آدمی کو سستی چینی مل سکے تاہم اس کے لیے ہمیں ڈسٹری بیوشن چینل کی ضرورت ہوگی اور اس پر عمل درآمد کا طریقہ کار ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ چینی کی ایکس ملز قیمت 154 روپے سے 159 روپے ہوگی اور ایف بی آر ایکس ملز پرائس کے مطابق ہی سیلز ٹیکس وصول کرے گا، انہوں نے واضح کیا کہ چینی کی ایکس مل قیمت کی بالائی حد 159 روپے ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور شوگر ملز یقینی بنائیں گی کہ چینی کی خوردہ قیمت 164 روپے کلو سے زائد نہیں ہونی چاہیے، حکومت مسابقتی کمیشن کے ساتھ مل کر انٹیلی جنس رپورٹس جمع کرنے کا کام کرے گی اور ڈیٹا بھی جمع کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 11

ہے کہ جعفر ایکسپریس کی بوگیوں کی مرمت کا کام جاری ہے۔ دہشت گرد حملے میں جعفر ایکسپریس کی 5 بوگیاں متاثر ہوئی تھیں۔ ٹرین کی 8 بوگیاں گزشتہ رات کوئٹہ ریلوے اسٹیشن لائی گئی تھیں۔ بچھی کے علاقے مشکاف سے جعفر ایکسپریس کی متاثرہ بوگیوں کو کوئٹہ لایا گیا تھا۔ بولان میں دہشتگردی کا نشانہ بننے والی جعفر ایکسپریس کی بوگیاں 8 روز بعد کوئٹہ پہنچا دی گئیں۔ بوگیوں پر گولیوں کے نشان اور بیشتر کھڑکیوں کے شیشے ٹوٹے ہوئے ہیں۔ ریلوے حکام کے مطابق بوگیوں کو مرمت کے بعد سفر کیلئے روانہ کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ 11 مارچ کو بولان میں جعفر ایکسپریس پر دہشتگردوں نے حملہ کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 12

کی اجازت کے معاملے پر پنجاب حکومت و دیگر سے جواب طلب کر لیا۔ پاکستان تحریک انصاف کی 22 مارچ کو مینار پاکستان جلسے کی اجازت کے لیے تحریک انصاف کے نائب صدر اکمل خان باری کی درخواست پر سماعت لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے کی۔ سردار لطیف کھوسہ ایڈووکیٹ کی وساطت سے دائر کی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ پی ٹی آئی 22 مارچ کو قانون اور آئین کے مطابق جلسہ کرنا چاہتی ہے، یہ جلسہ مینار پاکستان پر کرنا چاہتے ہیں۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ انہوں نے عدالت کے حکم پر جلسے کی اجازت کے لیے ہوم سیکرٹری پنجاب کو درخواست دی، ہوم سیکرٹری نے ابھی تک ان کی درخواست پر فیصلہ نہیں کیا، ان کو پرامن جلسے کی اجازت نہیں دی جا رہی۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ عدالت مینار پاکستان پر 22 مارچ کو جلسے کی اجازت دے۔ بعد ازاں لاہور ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کی مینار پاکستان پر جلسے کی درخواست پر صوبائی حکومت، ہوم سیکرٹری، آئی جی پنجاب پولیس اور ڈی سی لاہور سے آج (جمعرات) تک جواب طلب کر لیا۔

بقیہ بقیہ جات 13

تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کی۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سکل ڈویلپمنٹ ایک ماہ قبل محکمہ صنعت وتجارت وسرمایہ کاری کا حصہ تھا۔ ٹیوٹا کو اب وزارت صنعت وتجارت وسرمایہ کاری سے علیحدہ کر دیا گیا ہے۔ ٹیوٹا کے 350 اداروں میں ٹیکنیکل ایجوکیشن فراہم کی جا رہی ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ٹیکنیکل ایجوکیشن کے فروغ کیلئے فنڈز فراہم کیے جن سے ٹیوٹا کے اداروں کی لیبز اور کورسز کو اپ گریڈ کیا گیا اور ٹیوٹا کے اداروں میں 3 ماہ کے مفت آئی ٹی کورسز شروع کیے گئے۔ بچوں کو آرٹیفیشل انٹیلیجنس، مشین لرننگ اور دیگر جدید کورسز مفت کروائے گئے۔ ان کورسز کی انٹرنیشنل سرٹیفکیشن بھی کرائی جا رہی ہے اس کے علاوہ بچوں کو آن لائن تکنیکی تربیت کی فراہمی بھی شروع کی گئی۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت نے کہا کہ بیرون ممالک ہنرمند افرادی قوت کی بہت ڈیمانڈ ہے اور حکومت چاہتی ہے کہ نوجوان لیگل طریقے سے باہر جائیں اور ملک کیلئے قیمتی زرمبادلہ کمائیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیوٹا کے اداروں میں سولر سٹڈیز کا آغاز کیا گیا اور انڈسٹری کو سولر انرجی پر منتقل کرنے کا بھی آغاز کیا۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ اگر ہر سیاست دان، ہر ادارہ، ہر افسر، صحافی اور ہر ایک محنت سے کام کرے تو ایک سال میں آئی ایم ایف سے جان چھوٹ سکتی ہے لیکن بدقسمتی سے ہمارا زیادہ وقت اور انرجی ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنے میں صرف ہو رہا ہے۔ ہمسایہ ممالک ہم سے ترقی کے لحاظ سے بہت آگے نکل چکے ہیں۔ ہم سب کو مل کر ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے کام کرنا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ اسلام امن اور سلامتی کا مذہب ہے جس میں دہشت گردی کی کوئی گنجائش نہیں۔ معصوم لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے والوں کا مذہب سے کوئی تعلق نہیں۔ پاک فوج اور سیکیورٹی کے ادارے بہادری سے دہشت گردوں کا صفایا کر رہے ہیں۔ پوری قوم کو دہشت گردوں کے خلاف مل کر جنگ لڑنی ہے اور امن دشمنوں کے عزائم خاک میں ملانے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

کے لیے ایڈوانس ٹیکس سلیب میں کمی واقع کی جائے۔ اسی طرح مقامی کپاس پر اس وقت 18 فیصد ٹیکس عائد ہے برعکس درآمدی کپاس پر، اس وقت بجٹ میں مقامی کپاس پر 18 فیصد سیلز ٹیکس فلفور ختم کیا جائے؛ پاکستان بزنس فورم۔ بجٹ تجاویز میں سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے مائننگ منرل سیکٹر اور گرین پاکستان انیشیٹو میں لیز کمپنیوں کو 7 سال ٹیکس چھوٹ کی تجویز۔ انڈسٹری کے فروغ کے لیے کم از کم ٹیکس کو سالانہ 0.25 فیصد کیا جائے؛ تعمیراتی شعبہ کو بجٹ میں سہولت دی جائے تاکہ معیشت میں گروتھ آ سکے؛ اس سلسلے میں انکم ٹیکس آرڈیننس میں سیکشن 7E کو منسوخ کیا جائے اور ودہولڈنگ ٹیکس کو ایک فیصد کیا جائے پہلی دفعہ مکان خریدنے پر، دوسری طرف سیکشن B 8 میں ترمیم کی جائے تاکہ مینوفیکچر شعبہ بھی برآمدات میں آ سکے، پاکستان بزنس فورم نے انکم ٹیکس ریٹ کمپنیز پر سالانہ 25 فیصد کرنے کا بھی مطالبہ کر دیا اسی طرح سپر ٹیکس پر بجٹ میں نظر ثانی کی جائے؛ بجٹ میں ٹیکس پیئر کو سہولت دینے کے لیئے سیکشن 10 رولز 34 میں ترمیم کی جائے۔ تاجروں پر فکس ٹیکس لگانے کی سفارش تاکہ ٹیکس بیس میں اضافہ ہو سکے؛ بڑے تاجر پر مہانہ 20 ہزار اور چھوٹے تاجر پر 10 ہزار ٹیکس لگانے کی تجویز؛ بجٹ میں جنوبی بلوچستان کے اضلاع کی ترقی کے لیے رقم مختص کی جائے؛ دستاویز کے مطابق پاکستان بزنس فورم نے وفاقی حکومت سے جنوبی بلوچستان کے اضلاع کی ترقی کے لئے بھی سفارش کر دی۔ نومبر 2020 میں عمران خان حکومت نے جنوبی اضلاع کے لیے 540 بلین روپے مختص کیئے تھے اس میں بقیہ 50 فیصد رقم بجٹ میں ریلیز کی جائے۔ اسی طرح انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس پر آڈٹ چار سال میں ایک دفعہ کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 15

قرار دینے کی درخواست پر سماعت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 5 رکنی بینچ نے کی۔ عدالت میں وفاق، پنجاب اور بلوچستان حکومتوں نے اپنے جوابات جمع کروا دیے جب کہ سندھ اور خیبرپختونخوا حکومت نے جوابات جمع کرانے کے لیے وقت مانگا ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ جواب کے مطابق وفاقی حکومت نے قرآن پاک کی تعلیم کے لیے اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ حکومت کو اپنا کام کرنے دیں، عدالت کیوں مداخلت کرے۔ درخواست گزار کے وکیل اینق کھٹانہ نے کہا کہ حکومتیں کام کر رہی ہوتیں تو 5 سال سے عدالتوں میں چکر نہ لگا رہا ہوتا۔ قانون کے مطابق وہ ترجمہ رائج ہو سکتا ہے جو متفقہ ہو۔ وفاقی حکومت کی جانب سے ترجمہ کی منظوری دینا بھی لازمی ہے۔ کسی صوبے یا وفاق نے نوٹیفکیشن منسلک نہیں کیے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ بچہ پیدا ہوتا ہے تو اسے مادری زبان سکھائی جاتی ہے پھر اردو اور انگلش۔ وکیل نے کہا کہ آئین کا آرٹیکل 31 واضح ہے کہ قرآن کی تعلیم اور اسلامیات الگ ہیں۔ بعد ازاں عدالت نے سندھ اور کے پی حکومت سے قرآن پاک کی لازمی تعلیم کے معاملے پر جواب طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت غیر معینہ مدت تک کے لیے ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 16

رہے ہیں۔ اگر بانی پی ٹی آئی اور ہم دہشتگرد ہیں پھر تو بات ختم ہو گئی ہے۔ اگر 70 فیصد ووٹ لینے والی جماعت دہشتگرد ہے تو مطلب پاکستان دہشتگرد ہے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ ہماری لیڈرشپ میں وہ چیز نہیں آئی کہ وہ لوگوں کو اکٹھا کر سکیں۔ کل بانی پی ٹی آئی کو نہیں بلایا گیا، محمود خان اچکزئی نہیں آئے، بلوچستان کی اصل قیادت نہیں آئی۔ جنرل راحیل شریف کا کریڈٹ ہے کہ انہوں نے کہ اے پی ایس سانحے کے بعد پورے پاکستان کو اکٹھا کر لیا تھا۔ سابق وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ ابھی جعفر ایکسپریس کا واقعہ ہو رہا تھا کہ حکومتی وزرا نے کہنا شروع کر دیا کہ بانی پی ٹی آئی علیحدگی پسندوں کے ساتھ ہیں۔ اگر بانی پی ٹی آئی علیحدگی پسندوں کے ساتھ ہیں تو آپ کس کے بیانیے کو پروان چڑھا رہے ہیں؟۔ انہوں نے کہا کہ کل کے اجلاس سے پوری دنیا میں بہت غلط تاثر پیدا ہوا۔ آصف زرداری، نواز شریف، مولانا فضل الرحمان اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ بیٹھیں۔ بہتر یہی ہے کہ ایک قومی حکومت تشکیل دی جائے۔ پاکستان کو آگے لے کر چلیں، اب بھی بہت نقصان ہو چکا ہے۔ قبل ازیں انسداد دہشت گردی عدالت میں مغلپورہ، زمان پارک اور جناح ہاؤس کے قریب چوک میں پولیس کی گاڑیاں جلانے کے 5 مقدمات میں فواد چوہدری کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ہوئی، جس میں عدالت نے 16 اپریل تک توسیع کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 17

ادارے شین بیت غزہ کی پٹی میں حماس اور اسلامی جہاد کے اہداف کے خلاف حملے جاری رکھیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گذشتہ گھنٹوں میں جن اہداف کو نشانہ بنایا گیا ان میں سیلز، لانچنگ پوائنٹس، جنگی ساز وسامان اور دیگر فوجی ڈھانچے شامل ہیں جو ان کے دعوے کے مطابق، منصوبہ بندی اور عسکری سرگرمیوں کو انجام دینے کے لیے دونوں تحریکوں کے ذریعے استعمال کیے گئے تھے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ یہ اہداف اسرائیلی افواج اور شہریوں کے لیے خطرہ ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ انہوں نے غزہ کی پٹی میں دی گئی ہدایات میں تبدیلیاں کی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 18

سے دوبارہ جارحیت مسلط کرنے کی شدید مذمت کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مملکت کی وزارت خارجہ نے منگل کے روز ایک اخباری بیان میں کہا کہ سعودی عرب غزہ کے خلاف قابض اسرائیلی افواج کی دوبارہ جارحیت کی شدید مذمت کرتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اسرائیلی فوج کی طرف سے بین الاقوامی انسانی قانون کی ذرا بھی پرواہ کیے بغیر غیر مسلح شہریوں کی آبادی والے علاقوں پر بمباری کی قابل مذمت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

حملوں میں اب تک سینکڑوں افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ثالثوں نے جنگ بندی کی کوششیں تیز کر دیں۔ عرب ٹی وی نے اطلاع دی ہے کہ قاہرہ پیش رفت پر تبادلہ خیال کے لیے ایک اجلاس کی میزبانی کے لیے حماس کے عہدیداروں سے بات چیت کر رہا ہے۔ یہ اقدامات اسرائیل کی حالیہ جارحیت کو روکنے کے لیے ثالثوں کے ساتھ وسیع رابطوں کے موافق ہیں۔ ذرائع نے اس بات کی بھی تصدیق کر دی ہے کہ اسرائیل نے ثالثوں کو جنگ بندی کے مسترد ہونے سے آگاہ کر دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

لائی گئی ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ کینٹ ڈویژن سے 1476، سول لائنز سے 573، سٹی سے 1312، اقبال ٹاؤن سے 1254، صدر سے 878 اور ماڈل ٹاؤن سے 985 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ جبکہ کینٹ ڈویژن سے 347، سول لائنز سے 198، سٹی سے 681، اقبال ٹاؤن سے 587، صدر سے 256 اور ماڈل ٹاؤن سے 236 عادی مجرمان کو حراست میں لیا گیا ہے۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہیومن انٹیلی جنس اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی جا رہی ہے۔ سی سی پی او لاہور نے سنگین مقدمات کے اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کیلئے کارروائیوں میں تیزی لانے کی ہدایات کرتے ہوئے کہا کہ ڈویژنل افسران اشتہاریوں کی گرفتاری کے لئے ٹارگٹڈ آپریشنز کی خود نگرانی کریں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ پولیس سافٹ ویئرز سمارٹ آئی اور ہوٹل آئی کی مدد سے مطلوب مجرمان کی گرفتاری یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی لاہور پولیس کا اولین مشن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

شاندار اور منفرد استقبال کیا جس کی ویڈیو وائرل ہو گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی خلاباز سنیتا ولیمز اور بوچ ولمور ایک غیر متوقع 9 ماہ طویل خلائی مشن کے بعد بحفاظت زمین پر واپس پہنچ گئے ہیں۔ ان کے ساتھ ناسا کے خلاباز نک ہیگ اور روسی خلائی ایجنسی روسکوسموس کے خلاباز الیگزینڈر گوربونوف بھی موجود تھے، ان سب نے ناسا اسپیس ایکس کریو 9- ٹیم کی حیثیت سے کام کیا۔ ایلون مسک کی کمپنی اسپیس ایکس کے ڈریگن اسپیس کرافٹ کے ذریعے یہ خلاباز فلوریڈا کے ساحل پر بحفاظت لینڈ کر گئے۔ خلابازوں کی واپسی پر ایک حیرت انگیز منظر پیش آیا جب اسپیس ایکس کے ڈریگن کیپسول کے اردگرد پانی میں ڈولفنز تیرتی نظر آئیں، یہ خوبصورت لمحہ نا صرف حیران کن بلکہ دل کو چھو لینے والا بھی تھا، اس منظر کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ کیپسول کے پانی میں لینڈ کرنے کے بعد ریکوری ٹیم نے اسے بحفاظت نکالا اور پھر کئی ماہ بعد اس کا سائیڈ ہیچ پہلی مرتبہ کھولا گیا۔ خلاباز کیپسول سے باہر آئے اور انہیں فوری طور پر ہیوسٹن لے جایا گیا جہاں وہ 45 دن کے بحالی پروگرام میں شامل ہوں گے۔ یہ مشن دراصل محض 8 دن کے لیے ترتیب دیا گیا تھا، تاہم بوئنگ کے اسٹار لائنر کیپسول میں ہونے والی تکنیکی خرابیوں کی وجہ سے خلابازوں کو 9 ماہ تک خلا میں رہنا پڑا۔ جون 2024 کو خلا میں جانے والے دونوں خلابازوں کے لیے واپسی کا سفر غیر یقینی صورت حال سے دوچار تھا کیونکہ اسٹار لائنر کیپسول پروپلشن مسائل کا شکار ہو گیا تھا۔ کئی مہینوں کی تاخیر اور تیاری کے بعد بالآخر خلا میں موجود ٹیم کے لیے امدادی مشن اتوار کے روز انٹرنیشنل اسپیس اسٹیشن پر پہنچا اور یوں سنیتا ولیمز اور بوچ ولمور کی واپسی ممکن ہو سکی۔ کریو 9- کی کامیاب واپسی کے ساتھ ہی کریو 10- نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن (آئی ایس ایس) پر اپنی ذمے داریاں سنبھال لی ہیں، یہ نیا مشن وہاں اہم سائنسی تجربات اور تحقیقی سرگرمیاں انجام دے گا۔

بقیہ بقیہ جات 22

کھوکھر پی ٹی آئی کی قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں عدم شرکت کو قابل افسوس قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کا ایجنڈا ملک میں عدم استحکام پیدا کرنا ہے، قومی مفاد پر سیاسی مخالفت کو ترجیح دینے والوں کا گھناؤنا چہرہ قوم نے دیکھ لیا۔ انہوں نے اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تحریک انصاف نے دہشت گردی کے خلاف پارلیمنٹ کے متفقہ موقف کو سبوتاژ کیا ہے، ان کا یہ عمل طالبان، خوارج اور دہشت گردوں سے ہمدردی کے مترادف ہے۔ ثابت ہوا کہ اس گروہ کی وابستگی ملک سے نہیں فرد واحد سے ہے، اہم قومی ایشوز پر اپنے جماعتی مفادات کو پس پشت رکھ کر فیصلہ کرنا چاہیے۔ احسن افضل کھوکھر نے کہا کہ تحریک بائیکاٹ اپنی سیاست کو قومی سلامتی پر ترجیح دے رہی ہے، تحریک انصاف کا دہشت گرد ونگ ملکی سلامتی کے لیے خطرناک ہے اور قومی مفاد پر سیاسی مخالفت کو ترجیح دینے والوں کا گھناؤنا چہرہ قوم نے دیکھ لیا۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ ملک میں انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں، وہ دراصل پاکستان کے دشمنوں کے ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 23

ڈی ایس پی حسن افتخار کی ٹرانسفر کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت کی۔ اسی طرح انسپکٹر مظہر اقبال کی ٹرانسفر کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت دی جبکہ ریٹائرڈ انسپکٹر محمد سعید اختر کی درخواست پر ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو کو ریلیف کی ہدایت کی۔ اسی طرح کانسٹیبل ذیشان خان کی مالی امداد کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ریلیف کی ہدایت دی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈسپلن، ایڈمن، پروموشن، ویلفیئر سے متعلقہ دیگر درخواستوں پر بھی احکامات جاری کیے۔

بقیہ بقیہ جات 24

۔عرب ٹی وی کے مطابق حماس کے رہنما سامی ابو زہری نے کہا کہ اسرائیل ہتھیار ڈالنے کا معاہدہ مسلط کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ حماس نے امریکہ پر تشویش میں شراکت دار ہونے کا الزام عاید کیا۔ ابو زہری نے بتایا کہ اسرائیل کے اہداف اور غزہ میں قتل عام جنگ بندی معاہدے کو کمزور کرتے ہیں اور ہتھیار ڈالنے کے معاہدے کو مسلط کرنے اور اسے غزہ کے خون میں لکھنے کی کوشش ہے۔ حماس نے زور دے کر کہا کہ اسرائیل کی جانب سے اس کے خلاف حملے کی تیاریوں کے دعوے بے بنیاد ہیں اور جنگ کی طرف واپسی کا جواز پیش کرنے کا محض بہانہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

بانڈز کے قواعد جاری کر دیئے جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ نئے قوانین کے مطابق بانڈز میں سرمایہ کاری کی کوئی زیادہ سے زیادہ حد نہیں ہوگی، انعامی رقم ٹیکس سے مشروط ہوگی لیکن اسے زکوۃ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے گا، اس پیپر لیس سرمایہ کاری نقطہ نظر سے پرنٹنگ اور لاجسٹک اخراجات میں کمی کی توقع ہے۔ ڈیجیٹل بانڈز خریدار کے نام پر رجسٹرڈ ہوں گے لہٰذا دھوکہ دہی کا خطرہ کم سے کم ہوگا۔ مزید برآں، انعامات کی خرید، فروخت اور واپسی کے عمل کو زیادہ موثر بنانے کے لئے ہموار کیا جائے گا۔ انعامی رقم براہ راست سرمایہ کار کے منسلک اکاؤنٹ میں جمع کی جائے گی، سہ ماہی قرعہ اندازی ہوگی، قرعہ اندازی کا شیڈول ہر کیلنڈر سال کے آغاز پر شیئر کیا جائے گا، سرمایہ کاروں کے پاس بانڈز خریدتے وقت فائدہ اٹھانے والوں کو نامزد کرنے کا اختیار ہوگا جس میں خواہش کے مطابق نامزدگیوں میں ترمیم یا منسوخ کرنے کی اجازت ہوگی۔ قواعد میں دیگر شرائط بھی بتائی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 26

عدالت کو اس فیصلے سے آگاہ کر دیا۔ عدالت میں جمع کروائی گئی پولیس کی ریمانڈ رپورٹ کے مطابق، ملزم ارمغان نے مصطفیٰ عامر کو قتل کرنے کے فوراً بعد اپنے والد کو اطلاع دی تھی۔ تاہم کامران اصغر قریشی نے پولیس کو اطلاع دینے کے بجائے بیٹے کو روپوش ہونے کا مشورہ دیا۔ ملزم ارمغان اپنے والد کے مشورے پر شیراز کے ہمراہ اسکردو اور دیگر علاقوں میں روپوش رہا۔ ادھر پراسیکیوشن ذرائع کے مطابق ملزم ارمغان کی انسداد دہشت گردی عدالت میں تکرار محض ایک ڈرامہ ہے۔ ذرائع نے کہا کہ ملزم ارمغان نے والد کو گرفتاری سے بچنے کے لیے امریکہ جانے کا کہا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 27

میں فراہم کی گئی سہولتوں کا مشاہدہ کیا۔ اس دوران بلال اکبر خان نے سٹوڈنٹس کو بائیکس کی ڈیلیوری پر پیشرفت کا بھی جائزہ لیا اور اپنی بائیکس کے حصول کیلئے آئے سٹوڈنٹس سے گفتگو بھی کی۔ سٹوڈنٹس نے صوبائی وزیر کیساتھ بائیکس سکیم پر خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیر ٹرانسپورٹ نے زیر تعمیر گرین بس ڈپو پر جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خوشی ہے کہ عوامی فلاح کے منصوبوں پر شبانہ روز کام کر رہے ہیں۔ الیکٹرک بسوں سے مسافروں کو آرام دہ اور سستی سفری سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں جبکہ مزید سینکڑوں الیکٹرک بسوں سے دیگر بڑے شہروں میں بھی جدید ترین ٹرانسپورٹ کا آغاز ہو جائیگا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ عید پر زائد کرایہ وصول کرنے والوں کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی اور اس سلسلہ میں پنجاب کے تمام اضلاع میں افسران کو متحرک کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

افغان حکومتی ٹی ٹی پی کے دہشت گردوں کی پشت پناہی کر رہی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے دور میں ٹی ٹی پی کو واپس اس لیے لایا گیا تھا کہ ایک نجی ملیشیا قائم کی جا سکے، جس سے ملک کی داخلی سلامتی کو نقصان پہنچایا گیا۔ خواجہ آصف نے مزید کہا کہ نیشنل ایکشن پلان پہلے سے موجود ہے، اور اب اسے صرف بحال کیا جا رہا ہے تاکہ دہشت گردوں کا قلع قمع کیا جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 29

ڈالرز قرض کی منظوری دے دی۔ عالمی بینک کے مطابق یہ رقم موسمیاتی تبدیلی سے متاثر غریب کاشت کاروں کیلئے ہوگی، اس رقم سے موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ افراد کو چھوٹے قرضے دیے جائیں گے۔ اس حوالے سے جاری ہونے والی اعلامیے کے مطابق اس رقم کا مقصد موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ افراد کی آمدن بڑھانا ہے، یہ رقم عالمی بینک کے 10 سالہ کنٹری پارٹنر شپ پروگرام کا حصہ ہے۔ اعلامیے کے مطابق منصوبہ چھوٹے کاروباروں اور دیہی علاقوں میں مالیاتی شمولیت بڑھانے میں مدد دے گا۔ ورلڈ بینک کنٹری ڈائریکٹر کے مطابق مائیکروفنانس غریب طبقے کی مالی مدد کے لیے ایک اہم ذریعہ ہے، اس منصوبے سے 10 لاکھ خواتین سمیت 18.9 لاکھ افراد مستفید ہوں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ پاکستان میں ورلڈ بینک کے تعاون سے 54 منصوبے جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 30

مجید علی شاہ نے فیصلہ سنا دیا، جس میں قائد حزب اختلاف اور پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب کی عبوری ضمانت خارج کرتے ہوئے عدالت نے انہیں گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ واضح رہے کہ عمر ایوب کے خلاف 26 نومبر احتجاج کے مقدمات درج ہیں۔ اس حوالے سے عمر ایوب خان عدالت پیش نہیں ہوئے اور ان کے وکیل ڈاکٹر بابر اعوان بھی عدالت میں نہیں آئے۔ دریں اثنا عدالت نے صنم جاوید کی عبوری ضمانت میں توسیع کر دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

تربیلا ڈیم ڈیڈ لیول پر پہنچ گیا۔ واپڈا کے ذرائع کے مطابق تربیلا ڈیم میں پانی کا قابل استعمال ذخیرہ صفر ہو گیا ہے، ڈیم کا ڈیڈ لیول 1402 فٹ پر ہے۔ دوسری جانب منگلا ڈیم بھی ڈیڈ لیول کے قریب ہے جہاں پانی کی سطح 1054 فٹ پر ہے۔ ذرائع واپڈا کے مطابق منگلا ڈیم کا ڈیڈ لیول 1050 فٹ پر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

کے مختلف اضلاع میں کارروائیوں کے بعد بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر لی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق ضلع واشک میں کارروائی ماشکیل کے سرحدی علاقے میں کی گئی، جہاں اسمگلنگ کی غرض سے چھپائی گئی 840 کلو افیون اور 150 کلوگرام چرس برآمد کر لی گئی۔ اسی طرح دوسری کارروائی چمن کے علاقے میں کی گئی جہاں سے 84 کلوگرام ہیروئن برآمد کی گئی۔ دونوں کارروائیوں میں برآمد کردہ منشیات کی بھاری مقدار اسمگلنگ کی غرض سے چھپائی گئی تھی۔ اس حوالے سے نامعلوم منشیات اسمگلرز کیخلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 33

دی۔ صوبائی وزیر کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت محکمہ اوقاف ومذہبی امور کی 22 ترقیاتی سکیموں پر کام جاری ہے۔ آئندہ سالانہ ترقیاتی پروگرام کیلئے 30 نئی سکیموں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ صوبائی وزیر نے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت جاری سکیموں پر کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر اوقاف ومذہبی امور چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی سکیموں کی بروقت، معیاری اور شفاف تکمیل یقینی بنائی جائے۔ ترقیاتی سکیموں کی بروقت تکمیل کیلئے فالو اپ جاری رکھا جائے۔ ترقیاتی سکیموں کی تکمیل میں کوئی رکاوٹ حائل نہیں ہونی چاہئے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ اگر ترقیاتی سکیموں میں فنڈز کی کمی آڑے آئے تو مجھے آگاہ کیا جائے۔ صوبائی وزیر نے اوقاف کی زمینوں پر ناجائز قبضے چھڑانے کیلئے ایکشن پلان طلب کر لیا۔ اوقاف کی زمینوں کے رینٹ بڑھانے کا میکانزم بھی طلب کر کے سروے کرانے کا حکم دے دیا۔ صوبائی وزیر اوقاف چوہدری شافع حسین نے گجرات ڈویژن میں واقع مزارات کی تزئین وآرائش کی سکیمیں تیار کرنے کی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر نے بابا بلھے شاہ دربار کی تزئین آرائش کا منصوبہ تیزی سے مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر اوقاف نے کہا کہ اوقاف کی زمینوں پر تعلیمی ادارے اور ہسپتال بنائے جائیں گے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل اوقاف ومذہبی امور، محکمہ اوقاف کے ڈائریکٹرز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 34

خلاف قوم کے اتحاد اور احساسات کی حقیقی ترجمان ہے لیکن حکومت نے پی ٹی آئی لیڈرز کو جیل میں قید کر کے حکومت نے قومی اتفاق رائے کو خود نا کام بنایا۔ ان کا کہنا تھا پی ٹی آئی دہشت گردی کے خلاف قربانیاں دینے والے بہادروں کے ساتھ کھڑی ہے لیکن حکمرانوں کے جذبات اور الفاظ کی تکرار دہشت گردی کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی۔ بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ کسی نئے آپریشن سے پہلے قومی اتحاد کی طاقت کا ہونا اولین شرط ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس قومی اسمبلی میں ہوا تھا جس میں عسکری حکام نے ملکی سلامتی اور سکیورٹی صورتحال پر سیاسی جماعتوں کو بریفنگ دی تھی۔ پاکستان تحریک انصاف نے پہلے قومی سلامتی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کرنے کا کہا پھر بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا مطالبہ کیا اور پھر اجلاس میں شرکت کے لیے عمران خان کی پیرول پر رہائی کی شرط عائد کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 35

کے لیے جنگ لڑی ہے جمعیت علمائے اسلام (ف) اور علماء حق کو وطن سے محبت اور کلمہ حق بلند کرنے کی سزا دی جا رہی ہے موجودہ اور سابقہ حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے آج ملک علماء کرام اور وطن عزیز پاکستان سے محبت کرنے والوں کے لیے مقتل گاہ بن چکا ہے حکمران مستعفی ہو جائیں عوام مزید لاشیں اٹھانے کی متحمل نہیں ہو سکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

اینٹی کرپشن حکام کے مطابق انکوائری کے بعد چھ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا، جس کے بعد دونوں درخواست گزاروں کو حراست میں لے لیا گیا تھا۔ عدالت نے فریقین کے دلائل سننے کے بعد دونوں ملزمان کی ضمانت کی درخواست مسترد کرتے ہوئے انہیں جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ بقیہ جات 37

اہتمام کیا جاتا ہے۔ انتظامیہ کی طرف سے پولیس کو جلوس اور مجالس والے مقامات پر سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے تاکہ شرکاء کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 38

مطابق تیراہ کے رہائشیوں نے واضح کیا کہ ہمارا دہشت گردوں سے کوئی لینا دینا نہیں۔ ہمیں امن سے جینے دیں۔ ہم فوجی کو حوالے نہیں کریں گے۔ اس سے قبل کرک میں بھی عوام نے سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مل کر خوارج کے حملے کو پسپا کیا تھا۔ اسی طرح بنوں میں 14 اور 15 مارچ کی درمیانی رات خوجڑی پولیس چوکی پر حملے کے دوران مقامی افراد نے پولیس کے ساتھ مل کر خوارج کو مار بھگایا۔ اہل علاقہ کا کہنا تھا کہ فتنے کا دور ہے اور ہم اس فتنے کو ختم کر کے دم لیں گے۔ ہم پولیس کے ہمراہ کھڑے ہیں۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق لکی مروت میں نماز عشاء کے وقت عباسہ خٹک میں قائم مسجد کے باہر سیکیورٹی پر مامور مقامی رہائشی کا خوارج سے سامنا ہوا۔ مسجد میں موجود تمام نمازیوں نے مل کر خوارج کو مار بھگایا۔ مقامی افراد اور خوارج کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا۔ ڈی پی او لکی مروت کی طرف سے چوکی عباسہ کو آرڈر دیا گیا کہ مقامی لوگوں کو ہر طرح کی سپورٹ مہیا کی جائے۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے پہلے ہی فتنۃ الخوارج کیخلاف کارروائیوں میں تیزی لا چکے ہیں۔ دفاعی ماہرین کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخواہ کی غیور عوام کی جانب سے خوارج کیخلاف اتحاد فتنۃ الخوارج کی بڑی ناکامی ہے۔ دہشتگردوں کیخلاف مزاحمت کرنے والے یہ پاکستانی ہی اصل ہیروز ہیں جو فتنۃ الخوارج کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ غیور عوام کی عسکریت پسندی کے خلاف عملی مزاحمت واضح پیغام ہے کہ وہ کسی صورت دہشت گردی کو برداشت نہیں کریں گے۔ عوام کی جانب سے سیکیورٹی فورسز کے حق میں اور دہشتگردوں کیخلاف جنگ کرنا پرامن مستقبل کی روشن نوید ہے۔

بقیہ بقیہ جات 39

سیر اسانے بتایا کہ یہ ایک ماہ پر محیط صحافتی تجربے کا حصہ ہے، جس کے دوران یہ دیکھا جائے گا کہ مصنوعی ذہانت کی مدد سے ایک مکمل اخبار کس حد تک مؤثر انداز میں تیار کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

جائے گی۔ 2007 کے قانون کے تحت ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل کا فرانزک سائنسز میں ماہر ہونا ضروری تھا لیکن 2025 کے قانون نے اس ضرورت کو ختم کر دیا گیا ہے۔ اس اقدام کو صوبائی حکومت کی جانب سے صوبے میں فرانزک سائنس کی خدمات پر مزید کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی ایکٹ 2025 کو 12 فروری کو پنجاب اسمبلی میں صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمان نے پیش کیا تھا یہ ایکٹ 12 مارچ کو منظور کر لیا گیا۔ یہ قانون ایک نیا فرانزک باڈی قائم کرتا ہے جسے پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی کہا جائے گا جو موجودہ PFSA کی جگہ لے گا اور ساتھ ہی پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی ایکٹ 2007 کو منسوخ کر دے گا جو پہلے ایجنسی کے ڈھانچے اور آپریشنز کو کنٹرول کرتا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 41

پر 29 ہزار سے زائد شہریوں کو جرمانے کیے۔ لاہور سمیت راولپنڈی، فیصل آباد اور گوجرانوالہ میں لائن لین کی خلاف ورزی پر سب سے زیادہ چالان کیے گئے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے کہا کہ لائن لین کے چالان منظم ٹریفک کے حصول کے لیے کیے جا رہے ہیں، لاہور، راولپنڈی اور ملتان میں گرین لین کے انعقاد سے شہر میں ٹریفک مزید منظم ہو گئی، دیگر اضلاع میں بھی سڑکوں پر کونز لگا کر لائن لین کی پابندی کروائی جا رہی ہے، لائن لین کی پابندی سے حادثات میں نمایاں کمی واقع ہو رہی ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ٹریفک ایجوکیشن یونٹ شہریوں کو لائن لین اور گرین لین کی افادیت کے حوالے سے بریف کرے، شہری محفوظ سفر اور اپنی منزل پر باآسانی پہنچنے کے لیے لائن لین کی پابندی کریں۔

بقیہ بقیہ جات 42

میں نصب کیا گیا تھا اور وہ اسرائیل کے لیے خطرہ ہو سکتا تھا اس لیے انہیں روک دیا گیا۔ بیان میں اس جگہ کی نشاندہی خان النابہ کے علاقے سے کی گئی ہے۔ جنوبی شام پر اپنے اس حملے کے تناظر میں اسرائیلی فوج کے بیان میں کہا گیا کہ اسرائیلی فوج کسی کو بھی اسرائیل کے لیے خطرہ بننے کی اجازت نہیں دے گی۔

بقیہ بقیہ جات 43

ایمان افروز معرکہ بدر کی یاد آج صدیوں بعد بھی مسلمانوں کے ایمان کو تازہ کر دیتی ہے عظیم غزوہ کے ذریعے حق وباطل، کفر وشرک کے درمیان امتیاز واضح ہوا، غزوہ بدر امت مسلمہ کی زبوں حالی کے خاتمہ کیلئے مشعل راہ ہے۔ فضائے بدر پیدا کئے بغیر امت مسلمہ وقار حاصل نہیں کر سکتی۔ اسلامی تاریخ خودکش بمباروں سے نہیں فداکاروں اور وفاشعاروں سے منور ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

فیصد اضافہ ہوا، جس میں 181 صحافیوں کے حقوق پامال کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق 131 صحافیوں کو دھمکیاں دی گئیں۔ 50 صحافیوں کو گرفتار کیا گیا، جن میں سے 10 اب بھی جیل میں ہیں، جبکہ 4 کو 2 سے 3 سال قید کی سزا دی گئی ہے۔ 22 سے زائد میڈیا اداروں کو بند یا معطل کر دیا گیا ہے۔ 2023 میں بھی 139 خلاف ورزیوں کے واقعات رپورٹ ہوئے تھے، جن میں 80 دھمکیاں اور 59 گرفتاریاں شامل تھیں۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل نے طالبان سے آزادی اظہار اور صحافیوں پر جبر کے خاتمے کا مطالبہ کیا ہے، مگر افغان میڈیا مسلسل دباؤ میں ہے۔ صحافیوں پر حملے، دفاتر پر چھاپے اور سنسرشپ کی سختیاں افغان صحافت کے لیے ایک سیاہ باب بن چکی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 45

پیٹ سے 30 عدد ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد کر لیے گئے۔ اسلام آباد ایکسپریس وے کے قریب ملزم کے قبضے سے 3.6 کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ بلوچستان میں ماشکیل بارڈر کے قریب اسمگلنگ کے لیے چھپائی گئی 840 کلوگرام افیون اور 150 کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ چمن کے علاقے میں چھپائی گئی 84 کلو گرام ہیروئن برآمد کر لی گئی۔ کراچی کے علاقے مچھر کالونی میں ملزم سے 60.3 کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

میں رزمک سب ڈویژن میں صبح 6 سے شام 6 بجے تک کرفیو نافذ رہے گا، شنڈوری توازنگل سے میلوگئی ٹیل پر کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق تحصیل ڈوسلی میں گڑدائی اور خارسین تک بھی کرفیو کی وجہ سے سڑک بند ہے۔

بقیہ بقیہ جات 47

نے فلسطین کے حق میں آواز اٹھانے والے محمود خلیل کو رہا کرنے اور بے دخلی روکنے کا بھی مطالبہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 48

ہے، کلاس رومز میں موبائل کا استعمال تعلیمی ماحول خراب کر رہا ہے، بتایا گیا ہے کہ محکمہ ہائر ایجوکیشن کو مختلف کالجز کے اساتذہ، طلبا وطالبات کے کالجز کے اوقات کار کے دوران فون کے زیادہ استعمال کی شکایات موصول ہوئیں تھیں جس کے بعد یہ اقدام اٹھایا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق پابندی نہ کرنے والے کالجز کیخلاف کارروائی بھی کی جائیگی، اس پابندی کے اقدام کا مقصد طلبا کی فلاح و بہبود اور نظم وضبط کو بہتر بنانا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

کی حاضری اور کلاس رومز کی صفائی چیک کی، سکولز میں تعلیمی سرگرمیوں، انتظامی امور اور سکول بلڈنگ کی خوبصورتی کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا، اسلام نگر سکول میں عمارت کا معائنہ کیا، کلاس رومز کی تزئین وآرائش کا جائزہ لیا ڈی ای او نے سربراہان ادارہ جات کو نئی داخلہ مہم کو تیز کرنے اور سکول میں داخلہ نہ لینے والے بچوں کو سکول کونسل کے تعاون سے سکول میں داخل کرنے، سکول میں صفائی اور خوبصورتی کے عمل کو مزید بہتر بنانے، دیواروں پر نئے فلیکس لگوانے اور سکول کی خوبصورتی کے لئے خصوصی اقدامات کرنے کی ہدائت کی۔

بقیہ بقیہ جات 50

قبل مالی سال 24-2023 میں بھی پارکوں کی فیس میں 20 فیصد اضافہ کیا گیا تھا جبکہ اب مالی سال 25-2024 کے لئے مزید 10 فیصد اضافہ کیا گیا۔ محفل میلاد، نعت خوانی اور چہلم جیسی تقریبات جو پہلے پارکوں میں بغیر کسی فیس کے منعقد کی جا سکتی تھیں اب ان پر بھی کل فیس کا 50 فیصد وصول کیا جائے گا۔ پی ایچ اے نے شہر کے پارکوں کی ذمہ داری کارپوریٹ سیکٹر کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں پی ایچ اے حکام کی تجاویز منظور کر لی گئی ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے پی ایچ اے کے تحت پارکوں کی مینجمنٹ اور مینٹی ننس کے لیے نئی پالیسی کے نفاذ کی منظوری دی۔ نئی پالیسی کے تحت پارکوں کی دیکھ بھال کا کام کسی کارپوریٹ گروپ یا کاروباری کمپنی برانڈ کی ذمہ داری ہوگی۔ یاد رہے کہ اس طریقہ کار سے پی ایچ اے ایک پارک کو کم سے کم دس سال کے لیے ایگریمنٹ کے ذریعے کارپوریٹ گروپ یا کمپنی کے سپرد کر سکے گا۔

بقیہ بقیہ جات 51

عا پر حالیہ اسرائیلی فضائی حملوں کی سخت الفاظ میں مذمت کی، جس کے نتیجے میں ایک سرکاری اعداد وشمار کے مطابق تین افراد ہلاک ہوئے۔ وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ یہ جارحانہ اقدام اسرائیل کی جانب سے شامی عوام اور ملک میں استحکام کے خلاف چلائی جانے والی مہم کا حصہ ہے۔ اس نے اس بات پر زور دیا کہ شام پر اسرائیل کے مسلسل حملے نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہیں بلکہ علاقائی اور بین الاقوامی سلامتی کے لیے بھی براہ راست خطرہ ہیں۔ دمشق حکومت کا کہنا تھا کہ یہ جان بوجھ کر کیے گئے حملے بلا جواز ہیں۔ اسرائیل کی جانب سے بین الاقوامی قوانین اور اصولوں کی مکمل بے توقیری کو ظاہر کرتے ہیں، جن کا اب کوئی اعتبار نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

کے والد احسان الحق کی تحریری درخواست پر نامزد ملزم پیاز فروش کیخلاف مقدمہ درج کر لیا تاحال پولیس ملزم کو گرفتار نہ کر سکی۔

بقیہ بقیہ جات 53

کے مطابق ان حوثی میزائلوں کا ہدف ناکام بنانے کے لیے صحرائے نقیف اور بیر شیبا میں سائرن بجا دیے گئے۔ فوج کی طرف سے جاری کیے گئے ایک بیان میں کہا گیا کہ یمن کی جانب سے آنے والے اس میزائل حملے کو اسرائیلی ایئر فورس نے اسرائیلی حدود میں پہنچنے سے پہلے ہی ناکام بنا دیا۔ بتایا گیا ہے کہ 19 جنوری کے بعد اسرائیل پر حوثیوں کی طرف سے یہ پہلا میزائل حملہ تھا جو کل جنگ بندی معاہدہ توڑنے کے بعد شروع کی گئی اسرائیلی جنگ کے ردعمل میں سامنے آیا ہے۔ حوثی ایرانی حمایت یافتہ یمنی گروہ ہے۔ جو غزہ کے فلسطینیوں کی حمایت کے لیے پہلے بھی اسرائیل اور اس کے اتحادیوں کو نشانہ بناتا رہا ہے۔ اس کے اہداف بحیرہ احمر، باب المندب اور خلیج عدن کی طرف رہے ہیں۔ تاہم پچھلے سال اس نے اپنے میزائلوں کا رخ اسرائیل کے اندر تک کر لیا تھا۔ حوثیوں کا موقف رہا ہے کہ وہ فلسطینی عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے اسرائیل اور اس کے اتحادیوں کو نشانہ بناتے ہیں اور جب جنگ بندی ہوگی تو وہ ایسا کرنا چھوڑ دیں گے تاہم اسرائیل نے اب جنگ بندی معاہدہ توڑ کر حملے شروع کیے ہیں تو حوثیوں نے بھی دوبارہ میزائل حملوں سے جواب دینا شروع کر دیا ہے۔ حوثی سپریم سیاسی کونسل نے اپنے ایک بیان میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صیہونی دشمن کے غزہ پر دوبارہ حملے سوائے جارحیت کے کچھ نہیں ہے اور ہم فلسطینی عوام کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے۔ ہماری فلسطینیوں کے لیے حمایت جاری رہے گی۔

بقیہ بقیہ جات 54

تجاوز کر گئی۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ یہ قتل عام اسرائیل کی جانب سے عالمی برادری کی طرف سے جنگ بندی کے قیام اور امن کے حصول کے لیے کی جانے والی تمام کوششوں کو کمزور کرنے میں ناکامی کو ظاہر کرتا ہے جس سے خطے میں سلامتی اور استحکام حاصل ہوگا۔ ابو ردینہ نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ اسرائیل کو غزہ کی پٹی اور مغربی کنارے بشمول یروشلم میں ہر جگہ فلسطینی عوام کے خلاف اپنے حملے روکنے کے لیے مجبور کرے۔

بقیہ بقیہ جات 55

مالیت کے 8 تولہ طلائی زیورات لوٹ کئے محروم کر دیا گیا جس کا تھانہ فیکٹری ایریا پولیس مقدمہ درج کر کے مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

مدد کر رہے ہیں۔ محقق حسن المصطفیٰ نے خبردار کیا کہ کچھ لوگ ان آن لائن مہمات کا شکار ہو سکتے ہیں۔ خاص طور پر چونکہ وہ جھوٹ پھیلانے اور ایسے مواد تیار کرنے میں تیزی سے پیشہ ور ہو گئے ہیں جو کہ حقائق کی طرح دکھائی دیتے ہیں۔ المصطفیٰ نے نشاندہی کی کہ میڈیا کی غلط معلومات اب بے ترتیب نہیں ہیں بلکہ معاشرے کے مخصوص طبقات کو نشانہ بنانے والے ڈیٹا اور تجزیہ پر انحصار کرتے ہیں۔ اس کا حل میڈیا کی آگاہی اور ڈیجیٹل تعلیم کو فروغ دینے میں مضمر ہے، جس سے لوگوں کو صحیح اور غلط معلومات کے درمیان فرق کرنا ممکن ہو گا۔ ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ ان مہمات کا مقابلہ کرنے کے لیے میڈیا کی آگاہی کو بڑھانے اور حقائق کی جانچ پڑتال کے کلچر کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

دی کہ ای مزدور کارڈ کے اجرا کو جلد از جلد یقینی بنایا جائے تاکہ مزدور طبقہ اس کے فوائد سے مستفید ہو سکے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ محکمہ محنت میں ڈیجیٹائزیشن کا عمل تیزی سے جاری ہے اور نظام میں بہتری اور شفافیت لانے کے لیے یہ اقدام ناگزیر ہے، ڈیجیٹائزیشن سے محکمہ محنت میں شفافیت آئے گی۔

بقیہ بقیہ جات 58

کو اڈیالہ جیل منتقل کر دیا ہے۔ پولیس کے مطابق آزادی اظہار رائے کی آڑ میں قانون شکنی اور منفی پراپیگنڈے کی اجازت نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 59

گرام چرس برآمد ہوئے، مچھر کالونی کراچی میں ملزم سے 60.3 کلوگرام چرس برآمد کی گئی، بلوچستان میں چمن کے علاقے میں چھپائی گئی 84 کلوگرام ہیروئن برآمد کر لی گئی۔ اسلام آباد ایکسپریس وے کے قریب ملزم کے قبضے سے 3.6 کلوگرام چرس برآمد کر لی گئی ۔گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 60

موسم کے باعث گرمی کی شدت میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے۔ لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 18 اور زیادہ سے زیادہ 30 سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ پنجاب کے مختلف شہروں میں بھی گرمی کی شدت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ آئندہ چند روز میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

سب سے بڑا سبب بھارت کی جانب سے آبی جارحیت ہے بھارت نے پاکستان کا پانی روک کر متعدد ڈیمز تعمیر کر لیے ہیں جس کی وجہ سے پاکستان کے بڑے دریا خشک ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے پینے کے پانی اور کاشتکاری کیلئے پانی نایاب چیز بن چکا ہے ان حالات میں پانی کے ذخائر کی حفاظت اور ان کا جائز استعمال ہر ملک کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

عید الفطر منانے کی تاریخ کا اعلان کیا جائے گا۔ رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی اجلاس 28 فروری کو پشاور میں ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 63

گے۔ وائٹ ہاؤس کی پریس سکریٹری کیرولین لیویٹ نے کہا کہ تل ابیب نے غزہ پر اپنے فضائی حملوں کے حوالے سے ٹرمپ انتظامیہ سے مشاورت کی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حماس، حوثی، ایران، اور کوئی بھی قوت جو اسرائیل اور امریکہ کو دہشت زدہ کرنا چاہتی ہے، اسے بھاری قیمت چکانا پڑے گی

بقیہ بقیہ جات 64

کے مسائل حل کیے جا سکیں۔ ملک میں مہنگی بجلی کے مسئلے پر بات کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ سستی بجلی کے لیے قوم عید کے بعد ایک بڑی تحریک کے لیے تیار رہے۔ ان کا کہنا تھا کہ احتجاج ہی حکومت کو آئی ایم ایف کی غلامی سے نجات دلا سکتا ہے۔ اسرائیلی جارحیت پر تبصرہ کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ فلسطینیوں کے قتل عام کا سلسلہ امت مسلمہ کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے اور مسلم دنیا کو اس کے خلاف سخت موقف اختیار کرنا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 65

شواہد جمع کر کے لاش کو اسپتال منتقل کیا۔ پولیس نے علاقے کی ناکا بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 66

فروشوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 13 مقدمہ کا اندراج کر کے 13 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے 3 کلو 750 گرام چرس، 2198 گرام ہیروئن اور 480 لیٹر شراب برآمد کی گئی۔ پولیس ناجائز اسلحہ کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 10 مقدمات کا اندراج کر کے 10 ملزمان کو گرفتار کیا، ملزمان کے قبضہ 10 عدد پسٹل 30 بور ومتعدد گولیاں برآمد کی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 67

نبی ہیں اور نبوت ان پر ختم ہوئی ہے، غیر قانونی مواد اپ لوڈ کرنے والے غیر قانونی لنکس کو بلاک کرنے کیلئے پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن اتھارٹی کے شکایات کے لنک پر رپورٹ کریں۔

بقیہ بقیہ جات 68

الدین نے اپنی 40 سالہ سیکرٹری سے دوسری شادی کی، والد کی شادی میں تمام بچوں نے پرجوش انداز میں شرکت کی اور ڈھول کی تھاپ پر خوب بھنگڑے بھی ڈالے

بقیہ بقیہ جات 69

ملک وقوم کی خوشحالی اور ترقی کے لئے خصوصی دعا مانگی۔

بقیہ بقیہ جات 70

نے کہا کہ ٹریفک پولیس کے اہلکار روزانہ شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لئے موجود رہتے ہیں جس کی وجہ سے وہ مختلف خطرات کا سامنا کرتے ہیں۔ حادثات میں درجنوں اموات اور سینکڑوں ٹریفک پولیس اہلکار مستقل طور پر معذور ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عدالت کی جانب سے بھی ٹریفک پولیس کو اضافی الاؤنس کی فراہمی کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 71

بانڈز کے قواعد جاری کر دیئے جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ نئے قوانین کے مطابق بانڈز میں سرمایہ کاری کی کوئی زیادہ سے زیادہ حد نہیں ہوگی، انعامی رقم ٹیکس سے مشروط ہوگی لیکن اسے زکوۃ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے گا، اس پیپر لیس سرمایہ کاری نقطہ نظر سے پرنٹنگ اور لاجسٹک اخراجات میں کمی کی توقع ہے۔ ڈیجیٹل بانڈز خریدار کے نام پر رجسٹرڈ ہوں گے لہٰذا دھوکہ دہی کا خطرہ کم سے کم ہوگا۔ مزید برآں، انعامات کی خرید، فروخت اور واپسی کے عمل کو زیادہ موثر بنانے کے لئے ہموار کیا جائے گا۔ انعامی رقم براہ راست سرمایہ کار کے منسلک اکاؤنٹ میں جمع کی جائے گی

بعدالت جناب مہر احسن شہزاد ہرل
صاحب تحصیلدار/ریونیو آفیسر حلقہ
تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع دیووال متوفی مصری خان ولد گل محمد ذات گوندل سکنہ دیووال وارثان والدین پہلے فوت شدہ

زندہ فاطمہ بی بی بیوہ، منیب احمد، حسیب احمد، ولید احمد پسران اقصیٰ، عنیزہ دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط ومہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس بلانے والے بتائیں نواز شریف کیوں نہیں آئے؟ بیرسٹر سیف

مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی میں مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف کی غیر موجودگی پر سوالات اٹھادیئے

حکومت نے پی ٹی آئی لیڈرز کو جیل میں قید کر کے حکومت نے قومی اتفاق رائے کو خود ناکام بنایا: مشیر اطلاعات کے پی کے

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی میں مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف کی غیر موجودگی پر سوالات اٹھادیے۔ بیرسٹر محمد علی سیف نے ایک بیان مین کہا قومی سلامتی پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس بلانے والے بتائیں نواز شریف کیوں نہیں آئے؟ کیا نواز شریف کی اجلاس میں غیر موجودگی دہشت گردوں کی حمایت ہے؟ مشیر اطلاعات کے پی حکومت کا کہنا تھا پی ٹی آئی دہشت گردی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

کراچی: پی پی سندھ کے صدر نثار احمد کھوڑو پاکستان انڈیپنڈنٹ لیونگ سنٹر کے افتتاح کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

شیر خدا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یوم شہادت 21 رمضان المبارک کو منایا جائیگا

ملکوآنہ (این این آئی) شیر خدا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یوم شہادت 21 رمضان المبارک بروز ہفتہ مذہبی عقیدت و احترام کیساتھ منایا جائیگا فیصل آباد سمیت ملک بھر میں مجالس اور ماتمی جلوس نکالے جائینگے۔ انتظامیہ کی طرف سے پولیس کو جلوس اور مجالس والے مقامات پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کرنے کی ہدایت جاری کردی گئی ہے تاکہ شرکاء کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے۔ 21 رمضان المبارک حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یوم شہادت ہے اور اس روز ماتمی جلوسوں کے علاوہ خصوصی مجالس کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

صحافیوں کیلئے بری خبر، دنیا کا پہلا اے آئی اخبار شائع

روم (این این آئی) اطالوی اخبار نے دنیا کا پہلا مکمل طور پر مصنوعی ذہانت AI سے تیار کردہ ایڈیشن شائع کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک اطالوی اخبار نے دعوی کیا کہ اس نے دنیا کا پہلا ایسا اخبار شائع کیا ہے جو مکمل طور پر مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعے تیار کیا گیا ہے۔ یہ تجربہ معروف قدامت پسند لبرل روزنامے ایل فوگلیو کی جانب سے کیا گیا، جس کا مقصد یہ ظاہر کرنا ہے کہ اے آئی ٹیکنالوجی کس طرح ہماری زندگیوں اور کام کرنے کے انداز پر اثر ڈال رہی ہے۔ اخبار کے مدیر کلاڈیو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

کے پی عوام فتنہ الخوارج کیخلاف متحد، سیکورٹی اہلکار کے اغوا کی کوشش ناکام

چھٹی پر آئے سیکیورٹی اہلکار کے گھر کا محاصرہ کرنے والے مسلح افراد کے خلاف مقامی افراد متحد ہوگئے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے عوام فتنہ الخوارج کیخلاف کھڑے ہوگئے۔ سیکورٹی اہلکار کے اغوا کی کوشش ناکام بنادی۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ضلع خیبر کی وادی تیراہ میں چھٹی پر آئے سیکوریٹی اہلکار کے گھر کا محاصرہ کرنے والے مسلح افراد کے خلاف مقامی افراد متحد ہوگئے۔ مقامی افراد نے فتنہ الخوارج کے ہاتھوں سیکورٹی اہلکار کو اغوا کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ سیکورٹی ذرائع کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

پنجاب حکومت نے فرانزک سائنس ایجنسی کو براہ راست سیاسی کنٹرول میں دیدیا

پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی (پی ایف ایس اے) کو تحلیل کر دیا گیا' نئی باڈی بنادی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے قانون میں تبدیلی کر کے فرانزک سائنس ایجنسی کو براہ راست سیاسی کنٹرول میں دے دیا۔ گزشتہ ہفتے پنجاب حکومت نے ایک متنازعہ قانون منظور کیا جس کے تحت پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی (پی ایف ایس اے) کو تحلیل کر دیا گیا اور ایک نئی باڈی قائم کی گئی جو براہ راست وزیر اعلی کے زیر نگرانی ہوگی اور اس میں بنیادی طور پر بیوروکریٹس کی تعیناتی کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

اسرائیلی فوج کا جنوبی شام پر حملہ، شامی توپ خانے کو نشانہ بنایا، اسرائیلی فوج

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس نے جنوبی شام کے نزدیک بمباری کر کے دوشامی توپوں کو نشانہ بنایا ہے جو مبینہ طور پر اسرائیل کے لیے خطرناک ہو سکتے تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی حملے کا یہ واقعہ 1974 سے قائم کردہ جنگ بندی لائن کے ساتھ پیش آیا، اسرائیل کی فوج نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ کچھ ہی دیر پہلے دوتوپوں کو جنوبی شام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

لائن لین کی خلاف ورزی پر 29 ہزار سے زائد شہریوں کو جرمانے

لائن لین کے چالان منظم ٹریفک کے حصول کے لیے کیے جا رہے ہیں' ایڈیشنل آئی جی ٹریفک

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے لائن لین پر پابندی کے سخت احکامات جاری کر دیئے۔ ترجمان کے مطابق لاہور سمیت صوبہ بھر میں لائن لین کی پابندی نہ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں۔ گزشتہ دو ہفتوں میں لائن لین کی خلاف ورزی پر 45 ہزار سے زائد شہریوں کے چالان کیے گئے۔ لاہور ٹریفک پولیس نے لائن لین کی خلاف ورزی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

نواب شاہ: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حسان ظفر 23 مارچ قرارداد پاکستان منانے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غزہ میں اسرائیلی حملوں کے خلاف نیویارک کے ٹائمز اسکوائر پر احتجاج

غزہ میں اسرائیل کے وحشیانہ حملوں کے خلاف نیو یارک کے ٹائمز اسکوائر پر مظاہرین نے اپنا احتجاج ریکارڈ کروایا

نیویارک کے ٹائمز اسکوائر پر لوگوں کی بڑی تعداد جمع ہوئی، مظاہرین کا محمود خلیل کو رہا کرنے اور بے دخلی روکنے کا بھی مطالبہ

نیویارک (این این آئی) غزہ میں اسرائیل کے وحشیانہ حملوں کے خلاف نیو یارک کے ٹائمز اسکوائر پر مظاہرین نے اپنا احتجاج ریکارڈ کروایا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق نیو یارک کے ٹائمز اسکوائر پر لوگوں کی بڑی تعداد جمع ہوئی جنہوں نے اسرائیل کی جانب سے معصوم فلسطینیوں پر ہونے والے حملوں کے خلاف ایک بار پھر اپنی آواز بلند کی۔ مظاہرین نے احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ غزہ پر فوری حملے روکے جائیں جب کہ مظاہرین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

سرگودھا شہر میں نوسر باز ڈاکوؤں نے صراف سے 25 لاکھ کے طلائی زیورات لوٹ لئے

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر میں نوسر باز ڈاکوؤں نے صراف سے 25 لاکھ کے طلائی زیورات لوٹ لئے اور فرار ہوگئے جس پر پولیس مقدمہ درج کر کے مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق فیصل آباد سے سرگودھا آنے والے صراف سے 47 اڈا سے شہر آتے ہوئے ٹرسٹ پلازہ کے قریب نوسر باز ڈاکوں نے 25 لاکھ سے زائد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

ڈیرہ غازی خان: اسسٹنٹ کمشنر صدر تیمور عثمان رمضان سہولت بازار کا معائنہ کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
23 MARCH
PAKISTAN DAY
یوم پاکستان

یوم جمہوریہ پاکستان 23 مارچ کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ ''قوت'' خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 21 مارچ 2025 تک ادارہ ہذا کو میل کردیں تاکہ اچھی کوریج دی جاسکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان

Dailyquwat786@gmail.com

PH:0302-1228000 / 0322-4181870

قومی سلامتی اجلاس کے فیصلوں پر عمل ہوتا نظر آنا چاہیئے' جے یو آئی

ملک میں آئے روز جید علماء کرام کا قتل عام وفاقی وصوبائی حکمرانوں کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الوودو شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ قومی سلامتی اجلاس کے فیصلوں پر عمل ہوتا نظر آنا چاہیے، نااہل حکومت عوام کی جان و مال کے تحفظ میں ناکام ہوچکی ہے اسے فوری مستعفی ہوجانا چاہیے، ملک میں آئے روز جید علماء کرام کا قتل عام وفاقی وصوبائی حکمرانوں کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمعیت علمائے اسلام (ف) نے ہمیشہ وطن عزیز کے دفاع اور سلامتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

خیبر پختونخوا گندم اسکینڈل: محکمہ خوراک کے دو افسران کی ضمانت مسترد

سرکاری گودام سے گندم چوری کر کے قومی خزانے کو 19 کروڑ روپے کا نقصان پہنچایا، پراسیکیوشن

پشاور کابل (این این آئی) اینٹی کرپشن عدالت نے گندم اسکینڈل میں ملوث محکمہ خوراک کے دو افسران کی ضمانت مسترد کرتے ہوئے جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسپیشل جج اینٹی کرپشن عدالت میں محکمہ خوراک کے افسران عاطف خان اور جنید باچا کی ضمانت درخواست پر سماعت ہوئی، جہاں عدالت نے دونوں افسران کی درخواست مسترد کردی۔ پراسیکیوشن کے مطابق ملزمان اضاخیل کے سرکاری گودام میں تعینات تھے اور دیگر ملزمان کے ساتھ ملی بھگت کر کے گودام سے 30 ہزار سے زائد گندم کی بوریاں غائب کیں، جس سے قومی خزانے کو 19 کروڑ روپے کا نقصان پہنچا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

لاہور: طالبہ جی سی یو میں فلسطین کی تاریخ کے حوالے سے منعقدہ تصویری نمائش دیکھ رہی ہے

امت مسلمہ کے عروج کیلئے غزوہ بدر مشعل راہ ہے' صاحبزادہ نعمان شاکر

مسلمان یاد رکھیں کشمیر اور فلسطین قراردادوں سے آزاد نہیں ہوگا آزادی کا معیار غزوہ بدر ہے' سلیم قادری

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے رہنما اور مذہبی سکالر صاحبزادہ نعمان شاکر، پاکستان سنی تحریک ضلع لاہور کے جوائنٹ سیکرٹری محمد سلیم قادری نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ امت مسلمہ کے عروج کیلئے غزوہ بدر مشعل راہ ہے، غزوہ بدر کے مجاہدین نے ثابت کیا کہ فتح کیلئے وسائل کی بجائے جذبہ ایمانی سب سے بڑی قوت ہے، مسلمان یاد رکھیں کشمیر اور فلسطین قراردادوں سے آزاد نہیں ہوگا آزادی کا معیار غزوہ بدر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امت کی عزت وقار اور سربلندی جہاد میں ہے مظلوم مسلمان جب جہادی میدانوں کے شہسوار بننے کا ارادہ کرلیں تو پھر وقت کے فرعون کی طاقت کے بت پاش پاش ہو جاتے ہیں جہاد کی برکت سے امت نے دنیا پر حکمرانی کی حق و باطل کے درمیان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

طالبان کے زیر اقتدار صحافیوں پر سختیاں، سنسر شپ اور گرفتاریاں بڑھ گئیں

2024 میں میڈیا کے خلاف خلاف ورزیوں میں 24 فیصد اضافہ ہوا' افغانستان جرنلسٹس سینٹر

کابل (این این آئی) افغانستان میں طالبان کے اقتدار سنبھالنے کے بعد صحافیوں اور میڈیا اداروں پر پابندیاں مزید سخت ہو گئی ہیں۔ صحافیوں کو سخت سنسر شپ، دھمکیوں اور گرفتاریوں کا سامنا ہے، جس کے باعث آزادی صحافت شدید خطرے میں پڑ گئی ہے۔ افغانستان جرنلسٹس سینٹر (اے ایف جے سی) کی تازہ رپورٹ کے مطابق 2024 میں میڈیا کے خلاف خلاف ورزیوں میں 24 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

جدہ جانے والے مسافر کے پیٹ سے 30 ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد

مختلف کارروائیوں میں 37 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کی گئیں، اے این ایف

لاہور (این این آئی) لاہور سے جدہ جانے والے مسافر کے پیٹ سے 30 ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد کر لیے گئے۔ اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے مطابق ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کارروائیوں میں 37 کروڑ سے زائد مالیت کی 1138.11 کلوگرام منشیات برآمد کرلی اور 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ لاہور انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر جدہ جانے والے مسافر کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

جنوبی وزیرستان' صبح 6 بجے سے شام 6 بجے تک 3 اہم شاہراہوں پر کرفیو نافذ

کرفیو کے سبب عزیز آباد چوک سے جنڈولہ، لدھا سے مکین تک بھی سڑک کرفیو کے سبب بندرہے گی

جنوبی وزیرستان (این این آئی) جنوبی وزیرستان میں صبح 6 بجے سے شام 6 بجے تک 3 اہم شاہراہوں پر کرفیو نافذ کردیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق کرفیو کے سبب عزیز آباد چوک سے جنڈولہ تک سڑک بند رہے گی، لدھا سے مکین تک بھی سڑک کرفیو کے سبب بند رہے گی۔ بی بی راغزئی سے جنڈولہ تک بھی کرفیو نافذ رہے گا جس کی وجہ سے سڑک بند ہے۔ دوسری جانب شمالی وزیرستان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

کالجز میں موبائل فون کے استعمال پر پابندی عائد کر دی گئی

تمام کالجز کو عملدرآمد کروانے کا حکم دیدیا گیا، عملدرآمد نہ ہوا تو کارروائی کی جائے گی، محکمہ ہائیر ایجوکیشن

ننکانہ صاحب (این این آئی) حکومت پنجاب کی طرف سے صوبہ بھر کے کالجز میں اساتذہ، طلبا و طالبات کیلئے موبائل فون کے استعمال پر پابندی عائد کر دی گئی، اس ضمن میں محکمہ ہائیر ایجوکیشن پنجاب نے کالجز کو مراسلہ ارسال کردیا، جس میں تمام کالجز کو اس پر عملدرآمد کروانے کا حکم دیدیا، پابندی پر عملدرآمد نہ ہوا تو کارروائی کی جائے گی، اساتذہ کا موبائل استعمال کرنا کلاس روم کا ماحول خراب کر رہا ہے، طلبا کلاس رومز میں سوشل میڈیا ایپس کا استعمال کرتے ہیں، مراسلے میں مزید کہا گیا ہے کہ اساتذہ، طلبا و طالبات کی جانب سے موبائل کا استعمال پڑھائی سے توجہ ہٹانے، تعلیمی بدعنوانی کا باعث بنتا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

پی ایچ اے نے پارکوں میں تقریبات کیلئے بکنگ فیس میں اضافہ کردیا

پارکوں کی فنکشن فیس اضافے کے بعد 8 ہزار 700 سے 12 ہزار تک کردی گئی

پہلی مرتبہ نعتیہ محافل اور دینی پروگرامز کے لیے بکنگ فیس متعارف کرادی گئی: ذرائع

لاہور (این این آئی) پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی نے شہر کے پارکوں میں تقریبات کیلئے بکنگ فیس میں اضافہ کردیا۔ فنکشن فیس میں اضافہ سے قبل پارکوں کی فنکشن فیس 5 ہزار روپے یومیہ سے 7 ہزار روپے یومیہ تھی، اب فنکشن فیس میں اضافے کے بعد یہ فیس 8 ہزار 700 روپے یومیہ سے 12 ہزار روپے یومیہ تک کردی گئی ہے۔ نئی پالیسی اور دینی پروگرامز کے تحت پی ایچ اے نے پہلی مرتبہ نعتیہ محافل اور دینی پروگرامز کے لیے بکنگ فیس متعارف کرائی ہے جس کے مطابق فیس کا 50 فیصد ادا کرنا ہوگا۔ پی ایچ اے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 25 ویں اجلاس میں اس اضافے کی منظوری دی گئی۔ اس سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

لاہور: رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں روزہ دار روزہ افطار کر رہے ہیں

سائبر قوتیں اب خلیجی ریاستوں کو نشانہ بنا رہی ہیں، ماہرین

ڈیجیٹل حملے زیادہ پیشہ ور ہو چکے، لیکن انہیں بڑھتی ہوئی عوامی بیداری کا بھی سامنا ہے، گفتگو

دبئی (این این آئی) کچھ مشتبہ اکاؤنٹس خلیجی ریاستوں کے شہریوں پر اختلاف اور افواہیں پھیلا کر متاثر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یہ افواہیں خلیجی معاشروں میں انارکی پھیلانے کے لیے جاری آن لائن مہم کا حصہ ہیں جو خلیجی اتحاد کو نشانہ بنا رہی ہیں۔ یہ بات میڈیا اور سکیورٹی ماہرین کی جانب سے عرب ٹی وی سے گفتگو کے دوران کہی گئیں۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ یہ ڈیجیٹل حملے زیادہ پیشہ ور ہو چکے ہیں، لیکن انہیں بڑھتی ہوئی عوامی بیداری کا بھی سامنا ہے جو ان کے اثرات کو محدود کرنے میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

محکمہ محنت خیبر پختونخوا کا انقلابی اقدام، ای مزدور کارڈ متعارف کرنے کا فیصلہ

محکمہ محنت میں ڈیجیٹائزیشن کا عمل تیزی سے جاری ہے، وزیر محنت فضل شکور

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے مزدوروں کی سہولت اور حقوق کے تحفظ کے لیے بڑا قدم اٹھاتے ہوئے ای مزدور کارڈ متعارف کرانے کا فیصلہ کرلیا۔ اس حوالے سے صوبائی وزیر برائے محنت فضل شکور خان کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری لیبر، وائس کمشنر ای ایس ایس آئی سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صوبائی وزیر کو ای مزدور کارڈ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ اس کارڈ میں مزدوروں کی انٹری آف سروس، شفٹنگ سمیت دیگر تمام اہم معلومات دستیاب ہوں گی۔ فضل شکور خان نے متعلقہ حکام کو ہدایت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

لاہور: سیکرٹری معدنیات پرویز اقبال ''پلانٹ فار پاکستان'' شجرکاری مہم کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اے این ایف کی کارروائیاں، 5 کارروائیوں میں 37 کروڑ سے زائد مالیت کی 1138.11 کلو منشیات برآمد

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس کا ملک کے تعلیمی اداروں اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 5 کارروائیوں میں 3 ملزمان گرفتار کر کے 37 کروڑ سے زائد مالیت کی 1138.11 کلوگرام منشیات برآمد کرلی گئی۔ لاہور انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر جدہ جانے والے مسافر کے پیٹ سے 30 عدد ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد کیے گئے۔ ماشخیل بارڈر بلوچستان کے قریب اسمگلنگ کے لئے چھپائی گئی 840 کلو گرام افیون اور 150 کلو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں پانی کی اہمیت کا عالمی دن 22 مارچ کو منایا جائے گا

ملکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پانی کی اہمیت کا عالمی دن 22 مارچ کو منایا جائے گا اس موقع کی مناسبت سے سیمینارز اور پروگرام ترتیب دیے جائیں گے اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں آبی ماہرین پانی کی قلت اور اس سے پیدا شدہ صورتحال پر لیکچر دیں گے۔ پانی عصر حاضر کا ایک اہم ترین مسئلہ بن چکا ہے پاکستان اور بھارت کے درمیان پائی جانے والی کشیدگی کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

شوال کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 30 مارچ کو طلب

لاہور (این این آئی) شوال کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی اور زونل کمیٹیوں کے اجلاس 30 مارچ کو طلب کرلئے گئے ہیں۔ مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس وزارت مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی میں منعقد ہوگا جہاں شوال کا چاند دیکھنے کے ساتھ ساتھ ملک بھر سے شہادتیں وصول کی جائیں گی۔ اجلاس میں مذہبی سکالرز، ماہرین موسمیات اور دیگر شرکت کریں گے، چاند نظر آنے یا نہ آنے کی صورت میں پاکستان میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج، ملزم اڈیالہ جیل منتقل

اداروں کے خلاف بے بنیاد معلومات سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنے پر مقدمہ درج کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں پیکا ایکٹ کے تحت تھانہ وارث خان میں مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق اداروں کے خلاف بے بنیاد معلومات سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنے پر مقدمہ درج کیا گیا اور غیر مناسب پوسٹ کرنے پر ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ پولیس نے گرفتار ملزم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

لاہور سمیت پنجاب بھر میں خشک موسم کا سلسلہ جاری

خشک موسم کے باعث گرمی میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے، محکمہ موسمیات

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں خشک موسم کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پنجاب کے مختلف اضلاع میں بادلوں اور سورج کے درمیان آنکھ مچولی کا سلسلہ جاری رہے گا۔ لاہور میں موسم ابر آلود رہے گا تاہم بارش کا امکان نہیں ہے۔ خشک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

لاہور: الحمراء میں رمضان المبارک کی مناسبت سے فنکار صوفیانہ کلام پیش کر رہے ہیں

حماس نے قیدیوں کی رہائی سے انکار کر کے جنگ کا انتخاب کیا، امریکہ

اسرائیل نے غزہ پر اپنے فضائی حملوں کے حوالے سے ٹرمپ انتظامیہ سے مشاورت کی ہے، برائن ہیوز

واشنگٹن (این این آئی) اسرائیل کی جانب سے غزہ کی پٹی میں دوبارہ فوجی آپریشن شروع کرنے کے بعد وائٹ ہاؤس نے حماس کو قیدیوں کی رہائی سے انکار پر جنگ کی طرف جانے کا الزام عاید کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی قومی سلامتی کونسل کے ترجمان برائن ہیوز نے ایک بیان میں کہا کہ حماس جنگ بندی میں توسیع کے لیے یرغمالیوں کو رہا کرسکتی تھی لیکن اس نے جنگ بندی کی تجویز مسترد کر کے جنگ کا انتخاب کیا ہے۔ وائٹ ہاؤس کی پریس سکریٹری کیرولین لیویٹ نے کہا کہ تل ابیب نے غزہ پر اپنے فضائی حملوں کے حوالے سے ٹرمپ انتظامیہ سے مشاورت کی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حماس، حوثی، ایران، اور کوئی بھی قوت جو اسرائیل اور امریکہ کو دہشت زدہ کرنا چاہتی ہے، اسے بھاری قیمت چکانا پڑے گی اور ان پر جہنم کے دروازے کھل جائیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

ڈیرہ غازی خان: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل قدسیہ ناز ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ کر رہی ہیں

حکومتی پارٹیوں کا قومی سلامتی پر گھریلو اجلاس قوم کے ساتھ مذاق ہے، لیاقت بلوچ

حکومت، اپوزیشن اور ریاستی اداروں کا مشترکہ قومی ایکشن پلان ناگزیر ہو چکا ہے، نائب امیر جماعت اسلامی کا بیان

صوبوں کی شکایات کے ازالے کے لیے مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس فوری طور پر طلب کیا جائے تاکہ صوبوں کے مسائل حل کیے جاسکیں

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومتی پارٹیوں کا قومی سلامتی پر گھریلو اجلاس قوم کے ساتھ مذاق ہے۔ لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ ملک کو درپیش چیلنجز کے حل کے لیے حکومت، اپوزیشن اور ریاستی اداروں کا مشترکہ قومی ایکشن پلان ناگزیر ہو چکا ہے۔ لیاقت بلوچ نے حکومت کو مشورہ دیا کہ صوبوں کی شکایات کے ازالے کے لیے مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس فوری طور پر طلب کیا جائے تاکہ صوبوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

سرگودھا: ضلع کونسل کالونی میں آپریشن کے دوران سرکاری اہلکار لوگوں کا سامان کھلے آسمان تلے پھینک رہے ہیں اور مشینری کے ذریعے املاک مسمار کی جارہی ہیں

سرکاری اہلکاروں نے رمضان کے مقدس مہینے کو بالائے طاق رکھتے ہوئے غریب عوام کے گھروں کو ان کے سامنے مسمار کر دیا

سرگودھا (سٹاف رپورٹر سے) سرکاری اہلکاروں نے رمضان کے مقدس مہینے کو بالائے طاق رکھتے ہوئے غریب عوام کے گھروں کو ان کے سامنے مسمار کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا ڈسٹرکٹ سٹاف کالونی کلب روڈ میں علی الصباح سرکاری اہلکار بھاری مشینری اور کرینوں سمیت داخل ہوئے اور بغیر کسی پیشگی اطلاع کے گھروں کا سامان اٹھا اٹھا کر باہر پھینکنا شروع کر دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں سرکاری احکامات ہیں کہ کسی کی کوئی بات نہ سنی جائے۔ متاثرین اپنی آنکھوں کے سامنے اپنا کل اثاثہ مسمار ہوتے دیکھتے رہے اور دہائیاں دیتے رہے لیکن ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ اب صورتحال یہ ہے کہ متاثرین کا کل سامان اور وہ خود مع خاندان کھلے آسمان تلے بیٹھے ہوئے ہیں۔

نوشہرہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے اے ایس آئی جاں بحق

پولیس افسر گاؤں سے ڈیوٹی کے لیے نوشہرہ کینٹ آرہے تھے' ملزمان فرار ہوگئے

نوشہرہ (این این آئی) نامعلوم افراد کی فائرنگ سے اے ایس آئی جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق نوشہرہ کے علاقے کلان میں خشکی روڈ پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے اے ایس آئی کو قتل کردیا اور فرار ہو گئے۔ پولیس افسر الیاس گاؤں سے ڈیوٹی کے لیے نوشہرہ کینٹ آرہے تھے کہ نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ادارے جائے وقوع پر پہنچے اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

وہاڑی: ڈپٹی کمشنر وہاڑی عمرانہ توقیر ترقیاتی کاموں کی رفتار کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

مجھے میری منزل مل گئی' خاتون نے 80 سالہ ریٹائرڈ ٹیچر سے شادی کرلی

والد کی شادی میں تمام بچوں نے پرجوش انداز میں شرکت کی اور ڈھول کی تھاپ پر خوب بھنگڑے بھی ڈالے

راجن پور (این این آئی) راجن پور سے تعلق رکھنے والے 80 سالہ بزرگ نے دوسری شادی کرلی۔ ریٹائرڈ ٹیچر اور ادیب میاں مظفر الدین نے اپنی 40 سالہ سیکرٹری سے دوسری شادی کی، والد کی شادی میں تمام بچوں نے پرجوش انداز میں شرکت کی اور ڈھول کی تھاپ پر خوب بھنگڑے بھی ڈالے۔ دلہن کا کہنا ہے بہت خوش ہوں، مجھے میری منزل مل گئی۔ ریٹائرڈ ٹیچر اور ادیب میاں مظفر الدین نے اپنی 40 سالہ سیکرٹری سے دوسری شادی کی، والد کی شادی میں تمام بچوں نے پرجوش انداز میں شرکت کی اور ڈھول کی تھاپ پر خوب بھنگڑے بھی ڈالے

فیصل آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 19 اشتہاریوں سمیت 89 ملزمان گرفتار کرلئے

ملکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 19 اشتہاریوں سمیت 89 ملزمان گرفتار کرلئے تفصیلات کے مطابق فیصل آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ضلع کے مختلف تھانوں کی حدود میں کی جانیوالی کارروائیوں کے دوران 19 اشتہاریوں سمیت 89 ملزمان گرفتار کرلئے، منشیات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

پی ٹی اے نے سوشل میڈیا کے صارفین کو غیر قانونی مواد اپ لوڈ اور شیئر کرنے سے روکنے کیلئے آگاہی مہم شروع کردی

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے سوشل میڈیا کے صارفین کو غیر قانونی مواد اپ لوڈ اور شیئر کرنے سے روکنے کیلئے آگاہی مہم شروع کردی، صارفین کو بذریعہ میسج خبردار کیا جارہا ہے کہ انٹرنیٹ یا سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر کوئی بھی ایسا مواد اپ لوڈ یا شیئر کرنا جو اسلام کی عظمت کے خلاف ہو، ایک غیر قانونی عمل ہونے کے ساتھ ساتھ تعزیری سزا کے نتائج کا حامل ہے، حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ آخری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور